ترجمہ و مفاہیم قرآن کریم

تعلیمی نصاب

جلد سوم

ادارۃ التنزیل

Presented By: https://jafrilibrary.com

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ھیں.

ترجمہ و مفاہیم قرآن کریم جلد سوم
(تعلیمی نصاب)

تالیف : سید ھادی محدث، حمید صفار ھرندی، ابوالفضل علامی

مترجم : محمد باقر رضا

تصحیح : سید علی عباس نقوی

ناشر : ادارہ التنزیل پاکستان

طبع : اوّل

سال طبع : ۱۷ ربیع الاول ۱۴۳۰ھ

تعداد : ۵۰۰۰

قیمت : [redacted]

برائے رابطہ :

دفتر ادارہ التنزیل

مکان H/283 لال کھوہ، اندرون موچی گیٹ،

اسلامک سی ڈی اینڈ بک سینٹر، دوکان نمبر 4، زینت ایونیو نزد، پاک محرم ہال، پرانی نمائش،

ہاؤس 299، سٹریٹ 76، جی نائن تھری،

فون: 042-7656654,0322-4148057

ای میل: Idaratanzil @ gmail.com

ویب سائٹ: www.altanzil.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

ترجمہ و مفاہیم قرآن کریم

تعلیمی نصاب

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

فہرست

سخنِ مقدم ۹

مقدمہ ۱۳

نواں حصہ: علم ومعرفت

تینتیسواں سبق: اللہ کا علم ۱۷

قرآن کی زبان: فعل ماضی استمراری (ماضی ناتمام) ۲۶

مفاہیم قرآن سے آشنائی ۲۸

چونتیسواں سبق: علم اور عالم کا مقام ۳۲

قرآن کی زبان: فعل مستقبل (آئندہ) ۴۱

مفاہیم قرآن سے آشنائی ۴۳

Presented By: https://jafrilibrary.com

پینتیسواں سبق: تفکر و تعقل ۴۷
قرآن کی زبان: فعل مضارع منفی ۵۶
مفاہیم قرآن سے آشنائی ۵۸
چھتیسواں سبق: آیات الٰہی میں غور و خوض ۶۲
قرآن کی زبان: فعل جحد (ماضی منفی) ۷۱
مفاہیم قرآن سے آشنائی ۷۳

دسواں حصہ: عبادات

سینتیسواں سبق: نماز اور روزہ ۷۹
قرآن کی زبان: فعل امر (۱) ۸۸
مفاہیم قرآن سے آشنائی ۹۰
اڑتیسواں سبق: زکات اور خمس ۹۴
قرآن کی زبان: فعل امر (۲) ۱۰۴
مفاہیم قرآن سے آشنائی ۱۰۶
انتالیسواں سبق: حج، جہاد اور قتال ۱۱۰
قرآن کی زبان: فعل امر (۳) ۱۱۹
مفاہیم قرآن سے آشنائی ۱۲۱
چالیسواں سبق: امر بالمعروف و نہی عن المنکر، تولّیٰ و تبرّیٰ ۱۲۶
قرآن کی زبان: فعل امر (۴) ۱۳۶
مفاہیم قرآن سے آشنائی ۱۳۷

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

گیارھواں حصہ: بندگی کا طور طریقہ

اکتالیسواں سبق ذکر ۱۴۳
قرآن کی زبان: فعل نہی ۱۵۱
مفاہیم قرآن سے آشنائی ۱۵۳
بیالیسواں سبق دعا ۱۵۷
قرآن کی زبان: مفید نکات (۱) ۱۶۵
مفاہیم قرآن سے آشنائی ۱۶۷
تینتالیسواں سبق استغفار اور مغفرت الٰہی ۱۷۱
قرآن کی زبان: مفید نکات (۲) ۱۸۰
مفاہیم قرآن سے آشنائی ۱۸۱
چوالیسواں سبق توبہ ۱۸۵
قرآن کی زبان: مفید نکات (۳) ۱۹۴
مفاہیم قرآن سے آشنائی ۱۹۶

بارھواں حصہ: اخلاق

پینتالیسواں سبق احسان اور محسنین ۲۰۳
قرآن کی زبان: اسم فاعل ۲۱۲
مفاہیم قرآن سے آشنائی ۲۱۴

Presented By: https://jafrilibrary.com

چھیالیسواں سبق: شکر اور شاکرین ۲۱۸
قرآن کی زبان: اسم مفعول ۲۲۷
مفاہیم قرآن سے آشنائی ۲۲۹
سینتالیسواں سبق: صبر اور صابرین ۲۳۳
قرآن کی زبان: اسم تفضیل ۲۴۲
مفاہیم قرآن سے آشنائی ۲۴۳
اڑتالیسواں سبق: اخلاقی بری صفات ۲۴۷
مفاہیم قرآن سے آشنائی ۲۵۶
فہرست الفاظ معنی ۲۶۰

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سخنِ مقدم

ترجمہ ومفاہیم قرآن نصاب کی تیسری جلد آپ کی خدمت میں حاضر ہے۔اس جلد کی اشاعت سے جدید وآسان طریقے سے قرآنی مفاہیم تک رسائی کی آزمودہ وسریع رفتار تکنیکی جلدوں کی اشاعت کا سلسلہ پایۂ تکمیل کو پہنچتا ہے۔ان تینوں جلدوں کا شوق سے مطالعہ کرنے والے اوراس کے سہل مطالب کواپنے دل ودماغ میں جگہ دینے والے طالبان قرآن کی رسائی 86 فیصد الفاظ قرآن تک ہو جاتی ہے۔ان اسباق ودروس میں شرکت سے جو اشتیاق پروان چڑھتا ہے اس کی مدد سے نہ صرف انسان دیگر 14 فیصد مطالب کی جستجو میں آگے بڑھتا ہے بلکہ اس کے لئے رفتہ رفتہ قرآن کے گہرے مطالب اور عمیق معارف کے حصول کی راہ بھی ہموار ہوتی چلی جاتی ہے۔

تاہم ہمارا ارادہ ہے کہ بتوفیق الٰہی ہم دورنگوں میں ایک قرآن حکیم کچھ اس انداز سے شائع کریں کہ جس میں ایک رنگ اُن 86 فیصد حروف وکلمات کی نشاندہی کررہا ہو جن کے معانی آپ ترجمہ ومفاہیم قرآن نصاب کے مطالعے سے سیکھ چکے ہیں جبکہ دوسرا رنگ دیگر 14 فیصد کلمات کی نشاندہی کرے۔اس مجوزہ قرآن حکیم کو الفاظ کے معانی کے ساتھ شائع کیا جائے گا۔اس طرح قرآنی کلمات کے ترجمہ ومعانی تک صد درصد رسائی آپ کے لئے ممکن ہو جائے گی۔

ہمارے لئے یہ امر کیف آور ہے کہ ۲۰۰۷ میں ہم نے جس کام کا آغاز اللہ کے بھروسے پر کیا وہ نہایت ثمر آور، مفید اور مقبول ثابت ہوا ہے۔پاکستان کے طول وعرض میں ترجمہ ومفاہیم قرآن کی تدریسی کلاسوں کا استقبال

Presented By: https://jafrilibrary.com

کیا گیا۔ ہر عمر و صنف کے طالبانِ قرآن نے وفور شوق سے ان کلاسوں اور تدریسی اجتماعات میں شرکت کی۔ دو سال کی مدت میں کرم ایجنسی سے لے کر کراچی تک، کشمیر سے کوئٹہ تک، شمالی علاقہ جات سے لے کر بلوچستان کی پہنائیوں تک دروس کے سلسلے منعقد ہوئے۔ جن طلبہ نے با قاعدہ کورس مکمل کیے ان کی تعداد پانچ ہزار سے متجاوز ہے۔ کلاسوں میں طلبہ وطالبات کا انہماک ہمیشہ دیدنی رہا جس نے خود معلمین پر بھی روحانی اثرات مرتب کیے۔ اکثر ہم نے دیکھا کہ آخری روز طلبہ کی آنکھیں چھلک رہی ہوتیں اور وہ اس خواہش کا اظہار کرتے کہ دروس کا سلسلہ کچھ اور جاری رہے۔ اس دوران میں ہماری توجہ رہی کہ ہمیں نہ فقط طلبہ وطالبات کو تدریس کرنا ہے بلکہ معلمین اور اساتذہ بھی تیار کرنا ہیں تاکہ قرآن شناسی کی اس تحریک کو زیادہ سے زیادہ آگے بڑھایا جا سکے۔ الحمدللہ اس سلسلے میں بھی ہمیں خاصی کامیابی حاصل ہوئی ہے۔

اس لئے ہم اس نتیجے پر پہنچے ہیں کہ جو بھی قرآن کو اس کی مہجوریت سے نکالنے کے لئے اٹھے گا اور قرآن کی فریاد کو پہنچے گا نصرت الٰہی اس کے ضرور شامل حال ہوگی۔ اس پر ہم اپنے پروردگار کے حضور عرض تشکر وامتنان کے ساتھ مزید توفیقات کے لئے خواستگار ہیں۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

قرآن کی طرف رغبت اور اس کی معرفت کا سفر کئی مرحلوں پر مشتمل ہے:

(۱) سب سے پہلے تو قرآن کی اہمیت وعظمت کا احساس پیدا ہونا ضروری ہے الحمدللہ مسلمانوں میں یہ احساس باقی ہے جسے مزید قوی کرنے اور کرتے رہنے کی ضرورت ہے۔

(۲) دوسرے مرحلے پر قرآن کی روخوانی اور اس کی درست تلاوت کی باری آتی ہے۔ قرآت وتجوید کے اصولوں کی ضرورت اسی مرحلے پر ہوتی ہے۔ عالم اسلام میں بالعموم اور پاکستان میں بالخصوص اس شعبے میں بہت کام ہوا ہے اور مسلسل جاری ہے۔ اس حوالے سے نہایت گراں قدر کتابیں شائع ہوئی ہیں۔ یہ تمام کام قابل قدر اور وقیع ہے۔

(۳) تیسرا مرحلہ قرآن کے مطالب ومفاہیم تک رسائی کا ہے۔ ہمیں یہ کہنے میں کوئی باک نہیں کہ قرآن دنیا کی وہ واحد کتاب ہے جس کے معانی جانے بغیر فقط تلاوت کرنے والا شخص دعویٰ کرتا ہے کہ اُس نے ''قرآن پڑھا ہوا ہے۔'' المیہ ہے کہ قرآن کا ترجمہ بھی نہ پڑھنے والا شخص آسانی سے یہ دعویٰ کر لیتا ہے۔ دنیا کی کسی کتاب کے بارے میں ایسی بات نہیں کہی جاتی۔ یہ کہا جاتا ہے کہ قرآن کا ایک حرف پڑھنے سے دس نیکیاں ملتی ہیں۔ اس طرح کی ساری باتیں قرآن حکیم کی طرف رغبت پیدا کرنے کے لئے نہایت اہم ہیں لیکن قرآن دعوت وپیغام کا حامل ہے، قرآن امر ونہی کی کتاب ہے، قرآن عبرت وآگاہی کا صحیفہ ہے، قرآن بصیرت وحکمت کا خزانہ ہے اور قرآن

Presented By: https://jafrilibrary.com

اللہ کی حجت بالغہ اور رسول کی صداقت کا معجزہ ہے۔ اس کے معانی تک رسائی کے بغیر کوئی شخص قرآن کے ان خزانوں کو مس نہیں کر سکتا۔

ہم سمجھتے ہیں کہ لوگوں میں تشنگی موجود ہے۔ ان میں تشنگی کا احساس پیدا کرنے اور پھر قرآن کے ساحلِ معرفت تک لانے میں مدد دینے کی ضرورت ہے۔

ہمیں اعتراف ہے کہ اس سلسلے میں دنیا بھر میں اور خاص طور پر پاکستان میں بہت سے ادارے اور افراد مصروف خدمت ہیں۔ ہم اُن کی زیادہ سے زیادہ کامیابی اور عنداللہ بہتر سے بہتر اجر کے لئے دعا گو ہیں۔ ہم نے بھی اس سلسلے میں اپنا حصہ ڈالنے اور اپنی مسئولیت ادا کرنے کا عزم کیا ہے اور اللہ ہی کے بھروسے پر اس میدان میں قدم رکھا ہے۔ تاہم اس کے لئے ہمارا خیال ہے کہ لوگوں کو سادہ اور آسان طریقے سے قرآن کے مطالب تک پہنچانے کی ضرورت ہے۔ علم صرف ونحو اور معانی و بیان کی تدریس زبان دانی کے لئے نہایت ضروری ہے لیکن ان علوم کی باریکیوں اور گردانوں سے عام لوگوں کو سروکار نہیں ہوتا۔ ہم نے روزمرہ تجربات، عوام کے مزاج اور ان کی سطح معرفت کو سامنے رکھتے ہوئے موجودہ طریقِ کار اختیار کیا ہے۔ استاد سید ہادی محدث اور اُن کے رفقا نے اس سلسلے میں جو کارنامہ انجام دیا ہے اُسے ہم نے بہت مفید پایا ہے۔ انہی کے سلسلۂ کتب کا ترجمہ کر کے "التنزیل" نے شائع کیا اور اُس کی روشنی میں تدریس کی تو اس کے تیز رفتار مثبت اثرات کا مشاہدہ کیا۔

ہمارے لئے یہ امر باعث انبساط ہے کہ بعض مدارس نے اس نصاب کو اپنے ہاں شامل کر لیا ہے۔ ہماری کوشش ہوگی کہ دینی مدارس کے علاوہ سرکاری وغیر سرکاری تعلیمی اداروں میں بھی اس نصاب کو متعارف کروائیں۔ اس سلسلے میں ابتدائی کام شروع ہو چکا ہے اور بعض تعلیمی اداروں نے اپنی ہم آہنگی کا اظہار بھی کیا ہے۔ ہمیں امید ہے کہ جہاں بھی اس کا تجربہ کیا جائے گا اس کی افادیت کا احساس ہوگا۔ البتہ اسے بہتر بنانے کی ہر تجویز کا ہم خیر مقدم کریں گے۔

ان کتب کا ترجمہ ہمارے دوست جناب محمد باقر رضا نے نہایت عرق ریزی سے کیا ہے، ہم ان کے اور دیگر تمام رفقا کے شکر گزار ہیں اور دنیا و آخرت میں ان کی کامیابیوں کے لئے دعا گو ہیں۔

چیئرمین
ادارہ التنزیل پاکستان
سید علی عباس نقوی

Presented By: https://jafrilibrary.com

مقدمہ

خوشخبری اور مبارکباد

محترم متعلمین قرآن!

جب آپ ''ترجمہ اور مفاہیم قرآن، تعلیمی نصاب'' کی پہلی جلد کا آغاز کر رہے تھے تو شاید یہ یقین نہ رکھتے ہوں گے کہ قرآن کی سادہ آیات کا ترجمہ سیکھنا اس کی قرائت کے سیکھنے سے بھی آسان ہوگا۔
لیکن اب آپ تیسری جلد مکمل کرنے کے بعد ۱۲۰۰ سے زیادہ قرآنی الفاظ کے معنی کو جان جائیں گے اور بہت سی قرآنی آیات اور عبارات کا ترجمہ کر سکیں گے۔

خوش آئند بات یہ ہے کہ درحقیقت ۱۲۰۰ سے زیادہ الفاظ یاد کرنے کے نتیجہ میں ۶۷۰۰۰ قرآن کے کلمات کے معنی جانتے ہیں۔ اس لیے کہ ان ۱۴۸ اسباق کے بہت سے کلمات، قرآن کریم میں تکرار ہوتے ہیں۔
دوسرے لفظوں میں آپ اللہ تعالی کی عنایت ولطف کے ساتھ آپ ۸۶ فیصد سے زیادہ قرآنی کلمات کا معنی آسانی سے کر سکتے ہیں۔ لیکن اس کا ہرگز مطلب یہ نہیں ہے کہ اسی تناسب سے قرآنی آیات کا ترجمہ بھی کر سکیں گے کیونکہ تمام قرآنی آیات کا ترجمہ کرنے کے لیے، الفاظ کے معنی جاننے کے علاوہ، دیگر صلاحیتوں کا حصول بھی ضروری ہیں۔ ہمیں امید ہے کہ آئندہ سب صلاحیتوں کو حاصل کر لیں گے۔
ہم اس عظیم کامیابی وکامرانی متعلمین قرآن کو مبارک باد کہتے ہیں۔
یہ قدم بعد والے مراحل کے لیے مبارک آغاز ہے۔ لہٰذا پہلے سے زیادہ اعتماد، استقامت اور کئی گنا زیادہ شوق

Presented By: https://jafrilibrary.com

کے ساتھ ایک نئے سفر کے لیے تیار ہو جائیں۔اس سلسلہ میں ہم ایسے قرآن کی اشاعت کر رہے ہیں جس میں درج ذیل حاشیے ہوں گے۔

الف: اس قرآن کریم کے آخر میں ان الفاظ کی مکمل فہرست ہے جو اس نصاب میں الگ الگ موجود ہے۔

ب : ہر صفحہ کے نئے الفاظ کا ترجمہ اُسی صفحے کے حاشیہ میں آیا ہے۔

ج : بعض وہ آیات کہ جن کا اردو تحت اللفظی ترجمہ کرنا مشکل ہے ان کا محاورتاً اور مفہومی ترجمہ اسی صفحہ کے ذیل میں کر دیا گیا ہے۔

د : بعض آیات کے اہم معارف اور مفاہیم نیز صفحہ کے آخر میں بیان کئے گئے ہیں۔

والسلام

مؤلفین

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

نواں حصه

علم و معرفت

- تینتیسواں سبق: اللہ کا علم
- چونتیسواں سبق: علم اور عالم کا مقام
- پینتیسواں سبق: تفکر و تعقل
- چھتیسواں سبق: آیات الٰہی میں غور و خوض

Presented By: https://jafrilibrary.com
Presented By: https://jafrilibrary.com

تینتیسواں سبق

اللہ کا علم

محترم متعلّمین قرآن!

مندرجہ ذیل آیتوں کو ایک بار غور سے پڑھئے :

۱. وَعَسٰۤی اَنْ تُحِبُّوْا شَیْـًٔا وَّهُوَ شَرٌّ لَّكُمْ ؕ وَاللّٰهُ یَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ

....(بقرہ/۲۱۶)

....

۲. یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ

... وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ

....(بقرہ/۲۵۵)

....

۳. وَیَعْلَمُ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ

....(آل عمران/۲۹)

....

۴. هُمْ لِلْكُفْرِ ﴿۱﴾ یَوْمَئِذٍ اَقْرَبُ مِنْهُمْ لِلْاِیْمَانِ ۚ یَقُوْلُوْنَ بِاَفْوَاهِهِمْ مَّا لَیْسَ

فِیْ قُلُوْبِهِمْ ؕ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا یَكْتُمُوْنَ

....(آل عمران/۱۶۷)

....

۱﴿ ''لِلْكُفْرِ'' میں ''لِ'' کا ترجمہ ''میں'' کیجئے۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

۵. وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ ۚ ... ذٰلِكَ الْفَضْلُ مِنَ اللّٰهِ ۭ وَكَفٰى بِاللّٰهِ ﴿۱﴾ عَلِيْمًا

....(نساء/ ۶۹-۷۰)

....

۶. وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَ ۭ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ۭ

....(انعام/ ۵۹)

....

۷. اَلَآ اِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ قَدْ يَعْلَمُ مَآ اَنْتُمْ عَلَيْهِ ... وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ

....(نور/ ۶۴)

....

۸. وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَلِيْمًا

....(احزاب/ ۵۱)

....

۹. اِنَّ اللّٰهَ عٰلِمُ غَيْبِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ

....(فاطر/ ۳۸)

....

۱۰. هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ ۚ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ

....(حدید/ ۳)

....

﴿۱﴾ "باللہ" کے ترجمے میں "کا" کا ترجمہ نہیں کیا جائے گا

Presented By: https://jafrilibrary.com

مانوس الفاظ اور نئے الفاظ

مانوس اور نئے الفاظ کو پڑھیے اور انہیں ذہن نشین کر لیجئے پھر الفاظ اور ان کے معانی کو ایک دوسرے سے پوچھئے نیز مباحثہ (Group Discussion) کریں۔

مانوس الفاظ	معنی	مانوس الفاظ	معنی
اَوَّل	اول، پہلا	شُهَدَاء	گواہ (شہید کی جمع)
بَاطِن	باطن، پوشیدہ، اندرون	ظَاهِر	ظاہر، واضح
بَحْر	سمندر	عِلْم	علم، دانائی، جاننا
تَعْلَمُونَ [تَعْلَمُ ۳۲/۸] ﴿۱﴾	تم سب جانتے ہو	سِرّ	راز، چھپا ہوا
ذَات	ذات، صاحب	سُنَّة	سنت، طریقہ، رسم
أَسْمَاء	اسماء، نام (جمع)	مَجْنُون	مجنون، دیوانہ
سَعْي	کوشش	كُفْرَان	ناشکری، انکار

نئے الفاظ	معنی	نئے الفاظ	معنی
صِدِّيقِينَ	نہایت سچے لوگ (صِدّیق کی جمع)	تُحِبُّوا (تُحِبُّونَ)	تم سب دوست رکھو (تم سب دوست رکھتے ہو)
أَعْلَم	سب سے زیادہ جاننے والا	عَسَىٰ	قریب ہے، ممکن ہے، امید ہے
أَنْعَم	اس نے نعمت دی	كَفَىٰ	وہ کافی ہے، کافی تھا
أَيْدِي	ہاتھ (ید کی جمع)	لَا يُحِيطُونَ	وہ سب احاطہ نہیں کرتے، وہ سب حاوی نہیں ہوتے
حَلِيم	حلیم، بُردبار، برداشت کرنے والا	صُدُور	سینے (صدر کی جمع)
أَفْوَاه	منہ (فم کی جمع)	مَفَاتِح	کنجیاں، چابیاں (مِفتَح کی جمع)

﴿۱﴾۔ اس طرح کے بریکٹ میں آئے ہوئے الفاظ اس سے پہلے آچکے ہیں۔ اس میں لکھا ہوا پہلا عدد کتاب کے حصہ سے متعلق ہے اور دوسرا عدد سبق کے نمبر کی تشخیص کے لئے ہے۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

مانوس الفاظ	معنی	نئے الفاظ	معنی
بَرّ	خشکی	خَلَف	پیچھے، پشت، بعد
شَاءَ	اس نے چاہا	یُطِع [یُطِیع]	وہ اطاعت کرے (وہ اطاعت کرتا ہے)
یَکْتُمُونَ	وہ سب چھپاتے ہیں	عَلَّمَ	اس نے سکھایا، اس نے تعلیم دی

توجہ

"هُمْ لِلْكُفْرِ يَوْمَئِذٍ أَقْرَبُ مِنْهُمْ لِلْإِيمَانِ" کا ترجمہ کرتے وقت "مِنْهُمْ" کا ترجمہ نہ کریں اور "لِلْإِيمَانِ" میں "لِ" کا ترجمہ "بنسبت" کریں۔

مشق و سوالات

مشق نمبر(۱) صحیح جواب پر نشان لگائیے

الف: کونسا جزء صحیح ھے؟

۱. تَعْلَمُونَ ـ تُحِبُّونَ ـ يَكْتُمُونَ :

الف: وہ سب جانتے ہیں — وہ سب دوست رکھتے ہیں — وہ سب چھپاتے ہیں ☐

ب: تم سب جانتے ہو — تم سب دوست رکھتے ہو — وہ سب چھپاتے ہیں ☐

۲. أَفْوَاه ـ أَيْدِي ـ مَفَاتِح :

الف: منہ (جمع) — ہاتھ (جمع) — کنجی ☐

ب: منہ (جمع) — ہاتھ (جمع) — کنجیاں ☐

۳. شَاءَ ـ أَنْعَمَ ـ كَفَى :

الف: اس نے چاہا — اس نے نعمت دی — وہ کافی ہے ☐

ب: اس نے چاہا — نعمتیں — وہ کافی تھا ☐

Presented By: https://jafrilibrary.com

۴. بَرّ۔ خَلْف۔ عَسَیٰ:

الف: سمندر	پیچھے	قریب ہے	❑
ب: خشکی	پیچھے	قریب ہے	❑

۵. أَعْلَم ۔ صُدُور ۔ ذَات:

الف: سب سے زیادہ جاننے والا	سینے	ذات (صاحب)	❑
ب: اس نے جانا	سینہ	والا	❑

ب: کونسا جزء صحیح هے؟

۱۔ تم سب دوست رکھو – وہ اطاعت کرتا ہے:

الف: يُحِبُّوا ۔ تُطِعُ ❑ ب: تُحِبُّونَ ۔ يُطِيعُ ❑

۲۔ سمندر – خشکی:

الف: بَحْر ۔ بَرّ ❑ ب: بَرّ ۔ بَحْر ❑

۳۔ اس نے نعمت دی – منہ (جمع):

الف: أَنْعَمَ ۔ أَيْدِی ❑ ب: أَنْعَمَ ۔ أَفْوَاه ❑

۴۔ پیچھے – سینے:

الف: خَلْف ۔ مَفَاتِح ❑ ب: خَلْفَ ۔ صُدُور ❑

۵۔ وہ اطاعت کرے – تم سب دوست رکھو:

الف: يُطِع ۔ تُحِبُّوا ❑ ب: يُطِيعُ ۔ يُحِيطُونَ ❑

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

مشق نمبر(۲)

الف: عبارت کے صحیح ترجمہ پر نشان لگائیے:

۱. وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَآ﴿۱﴾ اِلَّا هُوَ

الف: اور اس کے پاس ہیں غیب کی کنجیاں، ان کو نہیں جانتا مگر وہ (خود) ☐

ب: اور خدا کے پاس ہیں غیب کے خزانوں کی کنجیاں، ان کو نہیں جانتا مگر خدا ☐

۲. وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ

الف: ان سب نے خدا کے علم کا احاطہ حاصل نہیں کیا، مگر جسے وہ چاہے ☐

ب: اور وہ سب احاطہ نہیں رکھتے ہیں اس کے علم میں سے کسی چیز کا، مگر جس کے بارے میں اس نے چاہا ☐

۳. اِنَّ اللّٰهَ عٰلِمُ غَيْبِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

الف: یقیناً اللہ آسمان اور زمین کے غیب کا علم رکھتا ہے ☐

ب: یقیناً اللہ جاننے والا ہے آسمانوں اور زمین کے غیب کا ☐

۴. وَعَسٰٓى اَنْ تُحِبُّوْا شَيْئًا وَّ﴿۲﴾ هُوَ شَرٌّ لَّكُمْ

الف: اور ممکن ہے کہ تم سب کسی چیز کو دوست رکھو اور وہ بری ہو تمہارے لئے ☐

ب: اور ممکن ہے کہ کسی چیز کو اچھا سمجھو جبکہ وہ بری ہو ☐

۵. هُمْ لِلْكُفْرِ يَوْمَئِذٍ اَقْرَبُ مِنْهُمْ لِلْاِيْمَانِ

الف: وہ سب اس دن کفر سے زیادہ قریب تھے ان میں سے اپنے ایمان کے لئے ☐

ب: وہ سب اس دن کفر سے زیادہ قریب تھے ایمان کی بنسبت ☐

﴿۱﴾ "ھا" دراصل واحد مؤنث کے لئے ہے لیکن بعض جگہ پر جہاں جمع مکسر کی طرف پلٹے تو اس کا ترجمہ جمع کا ہوتا ہے۔ یہ مورد بھی ایسا ہی مورد ہے۔

﴿۲﴾ "واو" یہاں پر حالیہ ہے اس کا ترجمہ "درحالیکہ" بھی کیا سکتا ہے۔ اس کے علاوہ خود "اور" بھی اس کے ترجمہ کے طور پر منتخب کیا جا سکتا ہے، کیونکہ اردو میں بھی لفظ "اور" حالیہ کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

ب: کونسا جزء صحیح ھے؟

۱۔ اور اللہ سب سے زیادہ جانتا ہے جسے وہ سب چھپاتے ہیں:

الف: إِنَّهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ ☐

ب: وَ اللّٰهُ أَعْلَمُ بِمَا يَكْتُمُونَ ☐

۲۔ آگاہ ہو جاؤ! یقیناً اللہ کے لئے ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے:

الف: إِنَّ اللّٰهَ عَالِمُ غَيْبِ السَّمٰوٰتِ وَ الْأَرْضِ ☐

ب: أَلَآ إِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ الْأَرْضِ ☐

۳۔ اور وہ ہر چیز کے بارے میں جاننے والا ہے:

الف: وَ هُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ ☐

ب: وَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمُ ☐

۴۔ اور اللہ جانتا ہے جو دلوں میں ہے تم سب کے:

الف: يَعْلَمُ مَا بَيْنَ أَيْدِيهِمْ ☐

ب: وَ اللّٰهُ يَعْلَمُ مَا فِي قُلُوبِكُمْ ☐

۵۔ بتحقیق وہ جانتا ہے تم سب ہو جس پر:

الف: قَدْ يَعْلَمُ مَا أَنْتُمْ عَلَيْهِ ☐

ب: إِنَّهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ ☐

Presented By: https://jafrilibrary.com

مشق نمبر(۳) مندرجہ ذیل عبارتوں کا ترجمہ کیجئے :

نمبر شمار	عبارت	ترجمہ
۱	وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ	
۲	يَعْلَمُ مَا فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ	
۳	يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ	
۴	وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖ	
۵	وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ	
۶	هُمْ لِلْكُفْرِ يَوْمَئِذٍ اَقْرَبُ	
۷	يَقُوْلُوْنَ بِاَفْوَاهِهِمْ مَّا لَيْسَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ	
۸	وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا يَكْتُمُوْنَ	
۹	وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ	
۱۰	فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ	
۱۱	ذٰلِكَ الْفَضْلُ مِنَ اللّٰهِ	
۱۲	وَكَفٰى بِاللّٰهِ عَلِيْمًا	

Presented By: https://jafrilibrary.com

مشق نمبر(٤) دیئے ہوئے آیتوں کے ترجمہ کو مد نظر رکھتے ہوئے خالی جگھوں کو پُر کیجئے :

۱۔ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ

وہ.......... جوان سب کے.......اور جوان سب کے..........اور وہ سب.......... نہیں رکھتے اس کے علم میں سے کسی..........کا، مگر جس کے بارے میں.......... ۔

۲۔ اَلَآ اِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ قَدْ يَعْلَمُ مَآ اَنْتُمْ عَلَيْهِ ۭ

......ہوجاؤ!........اللہ کے لئے ہے جو..........اور زمین میں ہے ....وہ جانتا ہے تم سب ہو جس.......... ۔

۳۔ يَقُوْلُوْنَ بِاَفْوَاهِهِمْ مَّا لَيْسَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ ۭ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا يَكْتُمُوْنَ

وہ سب کہتے ہیں اپنے.......... سے جوان کے.......... میں نہیں ہے اور اللہ سب سے .... جانتا ہے جسے وہ سب.......... ہیں۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

۴۔ وَمَن يُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ

اور جو ______ کریں اللہ اور ....کی تو وہ سب ان لوگوں کے ساتھ ہیں جن پر اللہ نے ....۔

۵۔ ذٰلِكَ الْفَضْلُ مِنَ اللّٰهِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ عَلِيْمًا

______ فضل ہے اللہ کی ....اور کافی ہے اللہ ....۔

مشق نمبر(۵) سبق کے شروع میں دی گئی قرآنی دس عبارتوں کو ایک بار غور سے پڑھیے اور پھر لفظ بلفظ ترجمہ کیجئے۔

تقویتی مشق

درج ذیل آیتوں کا ترجمہ کیجئے:

۱۔ وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ كُلَّهَا

....(بقرہ/ ۳۱)

۲۔ قَالُوْا نَعْبُدُ اِلٰهَكَ وَ اِلٰهَ اٰبَآئِكَ اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚ وَّنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ

....(بقرہ/ ۱۳۳)

۳۔ فَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ وَ ﴿۱﴾هُوَ مُؤْمِنٌ فَلَا كُفْرَانَ لِسَعْيِهٖ ۚ

....(انبیاء/ ۹۴)

۴۔ قُلْ اَنْزَلَهُ الَّذِيْ يَعْلَمُ السِّرَّ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ

....(فرقان/ ٦)

۵۔ فَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّتِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا

....(فاطر/ ۴۳)

٦۔ وَ يَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ... وَ ﴿۲﴾مَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ

....(قلم/ ۵۱-۵۲)

﴿۱﴾﴿۲﴾ یہاں پر "واؤ" حالیہ ہے۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

قرآن کی زبان

فعل ماضی استمراری (ماضی ناتمام)

نیچے دیئے ہوئے افعال کو ان کے معانی پر توجہ دیتے ہوئے ملاحظہ کیجئے:

دوسرا گروہ	پہلا گروہ
كَانَ يَعْبُدُ: وہ عبادت کرتا تھا	يَعْبُدُ: وہ عبادت کرتا ہے
كَانُوا يَعْقِلُونَ: وہ سب سوچتے تھے	يَعْقِلُونَ: وہ سب سوچتے ہیں
كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ: تم سب انجام دیتے تھے	تَعْمَلُونَ: تم سب انجام دیتے ہو

پہلے گروہ میں افعال مضارع ہیں اور دوسرے گروہ میں ماضی استمراری کے افعال ہیں۔ اردو میں ماضی استمراری کی تعریف کے لئے چند مثالیں پیش کرنا ضروری ہیں:

میں جاتا تھا - تم پڑھتے تھے - تم سب کھیلتے تھے

یہ افعال درحقیقت گزشتہ زمانے میں "جانے، پڑھنے، کھیلنے" کے مسلسل اور مستمر طور پر انجام پانے کے اوپر دلالت کر رہے ہیں۔ اسی وجہ سے انھیں "ماضی استمراری" کہتے ہیں۔ دوسری طرف ان سے ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے "جانے، پڑھنے، کھیلنے" کا کام تمام نہ ہوا ہو اور اسی وجہ سے اسے "ماضی ناتمام" بھی کہتے ہیں۔

ماضی استمراری کو سمجھنے کے بعد عربی میں اس کے بنانے کے قاعدہ کو بیان کیا جا رہا ہے۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

ماضی استمراری بنانے کا قاعدہ

فعل ماضی "کانَ" + فعل مضارع = ماضی استمراری

کَانَ + یَعْبُدُ = کانَ یَعْبُدُ   کَانَ + یُرِیدُ= کانَ یُرِیدُ

اهم نکته: اس فعل کو بنانے کے لئے ضروری ہے کہ فعل "کان" اور فعل مضارع کا صیغہ اور اس کی ساخت ایک طرح کی ہو۔ گزشتہ مثال میں "کان" بھی "واحد مذکر غائب" کا صیغہ اور "یَعْبُدُ" بھی "واحد مذکر غائب" کا صیغہ ہے۔ ان کے درمیان صرف فعل کے زمانے کا فرق ہے کیونکہ "کان" ماضی ہے اور "یَعْبُدُ" مضارع ہے۔

دوسری مثال: کَانُوا + یَعْقِلُونَ = کَانُوا یَعْقِلُونَ

آپ نے ملاحظہ فرمایا کہ "کَانُوا" بھی جمع مذکر غائب ہے اور "یَعْقِلُونَ" بھی۔

مشق: ماضی استمراری بنانے کے قاعدہ کو نظر میں رکھ کر اور "کانَ ۔ کَانُوا ۔ کُنْتُمْ" میں سے کسی کا اضافہ کر کے ذیل کے نقشہ کو پر کریں۔

ماضی	مضارع	ماضی استمراری
کَذَّبْتُمْ: تم سب نے جھٹلایا	تُکَذِّبُونَ:	کُنْتُمْ تُکَذِّبُونَ: تم سب جھٹلاتے تھے
کَتَمْتُمْ: تم سب نے چھپایا	تَکْتُمُونَ:	..............:..............
ظَلَمُوا: تم سب نے ظلم کیا	یَظْلِمُونَ:	..............:..............
صَنَعَ: اس نے بنایا	یَصْنَعُ:	..............:..............
أَرَادَ: اس نے ارادہ کیا	یُرِیدُ:	..............:..............
کَفَرُوا: تم سب نے کفر اختیار کیا	یَکْفُرُونَ:	..............:..............
اِسْتَهْزَئُوا: تم سب نے مذاق اڑایا	یَسْتَهْزِئُونَ:	..............:..............
فَسَقُوا: تم سب نے نافرمانی کی	یَفْسُقُونَ:	..............:..............

Presented By: https://jafrilibrary.com

مفاہیم قرآن سے آشنائی

اللہ کا علم

پہلی کتاب کے دوسرے اور تیسرے سبق میں آپ کسی حد تک مہربان اللہ کی صفات سے آشنا ہوئے تھے۔اس سبق میں اللہ کی ایک اہم صفت یعنی علم سے متعلق آیات کا انتخاب کیا گیا ہے۔

اللہ کے علم کی حد

قرآن کی بعض آیتوں میں آیا ہے کہ اللہ کا بے نہایت علم کائنات کے تمام موجودات کو اپنے احاطے میں لئے ہوئے ہے: ''وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ''۔ایک اور آیت میں کچھ واضح طور سے بیان ہوا ہے کہ جو ہمارے علم کے دائرے سے باہر ہے اس کی کنجیاں اللہ کے پاس ہیں اور جو بھی خشکی اور دریا میں ہے اسے اللہ جانتا ہے: '' وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَ ۭ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ۭ '' یا '' اِنَّ اللّٰهَ عٰلِمُ غَيْبِ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ''

سورہ آل عمران کی ۲۹ ویں آیت میں آسمانوں اور زمین کے تمام موجودات کے سلسلہ میں اللہ کے علم کو واضح انداز میں بیان کیا گیا ہے: '' وَيَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ '' شاید کچھ کمزور ایمان لوگوں کے لئے یہ بات انہونی ہو کہ خدائے علیم و حکیم ایک ایک انسان کے دل کا حال جانتا ہے لیکن قرآن کی بعض آیتوں میں اس حقیقت کو عیاں کیا گیا ہے: ''اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ''، ''وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَلِيْمًا ''، '' يَقُوْلُوْنَ بِاَفْوَاهِهِمْ مَّا لَيْسَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ ۭ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا يَكْتُمُوْنَ ''

خدائے علیم اور کائنات کی تدبیر

واضح باتوں میں سے ایک یہ بھی ہے کہ انسان کو چاہئے کہ اپنے مسائل کی باگ ڈور کسی واقف کار کے ہاتھ میں دے۔کائنات کے قوانین، سب سے زیادہ علم رکھنے والی ہستی یعنی خدائے متعال کی طرف سے بنائے گئے ہیں۔وہ اپنی تدبیر کے ذریعہ بہترین طریقہ سے کائنات کو چلاتا ہے۔اسی طرح اس نے انسانوں کی سعادت کے لئے

Presented By: https://jafrilibrary.com

بہترین قوانین کو پیغمبروں کے ذریعہ بھیجا ہے۔ البتہ کبھی ایسا ہوتا ہے کہ الٰہی قوانین اگر انسان کے خواہشات یا انسان کی محدود عقل کے مطابق نہیں ہوتے تو انسان ان کے صحیح ہونے میں شک کرنے لگتا ہے۔ لیکن خدائے علیم اس کے جواب میں کہتا ہے کہ ''ممکن ہے کہ کوئی چیز تمہیں پسند نہ ہو لیکن وہ تمہارے فائدے میں ہو یا ممکن ہے کہ کوئی چیز تمہیں پسند ہو جبکہ وہ تمہارے لئے نقصان دہ ہو اور صرف خدا تمہارے نفع و نقصان کے بارے میں جانتا ہے:

'' وَعَسَىٰ أَنْ تَكْرَهُوا شَيْئًا وَهُوَ خَيْرٌ لَكُمْ وَعَسَىٰ أَنْ تُحِبُّوا شَيْئًا وَهُوَ شَرٌّ لَكُمْ ۗ وَاللَّهُ يَعْلَمُ وَأَنْتُمْ لَا تَعْلَمُونَ''

خاص بندوں کی، علم خدا تک دسترسی

مناسب ہے کہ آپ اس بات سے بھی واقف ہو جائیں کہ جو بندے اللہ کے علم تک دسترسی کی اہلیت ولیاقت رکھتے ہیں خدا انھیں علمی احاطہ عنایت کرتا ہے۔ انبیاء علیہم السلام ان بندوں میں سے ہیں جو اللہ کی طرف سے اس عنایت کے مستحق قرار پائے ہیں۔ اس الٰہی موہبت کے بالاترین مصادیق ہمارے آخری نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کے اہلبیت علیہم السلام ہیں: '' يَعْلَمُ مَا بَيْنَ أَيْدِيهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۖ وَلَا يُحِيطُونَ بِشَيْءٍ مِنْ عِلْمِهِ إِلَّا بِمَا شَاءَ...''

یاد دھانی

''اختیاری مشقوں'' میں مانوس الفاظ کے نیچے ایک لائن کھینچی گئی ہے۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

اختیاری مشق

امید ہے کہ قرآن کریم کے پیغامات کو سمجھنے کا شوق رکھنے والے حضرات اپنی معلومات میں اضافہ کے لئے اس مشق کو بھی دقت اور محنت سے انجام دیں گے۔

قرآنی آیتیں اور عبارتیں	نئے الفاظ
۱. اَوَلَا یَعۡلَمُوۡنَ اَنَّ اللّٰہَ یَعۡلَمُ مَا یُسِرُّوۡنَ وَمَا یُعۡلِنُوۡنَ ....(بقرہ/۷۷)	یُسِرُّونَ: وہ سب چھپاتے ہیں یُعْلِنُونَ: وہ سب ظاہر کرتے ہیں
۲. وَاعۡلَمُوۡۤا اَنَّ اللّٰہَ یَعۡلَمُ مَا فِیۡۤ اَنۡفُسِکُمۡ فَاحۡذَرُوۡہُ ۚ وَاعۡلَمُوۡۤا اَنَّ اللّٰہَ غَفُوۡرٌ حَلِیۡمٌ ....(بقرہ/۲۳۵)	اِحْذَرُوا: تم سب ڈرو، تم سب ہوشیار رہو
۳. قُلۡ اِنۡ تُخۡفُوۡا مَا فِیۡ صُدُوۡرِکُمۡ اَوۡ تُبۡدُوۡہُ یَعۡلَمۡہُ اللّٰہُ ؕ وَیَعۡلَمُ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الۡاَرۡضِ ؕ وَاللّٰہُ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ ....(آل عمران/۲۹)	تُخْفُوا: تم سب چھپاؤ تُبْدُوا[تُبْدُون]: تم سب ظاہر کرو
۴. وَہُوَ اللّٰہُ فِی السَّمٰوٰتِ وَفِی الۡاَرۡضِ ؕ یَعۡلَمُ سِرَّکُمۡ وَجَہۡرَکُمۡ وَیَعۡلَمُ مَا تَکۡسِبُوۡنَ ....(انعام/۳)	جَهْر: ظاہر تَکْسِبُونَ: تم سب حاصل کرتے ہو

Presented By: https://jafrilibrary.com

نئے الفاظ	قرآنی آیتیں اور عبارتیں
أَيَّانَ: کب، کس وقت يُبْعَثُونَ: وہ سب اٹھائے جائیں گے	۵۔ قُلْ لَّا يَعْلَمُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الْغَيْبَ اِلَّا اللّٰهُ ۭ وَمَا يَشْعُرُوْنَ اَيَّانَ يُبْعَثُوْنَ ....نمل/ ۶۵)
لَيَعْلَمَنَّ: حتماً تم پہچانتے ہو	۶۔ اَوَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَعْلَمَ (۱) بِمَا فِيْ صُدُوْرِ الْعٰلَمِيْنَ ۝ وَلَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَيَعْلَمَنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ ....(عنکبوت/ ۱۰-۱۱)
تَنْهٰى: وہ روکتی ہے تَصْنَعُوْنَ: تم سب انجام دیتے ہو، تم سب بناتے ہو	۷۔ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ ۭ اِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَاۗءِ وَالْمُنْكَرِ ۭ وَلَذِكْرُ اللّٰهِ اَكْبَرُ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَصْنَعُوْنَ ....(عنکبوت/ ۴۵)
خَائِنَةَ الْأَعْيُنِ: آنکھوں کا خائن خیانتکار آنکھیں تُخْفِي: وہ چھپاتا ہے (چھپاتی ہے)	۸۔ يَعْلَمُ خَاۗىِٕنَةَ الْاَعْيُنِ وَمَا تُخْفِي الصُّدُوْرُ .... (مؤمن/ ۱۹)
لَطِيفُ: باریک بین، لطف و کرم والا	۹۔ اَلَا (۲) يَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ ۭ وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ .... (ملک/ ۱۴)

(۱) "بِاَعْلَمَ" کو بغیر "بـ" کے ترجمہ کریں۔
(۲) اَلَا: اَ + لَا (حرف نفی)

Presented By: https://jafrilibrary.com

چونتیسواں سبق

علم اور عالم کا مرتبہ

محترم متعلّمین قرآن!

نیچے لکھی ہوئی قرآن کی آیتوں کو ایک بار غور سے پڑھیے۔

١. كَمَآ اَرۡسَلۡنَا فِيۡكُمۡ رَسُوۡلًا مِّنۡكُمۡ يَتۡلُوۡا عَلَيۡكُمۡ اٰيٰتِنَا وَ يُزَكِّيۡكُمۡ وَيُعَلِّمُكُمُ الۡكِتٰبَ وَ الۡحِكۡمَةَ

....

....(بقرہ/١٥١)

٢. نَرۡفَعُ دَرَجٰتٍ مَّنۡ نَّشَآءُ ؕ وَ فَوۡقَ كُلِّ ذِىۡ عِلۡمٍ عَلِيۡمٌ

....

....(یوسف/٧٦)

٣. اَفَمَنۡ يَّعۡلَمُ اَنَّمَآ اُنۡزِلَ اِلَيۡكَ مِنۡ رَّبِّكَ الۡحَـقُّ كَمَنۡ هُوَ اَعۡمٰى ؕ اِنَّمَا يَتَذَكَّرُ اُولُوا الۡاَلۡبَابِ

....

....(رعد/١٩)

۴. وَ يَسۡـــَٔلُوۡنَكَ عَنِ الرُّوۡحِ ؕ قُلِ الرُّوۡحُ مِنۡ اَمۡرِ رَبِّىۡ وَمَاۤ اُوۡتِيۡتُمۡ مِّنَ الۡعِلۡمِ اِلَّا قَلِيۡلًا

....

....(بنی اسرائیل/٨٥)

Presented By: https://jafrilibrary.com

۵۔ يَعۡلَمُوۡنَ ظَاهِرًا مِّنَ الۡحَيٰوةِ الدُّنۡيَا ۖ وَهُمۡ عَنِ الۡاٰخِرَةِ هُمۡ غٰفِلُوۡنَ

....

....(روم/۷)

۶۔ وَيَرَى[1] الَّذِيۡنَ اُوۡتُوا الۡعِلۡمَ الَّذِيۡۤ اُنۡزِلَ اِلَيۡكَ مِنۡ رَّبِّكَ هُوَ الۡحَقَّ ۙ وَيَهۡدِيۡۤ اِلٰى صِرَاطِ الۡعَزِيۡزِ الۡحَمِيۡدِ

....

....(سبا/۶)

۷۔ اِنَّمَا يَخۡشَى اللّٰهَ مِنۡ عِبَادِهِ الۡعُلَمٰٓؤُا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيۡزٌ غَفُوۡرٌ

....

....(فاطر/۲۸)

۸۔ قُلۡ هَلۡ يَسۡتَوِى الَّذِيۡنَ يَعۡلَمُوۡنَ وَالَّذِيۡنَ لَا يَعۡلَمُوۡنَ ؕ اِنَّمَا يَتَذَكَّرُ اُولُوا الۡاَلۡبَابِ

....

....(زمر/۹)

۹۔ يَرۡفَعِ اللّٰهُ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا مِنۡكُمۡ ۙ وَالَّذِيۡنَ اُوۡتُوا الۡعِلۡمَ دَرَجٰتٍ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ خَبِيۡرٌ

....

....(مجادلہ/۱۱)

۱۰۔ اَلَّذِىۡ عَلَّمَ بِالۡقَلَمِ ۞ عَلَّمَ الۡاِنۡسَانَ مَا لَمۡ يَعۡلَمۡ[2]

....

....(علق/۴-۵)

---

[1] "وَ یَرَی الَّذِین" اور "یَسْتَوِی الَّذِین" کی طرح کی ترکیبیں جس میں فاعل "الذین" ہے ان میں فعل کا ترجمہ جمع کا کریں۔

[2] یَعْلَمُ = وہ جانتا ہے، لَمْ یعلمْ = اس نے نہیں جانا۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

مانوس الفاظ اور نئے الفاظ

مانوس اور نئے الفاظ کو پڑھیے اور انھیں ذہن نشین کر لیجئے۔

مانوس الفاظ	معنی	مانوس الفاظ	معنی
رُوح	روح	أَعْبُدُ [نَعْبُدُ ۱/۴]	میں عبادت کرتا ہوں
عُلَمَاء	علماء، جاننے والے (جمع)	مُخْلَصِين [مُخْلَص کی جمع]	خالص شدہ، بغیر کسی ملاوٹ کے، اصلی
قَلَم	قلم		
سَاحِر	ساحر، جادوگر	شَكّ	شک، شبہہ
صَابِرِين - صَابِرُونَ	صبر کرنے والے (صابر کی جمع)	صَبْر	صبر، تحمل، برداشت
جَمِيل	خوبصورت، حَسین	قَتْل	قتل، مار ڈالنا
مَعْلُوم	معلوم، معین، واضح	غَافِلُونَ - غَافِلِينَ	غافل، بے خبر افراد (غَافِل کی جمع)

نئے الفاظ	معنی	نئے الفاظ	معنی
أَعْرَاب	بدّو، دیہاتی، عرب کے صحرانشیں (جمع)	حَمِيد	لائق ستائش، لائق حمد
فَوْق	اوپر	نَرْفَعُ	ہم بلند کرتے ہیں
قَلِيل	کم، کچھ، تھوڑا	نَشَاءُ	ہم چاہتے ہیں
أَعْمَىٰ	اندھا، نابینا	يَتَذَكَّرُ	وہ سمجھتا ہے، وہ نصیحت لیتا ہے
أُوتِيتُمْ	تم سب کو دیا گیا ہے	يَتْلُوا	وہ تلاوت کرتا ہے
يَخْشَىٰ	وہ ڈرتا ہے	يَرْفَعُ	وہ بلند کرتا ہے
يَسْتَوِي	وہ برابر ہے، وہ مساوی ہے	يُزَكِّي	وہ پاک کرتا ہے
يَسْئَلُونَ	وہ سب پوچھتے ہیں، وہ سب سوال کرتے ہیں	إِخْرَاج	نکالنا، خارج کرنا

Presented By: https://jafrilibrary.com

مشق و سوالات

مشق نمبر(۱) صحیح جواب پر نشان لگائیے:

الف: کونسا جزء صحیح ہے؟

۱. يَتْلُوا - يَخْشَىٰ - يَرْفَعُ:

الف:	وہ تلاوت کرتا ہے	وہ ڈرتا ہے	وہ بلند کرتا ہے	☐
ب:	وہ تلاوت کرتا ہے	وہ ڈرا	وہ بلند ہوا	☐

۲. أَعْمَىٰ - حَمِيد - عَلَّمَ:

الف:	وہ اندھا ہوا	لائق حمد	اس نے سکھایا	☐
ب:	اندھا	لائق حمد	اس نے سکھایا	☐

۳. يَرَىٰ - يَسْتَوِى - يُزَكِّى:

الف:	اس نے دیکھا	وہ برابر ہوا	وہ پاک ہوا	☐
ب:	وہ دیکھتا ہے	وہ برابر ہے	وہ پاک کرتا ہے	☐

۴. نَشَاء - نَرْفَعُ - يَسْئَلُونَ:

الف:	ہم چاہتے ہیں	ہم بلند کرتے ہیں	وہ سب پوچھتے ہیں	☐
ب:	ہم چاہتے تھے	ہم نے بلند کیا	وہ سب پوچھتے ہیں	☐

۵. أُوتِيتُمْ - غَافِلُونَ - يَتَذَكَّرُ:

الف:	تم سب کو دیا گیا ہے	بے خبر افراد	وہ سمجھتا ہے	☐
ب:	تم سب نے دیا	نادان	اس نے یاد دلایا	☐

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

ب: کونسا جزء صحیح ھے؟

۱۔وہ بلند کرتا ہے -وہ تلاوت کرتا ہے:

الف: نَرْفَعُ۔ يَتْلُوا ☐ ب: يَرْفَعُ - يَتْلُوا ☐

۲۔اس نے سکھایا -اندھا :

الف: أَعْمَىٰ - عَلَّمَ ☐ ب: عَلَّمَ - أَعْمَىٰ ☐

۳۔وہ پاک کرتا ہے - وہ دیکھتا ہے:

الف: يُزَكِّي - يَرَىٰ ☐ ب: يَتَذَكَّرُ - يَرَىٰ ☐

۴۔ہم بلند کرتے ہیں -ہم چاہتے ہیں:

الف: نَرْفَعُ - نَشَاء ☐ ب: يَرْفَعُ - نَشَاء ☐

۵۔وہ سمجھتا ہے -تم سب کو دیا گیا:

الف: . يُزَكِّي- اُوتِيتُمْ ☐ ب: يَتَذَكَّرُ- اُوتِيتُمْ ☐

مشق نمبر(۲)

الف: عبارت کے صحیح ترجمہ پر نشان لگائیے:

۱. يَرْفَعِ اللّٰهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنْكُمْ

الف: اللہ کی طرف اوپر جاتے ہیں تم میں سے جو لوگ ایمان لائے ☐

ب: بلند کرتا ہے اللہ ان لوگوں کو جو ایمان لائے تم لوگوں میں سے ☐

۲. وَ فَوْقَ كُلِّ ذِي عِلْمٍ عَلِيمٌ

الف: تمام دانشمندوں سے اوپر علماء ہیں ☐

ب: اور ہر علم والے کے اوپر، بہت جاننے والا ہے ☐

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

۳. عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ

الف: اس نے سکھایا انسان کو جسے وہ نہیں جانتا تھا ☐

ب: انسان نے سیکھا جسے نہیں جانتا تھا ☐

۴. هَلْ يَسْتَوِى الَّذِينَ يَعْلَمُونَ وَ الَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ

الف: کیا برابر ہیں وہ لوگ جو جانتے ہیں اور جو لوگ نہیں جانتے ہیں ☐

ب: کیا برابر ہے وہ جو جانتا ہے اور جو نہیں جانتا ہے ☐

۵. يَعْلَمُونَ ظَاهِرًا مِّنَ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا

الف: سیکھتے ہیں دنیا کی ظاہری زندگی کو ☐

ب: وہ سب جانتے ہیں ظاہر کو، دنیا کی زندگی میں سے ☐

ب: کونسا جزء صحیح ھے؟

۱۔ ہم بلند کرتے ہیں درجوں (کے اعتبار سے) جس کو چاہتے ہیں

الف: وَ الَّذِينَ اُوتُوا الْعِلْمَ دَرَجَاتٍ ☐

ب: نَرْفَعُ دَرَجَاتٍ مَّن نَّشَآءُ ☐

۲۔ ڈرتے ہیں اللہ سے اس کے بندوں میں سے صرف علماء

الف: إِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمَآءُ ☐

ب: وَ فَوْقَ كُلِّ ذِى عِلْمٍ عَلِيمٌ ☐

۳۔ اور دیکھتے ہیں وہ لوگ جن کو علم دیا گیا

الف: وَ الَّذِينَ اُوتُوا الْعِلْمَ دَرَجَاتٍ ☐

ب: وَ يَرَى الَّذِينَ اُوتُوا الْعِلْمَ ☐

Presented By: https://jafrilibrary.com

۴۔ اور تمہیں علم نہیں دیا گیا مگر تھوڑا

الف: وَ مَا اُوتِیتُم مِنَ الْعِلْمِ إِلَّا قَلِيلاً ☐

ب: وَ فَوْقَ كُلِّ ذِی عِلْمٍ عَلِيمٌ ☐

۵۔ جو نازل کیا گیا تمہاری طرف تمہارے پروردگار کی طرف سے

الف: أَنَّمَآ اُنزِلَ إِلَيْکَ مِن رَّبِّکَ ☐

ب: اَلَّذِیٓ اُنْزِلَ إِلَيْکَ مِن رَّبِّکَ ☐

مشق نمبر(۳) مندرجہ ذیل عبارتوں کا ترجمہ کیجئے:

نمبرشمار	عبارت	ترجمہ
۱	وَالَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ	
۲	وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ	
۳	اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ غَفُوْرٌ	
۴	اَلَّذِیْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ	
۵	اِنَّمَا يَتَذَكَّرُ اُولُوا الْاَلْبَابِ	
۶	اَنَّمَا﴿۱﴾ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ الْحَقُّ	
۷	كَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْكُمْ رَسُوْلًا مِّنْكُمْ	
۸	يَتْلُوْا عَلَيْكُمْ اٰيٰتِنَا وَيُزَكِّيْكُمْ	
۹	وَيُعَلِّمُكُمُ الْكِتٰبَ وَ الْحِكْمَةَ	
۱۰	وَهُمْ عَنِ الْاٰخِرَةِ هُمْ غٰفِلُوْنَ	
۱۱	وَ يَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الرُّوْحِ	
۱۲	قُلِ الرُّوْحُ مِنْ اَمْرِ رَبِّيْ	

﴿۱﴾ یہاں پر ''اَنَّما'' دراصل ''اَنَّ + مَا'' تھا۔ جس کے معنی یہ ہیں: ''جو، کہ، یہ کہ''

Presented By: https://jafrilibrary.com

مشق نمبر(٤) دی ہوئی آیتوں کے ترجمہ کو مد نظر رکھتے ہوئے خالی جگہوں کو پُر کیجئے:

۱۔ اَلَّذِی عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ۞ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ یَعْلَمْ

جس نے .... قلم کے ذریعہ اس نے سکھایا............ کو جسے وہ نہیں ....۔

۲۔ (*) اَفَمَن یَعْلَمُ اَنَّمَا اُنزِلَ اِلَیْکَ مِن رَّبِّکَ الْحَقُّ

تو کیا جو شخص .... ہے کہ جو .... ہوا ہے .... طرف تمہارے ....

کی طرف سے (وہ) .... ہے۔

۳۔ کَمَا اَرْسَلْنَا فِیکُمْ رَسُولاً مِّنْکُمْ یَتْلُوا عَلَیْکُمْ آیَاتِنَا

جیسا کہ ہم نے .... تمہارے درمیان .... کو تم میں سے جو .... تم سب کے اوپر

.... کی۔

۴۔ قُلِ الرُّوحُ مِنْ اَمْرِ رَبِّی وَ مَا اُوتِیتُم مِّنَ الْعِلْمِ اِلَّا قَلِیلاً

تم .... کہ روح میرے .... سے ہے اور .... نہیں دیا گیا علم میں سے مگر

............۔

۵۔ وَ یَرَی الَّذِینَ اُوتُوا الْعِلْمَ الَّذِی اُنْزِلَ اِلَیْکَ مِن رَّبِّکَ هُوَ الْحَقَّ

اور .... ہیں وہ لوگ جنھیں .... دیا گیا (کہ) جو .... کیا گیا ہے .... طرف تمہارے

.... کی طرف سے (وہ) .... ہے۔

مشق نمبر(٥) سبق کے شروع میں دی گئی قرآنی دس عبارتوں کو ایک بار غور سے پڑھئے اور پھر لفظ بلفظ ترجمہ کیجئے۔

(*) اگر لفظ "أ: کیا" کہیں لفظ "فَ" کے بعد آئے تو "فَ" کا ترجمہ همزہ سے پہلے ہوگا۔ یہ ایک قاعدہ ہے۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

تقویتی مشق

درج ذیل قرآنی عبارات کا ترجمہ کیجئے:

۱. وَ اِخۡرَاجُ اَهۡلِهٖ مِنۡهُ اَكۡبَرُ عِنۡدَ اللّٰهِ ۚ وَالۡفِتۡنَةُ اَكۡبَرُ مِنَ الۡقَتۡلِ ؕ

.... (بقرہ/۲۱۷)

۲. وَاصۡبِرُوۡا ؕ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِيۡنَ

.... (انفال/۴۶)

۳. وَمِنَ الۡاَعۡرَابِ مَنۡ يُّؤۡمِنُ بِاللّٰهِ وَ الۡيَوۡمِ الۡاٰخِرِ

.... (توبہ/۹۹)

۴. قَالَ الۡكٰفِرُوۡنَ اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ مُّبِيۡنٌ

.... (یونس/۲)

۵. اِنۡ كُنۡتُمۡ فِىۡ شَكٍّ مِّنۡ دِيۡنِىۡ فَلَاۤ اَعۡبُدُ الَّذِيۡنَ تَعۡبُدُوۡنَ مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ

.... (یونس/۱۰۴)

۶. اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الۡمُخۡلَصِيۡنَ ۞ اُولٰٓئِكَ لَهُمۡ رِزۡقٌ مَّعۡلُوۡمٌ

.... (صافات/۴۰-۴۱)

۷. فَاصۡبِرۡ صَبۡرًا جَمِيۡلًا

.... (معارج/۵)

Presented By: https://jafrilibrary.com

قرآن کی زبان

فعل مستقبل (آئندہ)

دوسرا گروہ	پہلا گروہ
سَيَقُولُ: عنقریب وہ کہے گا	يَقُولُ: وہ کہتا ہے
سَيَنَالُ: عنقریب وہ پہنچے گا	يَنَالُ: وہ پہنچتا ہے
سَيَعْلَمُ: عنقریب وہ جانے گا	يَعْلَمُ: وہ جانتا ہے

پہلے گروہ میں افعال مضارع ہیں۔ گزشتہ اسباق میں پڑھ چکے ہیں کہ فعل مضارع اس بات کو بیان کرتا ہے کہ کام یا تو حال یا آنے والے زمانے میں انجام پانے والا ہے۔ لیکن اوپر کے دوسرے گروہ کے فعل صرف اس بات کو بتاتے ہیں کہ کام آنے والے زمانے میں انجام پانے والا ہے۔ اس فعل کو "مستقبل" کہتے ہیں۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

"مستقبل" بنانے کا قاعدہ

فعل مضارع کے شروع میں حرف "سَ" کو بڑھا دیں گے:

سَ + يَقُولُ = سَيَقُولُ سَ + يَعْلَمُ = سَيَعْلَمُ

جیسا کہ دوسرے گروہ کے ترجمہ میں آپ نے ملاحظہ کیا کہ لفظ "عنقریب" ان سب میں آیا ہے۔

بہتر ہے کہ محترم طالب علم یہ بھی جان لیں کہ عربی زبان میں مستقبل کی دو قسمیں ہیں:

۱۔ مستقبل قریب: جو لفظ "سَ" کو بڑھانے سے حاصل ہو جاتا ہے جیسے: "سَتَعْلَمُونَ: عنقریب تم سب جان لوگے"۔

۲۔ مستقبل بعید: جو لفظ "سَوْفَ" کو بڑھانے سے حاصل ہو جاتا ہے جیسے: "سَوْفَ تَعْلَمُونَ: تم سب جان لوگے"۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

مشق: فعل مستقبل کے صیغوں کے لحاظ سے نقشہ مکمل کریں:

فعل مضارع	فعل مستقبل قریب	فعل مستقبل بعید
یَغْفِرُ: وہ بخشتا ہے	سَیَغْفِرُ: وہ عنقریب بخشے گا	سَوفَ یَغْفِرُ: وہ بخشے گا
یُؤْتِی: وہ دیتا ہے	............:	............: ....
أَسْتَغْفِرُ: میں استغفار کرتا ہوں	............:	............: ....
تُبْصِرُ: تم دیکھتے ہو	............:	............: ....
یُبْطِلُ: وہ باطل کرتا ہے	............:	............: ....
نَجْزِی: ہم جزا دیتے ہیں	............:	............: ....
یَجْعَلُ: وہ قرار دیتا ہے	............:	............: ....
یَحْشُرُ: وہ اکٹھا کرتا ہے	............:	............: ....
یَدْخُلُونَ: وہ سب داخل ہوتے ہیں	............:	............: ....

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

علم اور عالم کا مرتبہ

سب سے پہلے یہ بات جاننا ضروری ہے کہ انسان جتنا بھی علم حاصل کرلے پھر بھی اس کا علم اس کے لاعلمی کے مقابل میں بہت ہی کم ہے۔قرآن کریم نے اس حقیقت کو یوں بیان کیا ہے:"وَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنَ الْعِلْمِ اِلَّا قَلِيْلًا"

ہاں! یقیناً علم کی نعمت سے ہماری بہرہ مندی ہماری ناواقفی سے بہت کم ہے۔

اللہ اور پیغمبرصلی اللہ علیہ و آلہ وسلم، انسان کے معلّم

علم وآگہی اللہ کے ہاں اتنی اہم ہے کہ خود اللہ بھی اپنے آپ کو انسان کا معلم کہتا ہے:"اَلَّذِىْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ۝ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ "سورہ بقرہ کی ۱۵۱ویں آیت میں بھی پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو انسانوں کا معلم بتایا گیا ہے: "كَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْكُمْ رَسُوْلًا مِّنْكُمْ يَتْلُوْا عَلَيْكُمْ اٰيٰتِنَا وَيُزَكِّيْكُمْ وَيُعَلِّمُكُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ"

سب سے زیادہ قابل قدر علم

سبق کی کچھ آیتیں اس بات کو بتاتی ہیں کہ سب سے زیادہ قابل قدر علم، انبیاءؑ کی تعلیم اور آخرت کے بارے میں معلومات ہیں:"وَيَرَى الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ الَّذِيْٓ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ هُوَ الْحَقَّ"،"اَفَمَنْ يَّعْلَمُ اَنَّمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ الْحَقُّ كَمَنْ هُوَ اَعْمٰى ۭ اِنَّمَا يَتَذَكَّرُ اُولُوا الْاَلْبَابِ"

ان حقیقی علماء کے مقابل میں کچھ ایسے بھی ہیں جنھیں ظاہر بین اور اندھا کہا گیا ہے اگرچہ ممکن ہے کہ اپنے زمانے کی بہت سے رائج علوم وفنون کے ماہر ہوں:"يَعْلَمُوْنَ ظَاهِرًا مِّنَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ښ وَهُمْ عَنِ الْاٰخِرَةِ هُمْ غٰفِلُوْنَ"

انبیاء کی تعلیمات اور عالم آخرت کی معلومات جتنی زیادہ ہوں گی اتنا ہی اللہ کا ڈر اور خوف پیدا ہوگا:"اِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمٰۗؤُا"

Presented By: https://jafrilibrary.com

عالم اور غیر عالم کا فرق

قرآن کی رُو سے عالم اور غیر عالم مومنین کے درمیان کافی فرق ہے اور یہ دونوں برابر نہیں ہیں: ”قُلۡ هَلۡ یَسۡتَوِی الَّذِیۡنَ یَعۡلَمُوۡنَ وَ الَّذِیۡنَ لَا یَعۡلَمُوۡنَ ؕ اِنَّمَا یَتَذَکَّرُ اُولُوا الۡاَلۡبَابِ“

اور اگر غیر عالم مومن کے لئے ایک درجہ ہو تو عالم مومن کے لئے کئی درجے ہیں: ”یَرۡفَعِ اللّٰهُ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا مِنۡکُمۡ ۙ وَ الَّذِیۡنَ اُوۡتُوا الۡعِلۡمَ دَرَجٰتٍ ؕ وَ اللّٰهُ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ خَبِیۡرٌ“

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

اختیاری مشق

قرآنی آیتیں اور عبارتیں	نئے الفاظ
۱۔ وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ كُلَّهَا ثُمَّ عَرَضَهُمْ عَلَى الْمَلٰٓئِكَةِ فَقَالَ اَنْۢبِـُٔوْنِيْ بِاَسْمَآءِ هٰٓؤُلَآءِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ....(بقرہ/ ۳۱)	عَرَضَ: اس نے پیش کیا اَنْبِئُوا: تم سب خبر دو هٰؤُلَاءِ: یہ سب، ان سب
۲۔ شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ....(آل عمران/ ۱۸)	شَهِدَ: اُس نے گواہی دی قائِم: قیام کرنے والا، کھڑے ہونے والا
۳۔ فَاِنْ تَابُوْا وَ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَ اٰتَوُا الزَّكٰوةَ فَاِخْوَانُكُمْ فِي الدِّيْنِ وَنُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ....(توبہ/ ۱۱)	تَابُوا: ان سب نے توبہ کی نُفَصِّلُ: ہم تفصیل سے بیان کرتے ہیں
۴۔ هُوَ الَّذِيْ جَعَلَ الشَّمْسَ ضِيَآءً وَّ الْقَمَرَ نُوْرًا وَّ قَدَّرَهٗ مَنَازِلَ لِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِيْنَ وَ الْحِسَابَ ....(یونس/ ۵)	لِتَعْلَمُوا: تاکہ تم سب جانو سِنِيْنَ: سال (جمع) منازل: منزلیں، اترنے کی جگہیں (مَنْزِل کی جمع)

Presented By: https://jafrilibrary.com

قرآنی آیتیں اور عبارتیں	نئے الفاظ
۵. مَا خَلَقَ اللّٰهُ ذٰلِكَ اِلَّا بِالْحَقِّ ۚ يُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ .... (یونس/۵)	يُفَصِّلُ: وہ تفصیل سے بیان کرتا ہے
۶. وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ فَسْئَلُوْٓا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۱﴾ ....(نحل/۴۳)	اِسْئَلُوا: تم سب سوال کرو
۷. وَلَا تَقْفُ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ ۭ اِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ وَالْفُؤَادَ كُلُّ اُولٰۗىِٕكَ كَانَ عَنْهُ مَسْـُٔوْلًا ....(اسراء/۳۶)	لَا تَقْفُ: تم پیروی نہ کرو فُؤَاد: دل، قلب سَمْع: کان، سننا، قوت سماعت بَصَر: آنکھ، بینائی
۸. فَوَجَدَا عَبْدًا مِّنْ عِبَادِنَآ اٰتَيْنٰهُ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا وَعَلَّمْنٰهُ مِنْ لَّدُنَّا ﴿۲﴾ عِلْمًا .... (کہف/۶۵)	وَجَدَا: ان دونوں نے پایا
۹. وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّجَادِلُ فِي اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّلَا هُدًى وَّلَا كِتٰبٍ مُّنِيْرٍ ....(لقمان/۲۰)	يُجَادِلُ: وہ جھگڑا کرتا ہے مُنِير: روشن، چمکنے والا
۱۰. اَلرَّحْمٰنُ ۝ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ ۝ خَلَقَ الْاِنْسَانَ ۝ عَلَّمَهُ الْبَيَانَ ....(رحمٰن/ ۱ تا ۴)	

﴿۱﴾ "کنتم لا تعلمون"، ماضی استمراری ہے اور اس کا ترجمہ "تم نہیں جانتے تھے" ہوگا ﴿۲﴾ لَدُنَّا: لَدُن+نَا

Presented By: https://jafrilibrary.com

پینتیسواں سبق

تفکر و تعقل

محترم متعلمین قرآن!

نیچے لکھی ہوئی قرآن کی آیتوں کو ایک بار غور سے پڑھیے۔

۱۔ كَذٰلِكَ يُحْيِ اللّٰهُ الْمَوْتٰى وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ

....(بقرہ/۷۳)

۲۔ وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ وَلَلدَّارُ الْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ

....

....(انعام/۳۲)

۳۔ يٰقَوْمِ لَآ اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلَى الَّذِيْ فَطَرَنِيْ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ

....

....(ہود/۵۱)

۴۔ الٓرٰ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۞ اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ قُرْءٰنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ

....(یوسف/۱-۲)

۵۔ وَسَخَّرَ لَكُمُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمُ مُسَخَّرٰتٌۢ بِاَمْرِهٖ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ

....

....(نحل/۱۲)

Presented By: https://jafrilibrary.com

۶. اَفَلَمۡ یَسِیۡرُوۡا فِی الۡاَرۡضِ فَتَکُوۡنَ لَهُمۡ قُلُوۡبٌ یَّعۡقِلُوۡنَ بِهَاۤ...

.... (حج/۴۶)

۷. وَمَاۤ اُوۡتِیۡتُمۡ مِّنۡ شَیۡءٍ فَمَتَاعُ الۡحَیٰوةِ الدُّنۡیَا وَزِیۡنَتُهَا ۚ وَمَا عِنۡدَ اللّٰهِ خَیۡرٌ وَّاَبۡقٰی ؕ اَفَلَا تَعۡقِلُوۡنَ

....

.... (قصص/۶۰)

۸. وَمِنۡ اٰیٰتِهٖ یُرِیۡکُمُ الۡبَرۡقَ خَوۡفًا وَّ طَمَعًا وَّیُنَزِّلُ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَیُحۡیٖ بِهِ الۡاَرۡضَ بَعۡدَ مَوۡتِهَا ؕ اِنَّ فِیۡ ذٰلِکَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوۡمٍ یَّعۡقِلُوۡنَ

....

.... (روم/۲۴)

۹. وَاخۡتِلَافِ الَّیۡلِ وَالنَّهَارِ وَمَاۤ اَنۡزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَآءِ مِنۡ رِّزۡقٍ فَاَحۡیَا بِهِ الۡاَرۡضَ بَعۡدَ مَوۡتِهَا وَتَصۡرِیۡفِ الرِّیٰحِ اٰیٰتٌ لِّقَوۡمٍ یَّعۡقِلُوۡنَ

....

.... (جاثیه/۵)

۱۰. اِعۡلَمُوۡۤا اَنَّ اللّٰهَ یُحۡیِ الۡاَرۡضَ بَعۡدَ مَوۡتِهَا ؕ قَدۡ بَیَّنَّا لَکُمُ الۡاٰیٰتِ لَعَلَّکُمۡ تَعۡقِلُوۡنَ

....

.... (حدید/۱۷)

Presented By: https://jafrilibrary.com

مانوس الفاظ اور نئے الفاظ

یاد دہانی کی جاتی ہے کہ مانوس اور نئے الفاظ کو یاد کرنے کا بہترین طریقہ ان الفاظ و معانی کا مباحثہ کرنا ہے، جیسے ہمیں ہرگز نہیں بھولنا چاہیے۔

مانوس الفاظ	معنی
مَوت	موت، مرنا
یُنَزِّلُ [نَزَّلَ ۳/۱۰۱]	وہ نازل کرتا ہے
أعلَمُ [يَعلَمُ ۷/۲۷]	میں جانتا ہوں
قَوِیّ	قوی، مضبوط
مَدِینَة	شہر، مدینہ
مَکر	حیلہ، مکر، مکاری، تدبیر

مانوس الفاظ	معنی
نُجُوم	ستارے (نجم کی جمع)
بَرق	بجلی
مَلَک	فرشتہ، ملک
قَآئِمَة (قَائِم)	قائم، ثابت قدم
مَسِيح	حضرت عیسیٰؑ
لَهو	کھیل، سرگرمی
لَعِب	کھیل

نئے الفاظ	معنی
یَتلُونَ	وہ سب تلاوت کرتے ہیں
طَمَع	لالچ، امید
مُسَخَّرَات	تابع، مطیع، فرمانبردار (مُسَخَّرَہ کی جمع)
تَصرِيف	گردش، پھیر بدل
يُرِی	وہ دکھاتا ہے
اِعلَمُوا	تم سب جانو
مَکَرَ	اس نے حیلہ کیا

نئے الفاظ	معنی
أبقَیٰ	زیادہ باقی رہنے والا، پائدار
رِياح	ہوائیں (ریح کی جمع)
أحيَا	اس نے زندہ کیا
بَيَّنَّا	ہم نے بیان کیا
تَکُونَ (تَکُونُ)	ہو، تو ہوگا، وہ ہوگی
سَخَّرَ	اس نے تابع کیا
حَولَ	اردگرد، پاس

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

نئے الفاظ	معنی	نئے الفاظ	معنی
فَطَرَ	اس نے پیدا کیا	لَمۡ یَسِیرُوا	ان سب نے سیر نہیں کی، وہ سب نہیں چلے پھرے
مَاء	پانی		
مَتَاع	سرمایہ، سامان		

توجہ

عربی میں جمع مکسر کو واحد مؤنث کی حیثیت سے دیکھا جاتا ہے لہٰذا اس کے لئے واحد مؤنث کا صیغہ استعمال ہوتا ہے۔ مثلا ''فَتَكُونَ لَهُمۡ قُلُوب'' میں ''قُلُوب'' اگرچہ مذکر ہے لیکن چونکہ جمع ہے لہٰذا اس کے لئے ''تَكُونَ'' یعنی مؤنث کا صیغہ استعمال ہوا ہے محترم متعلمین قرآن ترجمہ کرتے وقت اس بات کا خیال رکھیں۔ یہ ایک قاعدہ ہے اور دوسری جگہوں پر بھی جاری ہوگا۔

اسی طرح یہ بھی ایک قاعدہ ہے کہ اگر فاعل، جمع مذکر سالم ہو اور فعل کے بعد آئے تو فعل واحد استعمال ہوگا جیسے: ''قَدۡ أَفۡلَحَ الۡمُؤۡمِنُونَ''۔ یہاں 'مُؤۡمِنُون' کے لئے 'أَفۡلَحَ' یعنی جمع کے لئے فعل واحد استعمال ہوا ہے۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

مشق و سوالات

مشق نمبر(۱) صحیح جواب پر نشان لگائیے:

الف: کونسا جزء صحیح ھے؟

۱۔ سَخَّرَ ۔ فَطَرَ ۔ أَحْيَا:

الف: اس نے تابع کیا — اس نے پیدا کیا — اس نے زندہ کیا ☐

ب: اس نے تابع کیا — وہ پیدا ہوا — زندہ لوگ ☐

۲۔ لَعِب ۔ مَاء ۔ رِيَاح

الف: کھیل — پانی — ہوا ☐

ب: کھیل — پانی — ہوائیں ☐

۳۔ يُرِى ۔ يُنَزِّلُ ۔ تَكُونُ:

الف: وہ دکھاتا ہے — وہ نازل کرتا ہے — وہ ہوگی ☐

ب: اس نے دیکھا — وہ نازل ہوا — تم ہوتے ہو ☐

۴۔ مَتَاع ۔ لَهْو ۔ تَصْرِيف:

الف: سرمایہ — الٰہی امور — گردش ☐

ب: سرمایہ — کھیل، سرگرمی — گردش ☐

۵۔ أَبْقَىٰ ۔ اِعْلَمُوا ۔ بَيَّنَّا:

الف: زیادہ باقی رہنے والا — تم سب جانو — ہم نے بیان کیا ☐

ب: باقی — تم سب جانو — ہم نے بین کیا ☐

Presented By: https://jafrilibrary.com

ب: کونسا جزء صحیح ھے؟

۱۔ ان سب نے سیر نہیں کی۔ اس نے پیدا کیا:

الف: لَمۡ یَسِیرُوا ۔ سَخَّرَ ☐ ب: لَمۡ یَسِیرُوا ۔ فَطَرَ ☐

۲۔ کھیل - سرگرمی:

الف: لَعِب ۔ لَھُو ☐ ب: لَھُو ۔ لَعِب ☐

۳۔وہ دکھاتا ہے - وہ ہوگی،(ہو):

الف: یُرِی ۔ تَکُونَ ☐ ب: یُنَزِّلُ ۔ تَکُونُ ☐

۴۔ گردش - زیادہ باقی رہنے والا:

الف: تَصۡرِیف ۔ مَتَاع ☐ ب: تَصۡرِیفِ ۔ أَبۡقَـیٰ ☐

۵۔ ہم نے بیان کیا - تم سب جانو:

الف: . بَیَّنَّا ۔ أَبۡقَـیٰ ☐ ب: بَیَّنَّا ۔ اِعۡلَمُوا ☐

مشق نمبر(۲)

الف: عبارت کے صحیح ترجمہ پر نشان لگائیے:

۱. فَتَکُونَ ﴿۱﴾ لَهُمۡ قُلُوبٌ یَعۡقِلُونَ بِهَآ

الف: پس (تاکہ) ہو (ہیں) ان کے لئے دل جن کے ذریعہ وہ سمجھیں ☐

ب: پس ہو تم ان کے لئے اس دل کی طرح جس سے وہ سمجھیں ☐

۲. وَ مِنۡ آیَاتِهٖ یُرِیکُمُ الۡبَرۡقَ خَوفًا وَ طَمَعًا

الف: اس کی نشانیوں میں سے بجلی اور بادل ہے جس سے تم ڈرتے ہو اور امید لگاتے ہو ☐

ب: اور اس کی نشانیوں میں سے ہے (کہ) تمہیں بجلی دکھاتا ہے خوف وامید (کے لئے) ☐

۳. إِنَّ فِی ذٰلِکَ لَآیَاتٍ لِّقَوۡمٍ یَّعۡقِلُونَ

الف: یقیناً اس میں نشانیاں ہیں اس گروہ کے لئے جو سمجھتے ہیں ☐

ب: یقیناً ان نشانیوں میں ایک گروہ غور و خوض کرتا ہے ☐

﴿۱﴾ بہتر ہے "ف" کا ترجمہ یہاں "تاکہ" کی صورت میں ہو۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

۴۔ اِعْلَمُوا اَنَّ اللّٰهَ يُحْيِ الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا

الف۔ تم سب جانتے ہو کہ اللہ زندہ کرتا ہے زمین کو اس کی موت کے بعد ❑

ب۔ تم سب جان لو کہ اللہ زندہ کرتا ہے زمین کو اس کی موت کے بعد ❑

۵۔ اِنْ اَجْرِیَ اِلَّا عَلَی الَّذِی فَطَرَنِیْ

الف۔ میرا اجر نہیں ہے مگر اس پر جس نے مجھے پیدا کیا ❑

ب۔ اگر میرا کوئی اجر ہے تو اس پر جس نے مجھے پیدا کیا ❑

ب: کونسا جزء صحیح ھے؟

۱۔ پھر اس نے زندہ کیا اس کے ذریعہ زمین کو اس کی موت کے بعد

الف: فَيُحْيِي بِهِ الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ❑

ب: فَأَحْيَا بِهِ الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ❑

۲۔ ہواؤں کی گردش (میں) نشانیاں ہیں اس گروہ کے لئے جو سمجھتے ہیں

الف: تَصْرِيفِ الرِّيَاحِ آيَاتٌ لِّقَوْمٍ يَعْقِلُونَ ❑

ب: إِنَّ فِي ذٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يَعْقِلُونَ ❑

۳۔ اور جو اللہ کے پاس ہے وہ بہتر اور زیادہ باقی رہنے والا ہے، تو کیا تم سب نہیں سمجھتے ہو

الف: وَ لَلدَّارُ الْآخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِينَ يَتَّقُونَ أَ فَلَا تَعْقِلُونَ ❑

ب: وَ مَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ وَ أَبْقَىٰ أَ فَلَا تَعْقِلُونَ ❑

۴۔ اور دکھاتا ہے تم سب کو اپنی نشانیاں، شاید تم سب سمجھو

الف: وَ يُرِيكُمْ آيَاتِهِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ ❑

ب: قَدْ بَيَّنَّا لَكُمُ الْآيَاتِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ ❑

Presented By: https://jafrilibrary.com

مشق نمبر(۳) مندرجہ ذیل عبارتوں کا ترجمہ کیجئے:

نمبرشمار	عبارت	ترجمہ
۱	اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِى الْاَرْضِ	
۲	وَيُنَزِّلُ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً	
۳	وَسَخَّرَ لَكُمُ الَّيْلَ وَ النَّهَارَ	
۴	وَالنُّجُوْمُ مُسَخَّرٰتٌۢ بِاَمْرِهٖ	
۵	بَيَّنَّا لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ	
۶	كَذٰلِكَ يُحْيِ اللّٰهُ الْمَوْتٰى	
۷	تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ	
۸	اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ قُرْءٰنًا عَرَبِيًّا	
۹	يٰقَوْمِ لَآ اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا	
۱۰	وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ	
۱۱	وَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ ...	
۱۲	فَمَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَزِيْنَتُهَا ...	

مشق نمبر(٤) دی ہوئی آیتوں کے ترجمہ کو مد نظر رکھتے ہوئے خالی جگہوں کو پُر کیجئے:

١. فَيُحْيِي بِهِ الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا إِنَّ فِي ذٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يَعْقِلُونَ

پھر .... ہے اس کے .... زمین کو اس کی موت کے .... یقیناً اس میں

.... اس.............. کے لئے.............. ہے۔

٢. وَ سَخَّرَ لَكُمُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ وَ الشَّمْسَ وَ الْقَمَرَ وَ النُّجُومُ مُسَخَّرَاتٌ بِأَمْرِهِ

اور ....کیا.............. لئے رات اور دن اور .... ،اور ستارے ....

ہیں اس کے .... سے۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

۳. وَ اخْتِلَافِ الَّیْلِ وَ النَّهَارِ وَ مَا اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَاءِ مِنْ رِّزْقٍ

اور رات اور دن کے .... اور جو اللہ نے .... ہے آسمان سے .... میں سے

۴. وَ مَا اُوتِيتُمْ مِنْ شَيْءٍ فَمَتَاعُ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَ زِينَتُهَا

اور .... دیا گیا ہے (کسی) .... میں سے تو وہ دنیا کی زندگی کا .... ہے اور اس کی

............۔

۵. وَ لَلدَّارُ الْآخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِينَ يَتَّقُونَ أَ فَلَا تَعْقِلُونَ

اور حتماً آخرت کا .... بہتر ہے .... کے لئے جو .... تو کیا تم سب

............۔

مشق نمبر(۵) اب سبق کے شروع میں دی گئی قرآنی عبارتوں کے ترجمہ کی باری ھے۔ ہر عبارت کو ایک بار غور سے پڑھئے اور پھر لفظ بلفظ ترجمہ کیجئے۔

تقویتی مشق

درج ذیل آیتوں کا ترجمہ کیجیے:

۱. مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اُمَّةٌ قَآئِمَةٌ يَّتْلُوْنَ اٰيٰتِ اللّٰهِ

.... (آل عمران/ ۱۱۳)

۲. وَقَالَ الْمَسِيْحُ يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اعْبُدُوا اللّٰهَ رَبِّيْ وَ رَبَّكُمْ

.... (مائدہ/ ۷۲)

۳. وَلَآ اَعْلَمُ الْغَيْبَ وَلَآ اَقُوْلُ لَكُمْ اِنِّيْ ﴿۱﴾ مَلَكٌ

.... (انعام/ ۵۰)

۴. وَمِمَّنْ حَوْلَكُمْ مِّنَ الْاَعْرَابِ مُنٰفِقُوْنَ وَ مِنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ

.... (توبہ/ ۱۰۱)

۵. اِنَّ رَبَّكَ هُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ

.... (ہود/ ۶۶)

۶. وَقَدْ مَكَرَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَلِلّٰهِ الْمَكْرُ جَمِيْعًا

.... (رعد/ ۴۲)

﴿۱﴾ اگر یہاں پر "اِنَّ" کا ترجمہ نہ کریں تو بہتر ہوگا۔

Presented By: https://jafrilibrary.com
Presented By: https://jafrilibrary.com

قرآن کی زبان

فعل مضارع منفی

ان افعال کو توجہ سے دیکھیں:

دوسرا گروہ	پہلا گروہ
لَا یَخْلُقُ: وہ پیدا نہیں کرتا ہے	یَخْلُقُ: وہ خلق کرتا ہے
لَا تَخَافُونَ: تم سب نہیں ڈرتے ہو	تَخَافُونَ: تم سب ڈرتے ہو
لَا یَدْخُلُونَ: وہ سب داخل نہیں ہوتے ہیں	یَدْخُلُونَ: وہ سب داخل ہوتے ہیں

پہلے گروہ میں ''مضارع مثبت'' کے افعال ہیں اور دوسرے گروہ میں ''مضارع منفی'' کے افعال ہیں۔

مضارع منفی بنانے کا قاعدہ:

اگر آپ فعل مضارع کے شروع میں ''لا'' کا اضافہ کردیں تو مضارع منفی بن جائے گا۔

جیسے: لَا + یَخْلُقُ = لَا یَخْلُقُ

کبھی فعل مضارع ''ما'' کے ذریعہ بھی منفی ہوتا ہے جیسے: مَا یَنْطِقُ : وہ نہیں کہتا۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

مشق : مندرجہ ذیل نقشے کو کامل کریں:

مضارع مثبت	مضارع منفی
یَنْصُرُ: وہ مدد کرتا ہے	لَا یَنْصُرُ: وہ مدد نہیں کرتا ہے
یَأْتِی: وہ آتا ہے	.... : ....
.... :	لَا تَخَافُ: تم نہیں ڈرتے ہو
یُقِیمُونَ: وہ سب قائم کرتے ہیں	.... : ....
.... :	لَا یَسْتَکْبِرُونَ: وہ سب نہیں اکڑتے ہیں
یُؤْتُونَ: وہ سب دیتے ہیں	.... : ....
.... :	لَا یُؤْمِنُونَ: وہ سب ایمان نہیں لاتے ہیں
یُشْرِکُ:	........................: وہ شرک نہیں کرتا ہے
.... :	لَا یَنْهَی: ....
یَسْتَعْجِلُونَ: وہ سب جلدی کرتے ہیں	.... : ....
نُؤْمِنُ:	........................: ہم ایمان نہیں لاتے ہیں
أَقُولُ: میں کہتا ہوں	.... : ....

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

مفاہیم قرآن سے آشنائی

تفکر و تعقل

اللہ نے انسان کو جو نعمتیں عطا کی ہیں ان کے درمیان سب سے بڑی نعمتوں میں ایک عقل ہے۔ ارسطو کی طرح دوسرے فلسفیوں نے عقل کو وہ چیز مانا ہے جس سے انسان اور حیوان میں امتیاز پیدا ہوتا ہے۔

انبیاءؑ، تفکر و تعقل کے داعی

انبیائے الٰہیؑ نے بھی ہمیشہ لوگوں کو تعقل کی دعوت دی ہے۔ الٰہی ادیان میں اسلام ایسا مذہب ہے جس نے سب سے زیادہ انسانوں کو تفکر و تعقل کی دعوت دی ہے۔

کن چیزوں میں غور و خوض کریں؟

اس سبق میں بعض ان آیات کو دہراتے ہیں جن میں عقل سے کام لینے پر تاکید کی گئی ہے:

الف: گزشتہ امتوں کا انجام: گزشتہ امتوں کے انجام کے بارے میں سوچنا اور انبیاءؑ سے لڑنے اور الجھنے والے طاغوت و مشرکین کی عاقبت اور انجام کو دیکھنے میں آج کی نسل کے لئے بہترین عبرتیں ہیں۔ قرآن نے ہم کو زمین کی سیر کرنے اور گزشتہ لوگوں کے بارے میں سوچنے کی دعوت دی ہے: "اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَتَكُوْنَ لَهُمْ قُلُوْبٌ يَّعْقِلُوْنَ بِهَآ"

ب: مظاہر فطرت: عقل والے، کائنات کے موجودات کو اللہ کی نشانیاں سمجھتے ہیں۔ ہمارے لئے ضروری ہے کہ کائنات کی خلقت اور اس کے مختلف پہلوؤں میں غور و خوض کریں تا کہ اس کے خالق کی عظمت کو سمجھ سکیں۔ قرآن میں 'بجلی، بارش اور پیڑ پودوں کے اگنے' کو اللہ کی نشانیاں بتایا گیا ہے: "وَمِنْ اٰيٰتِهٖ يُرِيْكُمُ الْبَرْقَ خَوْفًا وَّطَمَعًا وَّيُنَزِّلُ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَيُحْيٖ بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ"

رات دن، چاند سورج اور ستارے سب کے سب انسان کی خدمت کے لئے ہیں اور اس کی زندگی میں سہولتیں فراہم کرتے ہیں۔ اگر انسان ان میں تھوڑا سا غور کرے تو خالق کائنات کی بے شمار نشانیاں ڈھونڈ سکتا ہے۔ وہ خالق

Presented By: https://jafrilibrary.com

جس نے ان متعدد سیاروں کو انسان کے لئے رام کیا ہے تا کہ سورج کی حرارت سے بھرپور روشنی اور چاند کی ٹھنڈی چاندنی سے اپنے زندگی میں استفادہ کرے اور ستاروں کے ذریعہ اپنے راستوں کی سمت معلوم کرے۔ اور اس کے علاوہ درجنوں دوسرے فائدے جن تک شاید ابھی انسان نہیں پہنچ پایا ہو: ''وَسَخَّرَ لَكُمُ الَّيْلَ وَ النَّهَارَ ۙ وَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ؕ وَالنُّجُوْمُ مُسَخَّرٰتٌۢ بِاَمْرِهٖ ؕ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ''

ج: دنیا پر آخرت کی برتری: قرآن کریم مسلمانوں سے کہتا ہے کہ: اگر دنیا کی زندگی کی ناپائداری کو سمجھ لو تو عقل تمہارے لئے حکم کرے گی کہ آخرت کی جاوید زندگی دنیا کی دوروزہ زندگی سے بہتر ہے: ''وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَاۤ اِلَّا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ ؕ وَلَلدَّارُ الْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ'' عقل سے کام لینے والے اس بات کو خوب سمجھتے ہیں کہ جو اللہ کے پاس ہے وہ باقی رہنے والا اور جاوید ہے، اس لئے وہ اسی سے دل لگاتے ہیں: ''وَمَاۤ اُوْتِيْتُمْ مِّنْ شَىْءٍ فَمَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَزِيْنَتُهَا ۚ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ''

د: انبیاءؑ کا اجر نہ مانگنا: کسی بھی نبیؑ نے لوگوں کی ہدایت کے بدلے میں کوئی اجر نہیں مانگا ہے۔ صرف عقل والے ہی اس بات کو سمجھ سکتے ہیں کہ انبیاءؑ نے اپنی امتوں سے اجر کیوں نہیں مانگا۔ جو انبیاءؑ اللہ کی رضا کے لئے اپنی تمام توان لگا دیتے ہیں اور جو رسالت کے ناقابل بیان اجر یعنی اللہ کے دیدار اور اس کی رضا کو حاصل کرتے ہیں وہ لوگوں سے کیوں اجر چاہیں گے؟! ان کی رسالت، مادی اور دنیاوی مال میں تلنے والی نہیں ہے کہ دنیا میں ان کے اجر کا اندازہ لگایا جا سکے: ''يٰقَوْمِ لَاۤ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا ؕ اِنْ اَجْرِىَ اِلَّا عَلَى الَّذِىْ فَطَرَنِىْ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ''

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

اختیاری مشق

جو طالب علم قرآن کی آیات کے ترجمہ کے سلسلے میں زیادہ آمادگی رکھتے ہیں وہ دیئے گئے الفاظ اور معانی سے استفادہ کرتے ہوئے قرآنی عبارات کا ترجمہ کریں۔

قرآنی آیتیں اور عبارتیں	نئے الفاظ
۱. اَتَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَتَنْسَوْنَ اَنْفُسَكُمْ وَ﴿۱﴾ اَنْتُمْ تَتْلُوْنَ الْكِتٰبَ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ....(بقرہ/۴۴)	تَاْمُرُوْنَ: تم سب حکم دیتے ہو تَنْسَوْنَ: تم سب بھولتے ہو تَتْلُوْنَ: تم سب تلاوت کرتے ہو
۲. وَالدَّارُ الْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ....(اعراف/۱۶۹)	
۳. وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ مِّنْ اَهْلِ الْقُرٰى ؕ ....(یوسف/۱۰۹)	
۴. اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِى الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ وَلَدَارُ الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ اتَّقَوْا ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ....(یوسف/۱۰۹)	يَنْظُرُوْا: وہ سب دیکھیں

﴿۱﴾ یہاں "وَ" حالیہ ہے (یعنی درحالیکہ کے معنی میں ہے)۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

قرآنی آیتیں اور عبارتیں	نئے الفاظ
۵. قَالَ اَفَتَعۡبُدُوۡنَ مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ مَا لَا یَنۡفَعُكُمۡ شَیۡـًٔا وَّلَا یَضُرُّكُمۡ ۞ اُفٍّ لَّكُمۡ﴿١﴾ وَلِمَا تَعۡبُدُوۡنَ مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ ؕ اَفَلَا تَعۡقِلُوۡنَ ....(انبیاء/ ٦٦، ٦٧)	اُفٍّ: افسوس، تفو
٦. اَفَلَمۡ یَسِیۡرُوۡا فِی الۡاَرۡضِ فَتَكُوۡنَ لَهُمۡ قُلُوۡبٌ یَّعۡقِلُوۡنَ بِهَاۤ اَوۡ اٰذَانٌ یَّسۡمَعُوۡنَ بِهَا ۚ فَاِنَّهَا﴿٢﴾ لَا تَعۡمَی الۡاَبۡصَارُ وَلٰكِنۡ تَعۡمَی الۡقُلُوۡبُ الَّتِیۡ فِی الصُّدُوۡرِ ....(حج/ ٤٦)	آذان: کان (جمع) تَعۡمٰی: وہ اندھی ہوتی ہے اَبۡصار: آنکھیں (بَصَر کی جمع)
٧. فَاِذَا دَخَلۡتُمۡ بُیُوۡتًا فَسَلِّمُوۡا عَلٰۤی اَنۡفُسِكُمۡ تَحِیَّةً مِّنۡ عِنۡدِ اللّٰهِ مُبٰرَكَةً طَیِّبَةً ؕ كَذٰلِكَ یُبَیِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الۡاٰیٰتِ لَعَلَّكُمۡ تَعۡقِلُوۡنَ ....(نور/ ٦١)	دَخَلۡتُمۡ: تم سب داخل ہوئے سَلِّمُوا: تم سب سلام کرو تَحِیَّة: درود، سلام، دعائے خیر

﴿١﴾ ''لَ'' کو ''پر'' کے معنی میں ترجمہ کریں۔

﴿٢﴾ ''ھا'' کا ترجمہ نہ کریں۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

چھتیسواں سبق

آیات الٰہی میں غور و خوض

محترم متعلّمین قرآن!

نیچے لکھی ہوئی قرآن کی آیتوں کو ایک بار غور سے پڑھیے۔

۱. اِنَّ فِیۡ خَلۡقِ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ وَاخۡتِلَافِ الَّیۡلِ وَالنَّهَارِ لَاٰیٰتٍ لِّاُولِی الۡاَلۡبَابِ

....

....(آل عمران/ ۱۹۰)

۲. اَوَلَمۡ یَتَفَكَّرُوۡا ۜ مَا بِصَاحِبِهِمۡ مِّنۡ جِنَّةٍ ؕ اِنۡ هُوَ اِلَّا نَذِیۡرٌ مُّبِیۡنٌ

....

....(اعراف/ ۱۸۴)

۳. اِنَّمَا مَثَلُ الۡحَیٰوةِ الدُّنۡیَا كَمَآءٍ اَنۡزَلۡنٰهُ مِنَ السَّمَآءِ ... كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الۡاٰیٰتِ لِقَوۡمٍ یَّتَفَكَّرُوۡنَ

....

....(یونس/ ۲۴)

۴. یَخۡرُجُ مِنۡۢ بُطُوۡنِهَا شَرَابٌ مُّخۡتَلِفٌ اَلۡوَانُهٗ فِیۡهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ؕ اِنَّ فِیۡ ذٰلِكَ لَاٰیَةً لِّقَوۡمٍ یَّتَفَكَّرُوۡنَ

....

.... (نحل/ ۶۹)

Presented By: https://jafrilibrary.com

۵. اَ (۱) وَلَمْ يَتَفَكَّرُوا فِي أَنْفُسِهِمْ ۗ مَا خَلَقَ اللَّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا إِلَّا بِالْحَقِّ وَأَجَلٍ مُسَمًّى ۗ وَإِنَّ كَثِيرًا مِنَ النَّاسِ بِلِقَاءِ رَبِّهِمْ لَكَافِرُونَ

....

(روم/۸) ....

۶. وَمِنْ اٰيٰتِهٖ أَنْ خَلَقَ لَكُمْ مِنْ أَنْفُسِكُمْ أَزْوَاجًا لِتَسْكُنُوا إِلَيْهَا وَجَعَلَ بَيْنَكُمْ مَوَدَّةً وَرَحْمَةً ۚ إِنَّ فِي ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِقَوْمٍ يَتَفَكَّرُونَ

....

(روم/۲۱) ....

۷. اَللّٰهُ يَتَوَفَّى الْأَنْفُسَ حِينَ مَوْتِهَا... إِنَّ فِي ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِقَوْمٍ يَتَفَكَّرُونَ

....

(زمر/۴۲) ....

۸. وَسَخَّرَ لَكُمْ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا مِنْهُ ۚ إِنَّ فِي ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِقَوْمٍ يَتَفَكَّرُونَ

....

(جاثیہ/۱۳) ....

۹. لَوْ أَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَرَأَيْتَهُ خَاشِعًا مُتَصَدِّعًا مِنْ خَشْيَةِ اللَّهِ ۚ وَتِلْكَ الْأَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُونَ

....

(حشر/۲۱) ....

۱۰. فَاتَّقُوا اللَّهَ يَا أُولِي الْأَلْبَابِ ۚ الَّذِينَ اٰمَنُوا ۚ قَدْ أَنْزَلَ اللَّهُ إِلَيْكُمْ ذِكْرًا

....

(طلاق/۱۰) ....

(۱) اگر لفظ "أ = کیا" کہیں لفظ "فَ یا وَ" کے بعد آئے تو "فَ" کا ترجمہ پہلے ہوگا۔ یہ ایک کلی قاعدہ ہے۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

مانوس الفاظ اور نئے الفاظ

مانوس اور نئے الفاظ کو پڑھیے اور انھیں ذہن نشین کر لیجیے۔

مانوس الفاظ	معنی	مانوس الفاظ	معنی
اَجَل	آخری وقت، مدت کا اختتام، موت	أُمْثَال	مثالیں (مَثَل کی جمع)
صَاحِب	ساتھی، دوست، والا، صاحِب	كُنْتَ [كُنْتُمْ ۱۷/۵]	تو تھا، تو ہے
مُخْتَلِف	مختلف، متعدد	مَوَدَّة	دوستی، محبت، مودت
نَضْرِبُ [ضَرَبْنَا ۱۰/۳]	ہم مارتے ہیں، (ہم دیتے ہیں)	آمَنْتُمْ [آمَنَّا ۲۷/۷]	تم سب ایمان لائے
أَخَذَتْ [خُذْ ۲۰/۵]	اس (عورت) نے لیا	أَنْعَمْتَ [أَنْعَمَ ۳۳/۹]	تو نے نعمت دی
تَقُولُ [يَقُولُ ۲۷/۷]	تم کہتے ہو	نَجْزِي [يَجْزِي ۲۱/۶]	ہم جزا دیتے ہیں
نَرَىٰ [يَرَىٰ ۳۰/۸]	ہم دیکھتے ہیں	نُطْفَة	نطفہ، منی کا قطرہ
نَعْلَمُ [يَعْلَمُ ۲۷/۷]	ہم جانتے ہیں	يُرِيدُ [يُرِيدُونَ ۳۳/۸]	وہ چاہتا ہے، ارادہ کرتا ہے

نئے الفاظ	معنی	نئے الفاظ	معنی
بُطُون	پیٹ، شکم (بَطن کی جمع)	تَسْكُنُوا	تم سب سکون پاؤ
جَبَل	پہاڑ	جِنَّة	جنون، دیوانگی
لَمْ يَتَفَكَّرُوا	ان سب نے نہیں سوچا	مُسَمًّى	معین، خاص
نُفَصِّلُ	ہم تفصیل سے بیان کرتے ہیں	يَتَوَفَّىٰ	وہ انجام تک پہنچاتا ہے، وہ قبض کرتا ہے
حِينَ	موقع، وقت، گھڑی	يَخْرُجُ	وہ نکلتا ہے
خَاشِع ـ خَاشِعَة	جھکنے والا، ڈرنے والا	قُلْتُمْ	تم سب نے کہا
صَاعِقَة	کڑک، دھماکہ	شَرَاب	مشروب، پینے کی چیز

Presented By: https://jafrilibrary.com
Presented By: https://jafrilibrary.com

مشق و سوالات

مشق نمبر(۱) صحیح جواب پر نشان لگائیے:

الف: کونسا جزء صحیح ہے؟

۱. حِينَ - مَوَدَّة - أَجَل:

الف: موقع	دوستی	آخری وقت	❑
ب: وقت	سلامتی	موت	❑

۲. خَاشِع - صَاحِب - أَمْثَال:

الف: ڈرنے والا	جناب	مثل	❑
ب: جھکنے والا	ساتھی	مثالیں	❑

۳. نَضْرِبُ - نُفَصِّلُ - تَسْكُنُوا:

الف: ہم نے مارا	ہم فاصلہ دیتے ہیں	تم سب ساکن ہوجاؤ	❑
ب: ہم مارتے ہیں	ہم تفصیل سے بیان کرتے ہیں	تم سب سکون پاؤ	❑

۴. بُطُون - مُسَمَّىٰ - جِنَّة:

الف: پیٹ (جمع)	معین	جنون	❑
ب: پیٹ (جمع)	آسمان والا	جنات	❑

۵. يَخْرُج - يَتَوَفَّى - لَمْ يَتَفَكَّرُوا:

الف: وہ نکلتا ہے	وہ انجام تک پہنچاتا ہے	ان سب نے نہیں سوچا	❑
ب: وہ نکالتا ہے	وہ مرتا ہے	وہ سب نہیں سوچتے	❑

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

ب: کونسا جزء صحیح ھے؟

ا۔موقع - جھکنے والا:

الف: حِينَ - خَاشِع ☐ ب: مُسَمَّىٰ - خَاشِع ☐

۲۔پیٹ(جمع) - آخری وقت:

الف: بُطُون - أَجَل ☐ ب: بُطُون - مُسَمَّىٰ ☐

۳۔تم سب سکون پاؤ - جنون:

الف: جِنَّة - تَسْكُنُوا ☐ ب: تَسْكُنُوا - جِنَّة ☐

۴۔وہ انجام تک پہنچاتا ہے - معین:

الف: يَتَوَفَّىٰ - حِينَ ☐ ب: يَتَوَفَّىٰ - مُسَمَّىٰ ☐

۵۔ساتھی - ہم مارتے ہیں:

الف: صَاحِب - نَضْرِبُ ☐ ب: جَبَل - نَضْرِبُ ☐

مشق نمبر(۲)

الف: عبارت کے صحیح ترجمہ پر نشان لگائیے:

۱. وَ مِنْ آيَاتِهِ أَنْ خَلَقَ لَكُم مِّنْ أَنفُسِكُمْ أَزْوَاجًا

الف: اورخدا کی نشانیوں میں سے یہ ہے کہ اس نے تمہاری زوجہ کو پیدا کیا ☐

ب: اوراس کی نشانیوں میں سے ہے کہ اس نے خلق کیا تم سب کے لئے خود تمہیں میں سے جوڑوں کو ☐

۲. وَ سَخَّرَ لَكُم مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا مِّنْهُ

الف: اوراس نے فرمانبردار کیا تم سب کے لئے جو آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے، سب اسی سے ہے ☐

ب: اوراس نے فرمانبردار کیا تمہارے لئے آسمانوں اورزمین سب کو اپنی طرف سے ☐

۳. يَخْرُجُ مِن بُطُونِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ أَلْوَانُهُ

الف: ان کے پتیوں سے رنگین مشروب نکلتا ہے ☐

ب: نکلتا ہے ان (شہد کی مکھی) کے شکموں سے ایسا مشروب جس کے رنگ مختلف ہیں ☐

Presented By: https://jafrilibrary.com

۴. أَوَ لَمْ يَتَفَكَّرُوا مَا بِصَاحِبِهِم مِّنْ [۱] جِنَّةٍ

الف: اور کیا ان سب نے نہیں سوچا، نہیں ہے ان کے ساتھی کو کوئی جنون ❑

ب: اور کیا ان سب نے نہیں سوچا ان کے ساتھی کو جنون ہے ❑

۵. أَللّٰهُ يَتَوَفَّى الْأَنفُسَ حِينَ مَوْتِهَا

الف: اللہ پورا کرتا ہے جانوں کو موت کے وقت ❑

ب: اللہ انجام تک پہنچاتا ہے جانوں کو ان کی موت کے وقت ❑

ب: کونسا جزء صحیح ھے؟

۱۔ یقیناً اس میں نشانی ہے اس گروہ کے لئے جو سوچتے ہیں:

الف: إِنَّ فِي ذٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يَتَفَكَّرُونَ ❑

ب: إِنَّ فِي ذٰلِكَ لَآيَةً لِّقَوْمٍ يَتَفَكَّرُونَ ❑

۲۔ اس طرح ہم تفصیل سے بیان کرتے ہیں نشانیوں کو اس گروہ کے لئے جو سوچتے ہیں:

الف: وَ تِلْكَ الْأَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُونَ ❑

ب: كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْآيَاتِ لِقَوْمٍ يَتَفَكَّرُونَ ❑

۳۔ خلق نہیں کیا اللہ نے آسمانوں کو اور زمین کو اور اس کو جو ان کے درمیان ہے مگر برحق:

الف: مَا خَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَ الْأَرْضَ وَ مَا بَيْنَهُمَا إِلَّا بِالْحَقِّ ❑

ب: وَ سَخَّرَ لَكُم مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا ❑

۴۔ اگر ہم نازل کرتے اس قرآن کو پہاڑ پر:

الف: قَدْ أَنزَلَ اللّٰهُ إِلَيْكُمْ ذِكْرًا ❑

ب: لَوْ أَنزَلْنَا هٰذَا الْقُرْآنَ عَلىٰ جَبَلٍ ❑

---

[۱] جیسا کہ پہلے بھی بیان کیا گیا ہے کہ جملہ منفی میں "مِن" کا ترجمہ "کوئی" ہوتا ہے۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

مشق نمبر(۳) مندرجہ ذیل عبارتوں کا ترجمہ کیجئے:

نمبرشمار	عبارت	ترجمہ
۱	اِنَّ فِیۡ خَلۡقِ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ	
۲	وَاخۡتِلَافِ الَّیۡلِ وَالنَّهَارِ	
۳	لَاٰیٰتٍ لِّاُولِی الۡاَلۡبَابِ	
۴	وَجَعَلَ بَیۡنَکُمۡ مَّوَدَّةً وَّرَحۡمَةً	
۵	اَوَلَمۡ یَتَفَکَّرُوۡا فِیۡۤ اَنۡفُسِهِمۡ	
۶	مَا خَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ وَمَا بَیۡنَهُمَاۤ اِلَّا...	
۷	وَاِنَّ کَثِیۡرًا مِّنَ النَّاسِ بِلِقَآئِ رَبِّهِمۡ لَکٰفِرُوۡنَ	
۸	مَا بِصَاحِبِهِمۡ مِّنۡ جِنَّةٍ	
۹	اِنۡ هُوَ اِلَّا نَذِیۡرٌ مُّبِیۡنٌ	
۱۰	لَوۡ اَنۡزَلۡنَا هٰذَا الۡقُرۡاٰنَ عَلٰی جَبَلٍ	
۱۱	فَاتَّقُوا اللّٰهَ یٰۤاُولِی الۡاَلۡبَابِ	

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

مشق نمبر(٤) دئے ہوئے الفاظ اور آیتوں کے ترجمہ کو مد نظر رکھتے ہوئے خالی جگھوں کو پُر کیجئے:

١. خَلَقَ لَكُمْ مِنْ أَنْفُسِكُمْ أَزْوَاجًا لِّتَسْكُنُوا إِلَيْهَا وَ جَعَلَ بَيْنَكُم مَّوَدَّةً

اس نے خلق کیا .... تم سب میں سے ....کوتا کہ ان کی طرف .... پاؤ اور .... تمہارے درمیان محبت ۔

٢. فِيهِ شِفَاءٌ لِّلنَّاسِ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً لِّقَوْمٍ يَتَفَكَّرُونَ

اس میں .... ہے لوگوں کے لئے .... اس میں .... ہے اس گروہ کے لئے .... ۔

٣. أَوَ لَمْ يَتَفَكَّرُوا فِي أَنْفُسِهِم مَّا خَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَ الْأَرْضَ وَ مَا بَيْنَهُمَا إِلَّا بِالْحَقِّ

کیاان سب نے .... اپنے اندر، خلق نہیں کیا .... کو اور زمین کو اور اس کو جو .... مگر .... ۔

٤. وَ تِلْكَ الْأَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُونَ

اور یہ .... ہیں ہم لوگوں کو .... ہیں کو .... وہ سوچیں ۔

٥. فَاتَّقُوا اللّٰهَ يَآ أُولِي الْأَلْبَابِ الَّذِينَ آمَنُوا قَدْ أَنْزَلَ اللّٰهُ إِلَيْكُمْ ذِكْرًا

پس اللہ سے ڈرواے وہ .... جو ایمان لائے .... اللہ نے .... ہے تمہاری طرف ذکر۔

مشق نمبر(٥) اب سبق کے شروع میں دی گئی قرآنی عبارتوں کو ایک بار غور سے پڑھئے اور پھر لفظ بلفظ ترجمہ کیجئے۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

تقویتی مشق

درج ذیل قرآنی عبارات اور آیات کا ترجمہ کیجئے:

۱. وَاِذْ قُلْتُمْ يٰمُوْسٰى لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰى نَرَى اللّٰهَ . . . فَاَخَذَتْكُمُ الصّٰعِقَةُ

....(بقرہ/۵۵)

۲. قَالَ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا بِالَّذِيْٓ اٰمَنْتُمْ بِهٖ كٰفِرُوْنَ

....(اعراف/۷۶)

۳. وَلَقَدْ نَعْلَمُ اَنَّهُمْ يَقُوْلُوْنَ اِنَّمَا يُعَلِّمُهٗ بَشَرٌ

....(نحل/۱۰۳)

۴. وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنٰهُ اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يُّرِيْدُ

....(حج/۱۶)

۵. وَاِذْ تَقُوْلُ لِلَّذِيْٓ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاَنْعَمْتَ عَلَيْهِ . . .

....(احزاب/۳۷)

۶. وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ جَعَلَكُمْ اَزْوَاجًا ﴿۱﴾

....(فاطر/۱۱)

۷. سَلٰمٌ عَلٰى نُوْحٍ فِي الْعٰلَمِيْنَ ۞ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ

....(صافات/۷۹-۸۰)

Presented By: https://jafrilibrary.com

قرآن کی زبان

فعل جَحد (ماضی منفی)

افعال کی ان دو قسموں کو ان کے معانی کے لحاظ سے ملاحظہ کریں:

پہلا گروہ	دوسرا گروہ
یُنَزِّلُ : وہ نازل کرتا ہے	لَمْ یُنَزِّلْ: اس نے نازل نہیں کیا
یَتَفَکَّرُونَ : وہ سب سوچتے ہیں	لَمْ یَتَفَکَّرُوا: ان سب نے نہیں سوچا
یَذْکُرُ : وہ یاد کرتا ہے	لَمْ یَذْکُرْ: اس نے یاد نہیں کیا

جیسا کہ آپ نے ملاحظہ کیا کہ پہلے گروہ میں افعال ''مضارع'' ہیں اور دوسرے گروہ کو اگرچہ مضارع سے بنایا گیا ہے لیکن اس کے معنیٰ ''فعل ماضی منفی'' کے ہیں۔ انھیں ''فعل جَحَد'' کہتے ہیں۔

البتہ فعل ماضی منفی بنانے کے لئے اس طرح سے بھی اقدام کیا جاسکتا ہے:

مَا + فعل ماضی ← فعل ماضی منفی جیسے: مَا + جَعَلَ = مَا جَعَلَ: اس نے قرار نہیں دیا

فعل جحد بنانے کا قاعدہ:

۱۔ ''لَمْ'' کو فعل مضارع کے شروع میں لائیں گے۔

۲۔ فعل مضارع کے آخری حرف کو ساکن کردیں گے۔ اگر فعل جمع مذکر ہو تو اس کے آخر سے ''ن'' کو ہٹادیں گے۔ جیسے:

یَذْکُرُ ← لَمْ + یَذْکُرُ ← لَمْ یَذْکُرْ

یَتَفَکَّرُونَ ← لَمْ + یَتَفَکَّرُونَ ← لَمْ یَتَفَکَّرُوا

Presented By: https://jafrilibrary.com

کبھی فعل جحد اس طرح بنایا جاتا ہے کہ مضارع کے شروع میں "لَمَّا" کا اضافہ کردیتے ہیں۔ البتہ "لَمْ" والے اور "لَمَّا" والے افعال جحد میں معنی کے لحاظ سے ذرا سا فرق ہے۔ جیسے:

یُنَزِّلُ: وہ نازل کرتا ہے   لَمْ یُنَزِّلْ: اس نے نازل نہیں کیا   لَمَّا یُنَزِّلْ: اس نے ابھی تک نازل نہیں کیا ہے

یَدْخُلُ: وہ داخل کرتا ہے   لَمْ یَدْخُلْ: اس نے داخل نہیں کیا   لَمَّا یَدْخُلْ: اس نے ابھی تک داخل نہیں کیا ہے

مشق: نقشہ کو فعل جحد کے قاعدہ کے مطابق مکمل کیجئے:

فعل مضارع	فعل جحد (لَمْ)	فعل جحد (لَمَّا)
تُنذِرُ: وہ ڈراتا ہے	لَمْ تُنذِرْ: اس نے نہیں ڈرایا	لَمَّا تُنذِرْ: اس نے ابھی تک نہیں ڈرایا ہے
تَفْعَلُونَ: تم سب انجام دیتے ہو	..........:..........	..........:..........
تَعْلَمُ: تم جانتے ہو	..........:..........	..........:..........
نُؤْمِنُ: ہم ایمان لاتے ہیں	..........:..........	..........:..........
یُنَزِّلُ: وہ نازل کرتا ہے	..........:..........	..........:..........
یُصَلُّونَ: وہ سب نماز پڑھتے ہیں	..........:..........	..........:..........
یُتَقَبَّلُ: وہ قبول ہوتا ہے	..........:..........	..........:..........
یَحْکُمُ: وہ حکم کرتا ہے	..........:..........	..........:..........
یَدْخُلُونَ: وہ سب داخل ہوتے ہیں	..........:..........	..........:..........
یَتَفَکَّرُونَ: وہ سب سوچتے ہیں	..........:..........	..........:..........
یَجْعَلُ: وہ قرار دیتا ہے	..........:..........	..........:..........
یَسْمَعُ: وہ سنتا ہے	..........:..........	..........:..........

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

مفاہیم قرآن سے آشنائی

آیات الٰہی میں غور و خوض

اس سبق میں بھی ایسی آیات کا انتخاب کیا گیا ہے جو تفکر و تعقل اور غور و خوض کرنے کی دعوت دیتی ہیں۔

ان آیتوں میں قرآن مجید انسان کو کچھ امور میں غور کرنے کی طرف بلاتا ہے؛ آسمانوں کی خلقت کے بارے میں، زمین کی پیدائش کے بارے میں، دنیا کی زندگی کے ختم ہونے اور قیامت کے آنے کے بارے میں: "اَوَلَمۡ یَتَفَکَّرُوۡا فِیۡۤ اَنۡفُسِہِمۡ ۟ مَا خَلَقَ اللّٰہُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ وَمَا بَیۡنَہُمَاۤ اِلَّا بِالۡحَقِّ وَاَجَلٍ مُّسَمًّی ؕ وَاِنَّ کَثِیۡرًا مِّنَ النَّاسِ بِلِقَآیِٔ رَبِّہِمۡ لَکٰفِرُوۡنَ"

اس بارے میں سوچنا کہ جو بھی آسمانوں اور زمین میں ہے اللہ نے اسے انسان کے استفادہ اور استعمال کے لئے چھوڑا ہے: "وَسَخَّرَ لَکُمۡ مَّا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الۡاَرۡضِ جَمِیۡعًا مِّنۡہُ ؕ اِنَّ فِیۡ ذٰلِکَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوۡمٍ یَّتَفَکَّرُوۡنَ"

اس بارے میں غور و فکر کہ شادی خانہ آبادی درحقیقت انسان کے نفسیاتی اور باطنی سکون کا باعث ہوتی ہے: "وَمِنۡ اٰیٰتِہٖۤ اَنۡ خَلَقَ لَکُمۡ مِّنۡ اَنۡفُسِکُمۡ اَزۡوَاجًا لِّتَسۡکُنُوۡۤا اِلَیۡہَا . . . اِنَّ فِیۡ ذٰلِکَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوۡمٍ یَّتَفَکَّرُوۡنَ"

شہد کی مکھی کی خلقت اور شہد کے خواص اور اس کے شفا دینے کے بارے میں غور و خوص کرنا: "یَخۡرُجُ مِنۡۢ بُطُوۡنِہَا شَرَابٌ مُّخۡتَلِفٌ اَلۡوَانُہٗ فِیۡہِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ؕ اِنَّ فِیۡ ذٰلِکَ لَاٰیَۃً لِّقَوۡمٍ یَّتَفَکَّرُوۡنَ"۔

مرگ و خواب کے بارے میں سوچنا اور ان کے درمیان کے فرق کی طرف متوجہ ہونا: "اَللّٰہُ یَتَوَفَّی الۡاَنۡفُسَ حِیۡنَ مَوۡتِہَا وَالَّتِیۡ لَمۡ تَمُتۡ فِیۡ مَنَامِہَا ۚ فَیُمۡسِکُ الَّتِیۡ قَضٰی عَلَیۡہَا الۡمَوۡتَ . . . اِنَّ فِیۡ ذٰلِکَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوۡمٍ یَّتَفَکَّرُوۡنَ"

Presented By: https://jafrilibrary.com

اسی طرح ان آیات میں بیان کیا گیا ہے کہ مشرکین چونکہ غور و فکر نہیں کرتے تھے اس لئے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ پر معاذ اللہ 'جنون' کی تہمت لگاتے تھے: "اَوَلَمْ یَتَفَکَّرُوْا ۜ مَا بِصَاحِبِهِمْ مِّنْ جِنَّةٍ ۭ اِنْ هُوَ اِلَّا نَذِیْرٌ مُّبِیْنٌ"

کیا واقعاً ایک مفکر انسان اس بات کو قبول کر سکتا ہے کہ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ معاذ اللہ دیوانے تھے؟ ایسی شخصیت جس کے افکار نے دشمن کو اس کے مقابلہ میں ناتواں کر کے رکھ دیا ہے اور اس نے الٰہی و عقلی علوم و معارف پر مشتمل کتاب، انسانیت کے حوالے کی ہے!

اللہ کا بے پایان سلام و درود ہو اس نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جو علم الٰہی کا مظہر ہیں۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

اختیاری مشق

دیئے گئے الفاظ اور معانی سے استفادہ کرتے ہوئے قرآنی عبارات کا ترجمہ کریں۔ واضح رہے کہ مانوس کلمات کے نیچے ایک لائن کھینچی گئی ہے۔

قرآنی آیتیں اور عبارتیں	نئے الفاظ
۱. وَهُوَ الَّذِي مَدَّ الْأَرْضَ وَجَعَلَ فِيهَا رَوَاسِيَ وَأَنْهَارًا ۖ وَمِنْ كُلِّ الثَّمَرَاتِ ... إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِقَوْمٍ يَتَفَكَّرُونَ ....(رعد/۳)	مَدَّ: اس نے پھیلایا رَوَاسیَ: اٹل پہاڑ (رَاسِيَة کی جمع) ثَمرَات: پھل (ثَمرة کی جمع)
۲. يُنْبِتُ لَكُمْ بِهِ الزَّرْعَ وَالزَّيْتُونَ وَالنَّخِيلَ وَالْأَعْنَابَ وَمِنْ كُلِّ الثَّمَرَاتِ ۗ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً لِقَوْمٍ يَتَفَكَّرُونَ ....(نحل/۱۱)	يُنبِتُ: وہ اگاتا ہے نَخِيلَ: کھجور کے درخت اَعْنَابَ: انگور (عِنَب کی جمع) زَرْعَ: کھیتی
۳. وَأَنْزَلْنَا إِلَيْكَ الذِّكْرَ لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ إِلَيْهِمْ وَلَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُونَ ....(نحل/۴۴)	
۴. وَأَوْحَىٰ رَبُّكَ إِلَى النَّحْلِ ... يَخْرُجُ مِنْ بُطُونِهَا شَرَابٌ مُخْتَلِفٌ أَلْوَانُهُ فِيهِ شِفَاءٌ لِلنَّاسِ ۗ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً لِقَوْمٍ يَتَفَكَّرُونَ ....(نحل/۶۸_۶۹)	أَوْحَىٰ: اس نے وحی کی نَحل: شہد کی مکھی

Presented By: https://jafrilibrary.com

نئے الفاظ	قرآنی آیتیں اور عبارتیں
أَعِظُ: میں نصیحت کرتا ہوں تَقُومُوا: تم سب کھڑے ہو مَثْنیٰ: دو دو کر کے تَتَفَكَّرُوا: تم سب سوچو فُرَادیٰ: ایک ایک کر کے	۵. قُلْ إِنَّمَا أَعِظُكُم بِوَاحِدَةٍ ۖ أَن تَقُومُوا لِلَّهِ مَثْنَىٰ وَفُرَادَىٰ ثُمَّ تَتَفَكَّرُوا .... (سباء/۴۶)
لَمْ تَمُتْ: وہ نہیں مرا ہے يُمْسِكُ: وہ روکتا ہے، وہ تھام رہا ہے	۶. اَللّٰهُ يَتَوَفَّى الْأَنفُسَ حِينَ مَوْتِهَا وَالَّتِي لَمْ تَمُتْ فِي مَنَامِهَا ۖ فَيُمْسِكُ الَّتِي قَضَىٰ عَلَيْهَا الْمَوْتَ ....(زمر/۴۲)
أُخْرىٰ: دوسرا، دوسری	۷. وَيُرْسِلُ الْأُخْرَىٰ إِلَىٰ أَجَلٍ مُّسَمًّى ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يَتَفَكَّرُونَ ....(زمر/۴۲)
مُتَصَدِّعٌ: پراگندہ ہو جانے والا، ٹکڑے ٹکڑے ہو جانے والا خَشْيَة: ڈر، خوف	۸. لَوْ أَنزَلْنَا هَٰذَا الْقُرْآنَ عَلَىٰ جَبَلٍ لَّرَأَيْتَهُ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللَّهِ ۚ وَتِلْكَ الْأَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُونَ ....(حشر/۲۱)

Presented By: https://jafrilibrary.com

دسواں حصہ

عبادات

- سینتیسواں سبق: نماز اور روزہ
- اڑتیسواں سبق: زکات اور خمس
- انتالیسواں سبق: حج، جہاد اور قتال
- چالیسواں سبق: امر بالمعروف و نہی عن المنکر، تولّیٰ و تبرّیٰ

Presented By: https://jafrilibrary.com
Presented By: https://jafrilibrary.com

سینتیسواں سبق

نمازاور روزہ

محترم متعلمین قرآن!

نیچے لکھی ہوئی قرآن کی آیتوں کو ایک بار غور سے پڑھئے۔

۱. وَاسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ ؕ وَاِنَّهَا لَكَبِيْرَةٌ اِلَّا عَلَى الْخٰشِعِيْنَ

....(بقرہ/۴۵)

۲. يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ

....(بقرہ/۱۵۳)

۳. يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ۞ اَيَّامًا مَّعْدُوْدٰتٍ ؕ فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَّرِيْضًا اَوْ عَلٰى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ اَيَّامٍ اُخَرَ ؕ

....(بقرہ/۱۸۳۔۱۸۴)

....

....

۴. وَالَّذِيْنَ صَبَرُوا ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِمْ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّ عَلَانِيَةً

....(رعد/۲۲)

....

۵. اِنَّنِيْۤ اَنَا اللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنَا فَاعْبُدْنِيْ ۙ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ لِذِكْرِيْ

....(طٰہ/۱۴)

Presented By: https://jafrilibrary.com

۶. فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاعْتَصِمُوْا بِاللّٰهِ ؕ هُوَ مَوْلٰىكُمْ ۚ فَنِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ

....(حج/۷۸)

۷. قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ۞ الَّذِيْنَ هُمْ فِىْ صَلَاتِهِمْ خٰشِعُوْنَ ۞ وَالَّذِيْنَ هُمْ عَنِ اللَّغْوِ مُعْرِضُوْنَ

....(نمل/۱۔۳)

....

۸. طٰسٓ ۚ تِلْكَ اٰيٰتُ الْقُرْاٰنِ وَكِتَابٍ مُّبِيْنٍ ۞ هُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ۞ الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ

....(مومنون/۱۔۳)

....

۹. الٓمّٓ ۞ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ ۞ هُدًى وَّرَحْمَةً لِّلْمُحْسِنِيْنَ ۞ الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ

....(لقمان/ ۱تا۴)

....

۱۰. اِنَّمَا تُنْذِرُ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ ﴿۱﴾ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ ؕ ... وَمَنْ وَاِلَى اللّٰهِ الْمَصِيْرُ

....(فاطر/۱۸)

....

﴿۱﴾ "بِـ" کا ترجمہ "میں" کیجیے۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

مانوس الفاظ اور نئے الفاظ

مانوس اور نئے الفاظ کو یاد کرنے کے بعد اگر گھر کا کوئی فرد یا آپ کا کوئی دوست آپ سے ان معنی کو پوچھے تو آپ کو ان کے یاد ہونے کا اطمینان ہو جائے گا۔

مانوس الفاظ	معنی	مانوس الفاظ	معنی
سَفَر	سفر	لَغْو	لغو، بیہودہ باتیں یا کام
عِدَّة	گنتی، طلاق کی عدت	مَرِيض	مریض، بیمار
سَوْفَ ﴿۱﴾	مستقبل بعید کی علامت، عنقریب	نَتْلُو [يَتْلُو ۹/۳۴]	ہم تلاوت کرتے ہیں، ہم پڑھتے ہیں
خَاشِعُونَ ـ خَاشِعِينَ	ڈرنے والے (خَاشِع کی جمع)		

نئے الفاظ	معنی	نئے الفاظ	معنی
لَمْ يَرَوْا	ان سب نے نہیں دیکھا	أُخَرَى	دوسرے، دیگر (أُخْرَىٰ کی جمع)
اِسْتَعِينُوا	تم سب مدد مانگو، تم سب مدد چاہو	اِعْتَصِمُوا	تم سب مضبوط پکڑو
أَفْلَحَ	وہ کامیاب ہوا	اِبْتِغَاء	حاصل کرنا، تلاش کرنا، طلب کرنا
أَقِمْ	تم قائم کرو، تم برپا کرو	أَنْفَقُوا	ان سب نے خرچ کیا، ان سب نے انفاق کیا
تُنْذِرُ	تم ڈراتے ہو	صَبَرُوا	ان سب نے صبر کیا
عَلَانِيَة	علی الاعلان، اعلانیہ طور پر، (سب کے سامنے)	كَبِير ـ كَبِيرَة	بزرگ، بڑا (بڑی) دشوار
مُعْرِضُونَ ـ مُعْرِضِينَ	روگرداں، منہ پھیرنے والے (جمع)	وَجْه	چہرہ، منہ، خوشنودی
يَخْشَوْنَ	وہ سب ڈرتے ہیں	اَشَدّ	انتہائی شدید، زیادہ، سخت
اَضَلّ	زیادہ گمراہ	تَرَىٰ	تم دیکھتے ہو
		يَرَوْنَ	وہ سب دیکھتے ہیں

﴿۱﴾ جیسا کہ آپ چونتیسویں سبق کے ”قرآن کی زبان“ میں پڑھ چکے ہیں کہ فعل مستقبل بعید کے بنانے کے لئے ”سوف“ کا استعمال ہوتا ہے۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

مشق و سوالات

مشق نمبر(۱) صحیح جواب پر نشان لگائیے:

الف: کونسا جزء صحیح ھے؟

۱. أَنفِقُوا ـ أَقَامُوا ـ صَبَرُوا:

الف:	تم سب خرچ کرو	تم سب قائم کرو	تم سب صبر کرو	☐
ب:	ان سب نے خرچ کیا	ان سب نے قائم کیا	ان سب نے صبر کیا	☐

۲. اِسْتَعِينُوا ـ اِعْتَصِمُوا ـ أَقِمْ:

الف:	تم سب مدد مانگو	تم سب مضبوط پکڑو	تم قائم کرو	☐
ب:	ان سب نے مدد مانگی	وہ سب وابستہ ہوئے	اس نے برپا کیا	☐

۳. صِيَام ـ اِبْتِغَاءَ ـ عَلَانِيَة:

الف:	روزے	تلاش کرنا	علی الاعلان	☐
ب:	روزے	غیبت کرنا	علی الاعلان	☐

۴. تُنْذِرُ ـ يَخْشَوْنَ ـ أَفْلَحَ:

الف:	تم ڈراتے ہو	وہ سب ڈرتے ہیں	اس نے کامیاب کیا	☐
ب:	تم ڈراتے ہو	وہ سب ڈرتے ہیں	وہ کامیاب ہوا	☐

۵. كَبِيرَة ـ مُعْرِضُونَ ـ وَجْه:

الف:	بزرگ	منہ پھیرنے والے	خوشنودی	☐
ب:	بڑی	منہ پھیرنے والے	آبرومند	☐

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

ب: کونسا جزء صحیح ھے؟

ا۔وہ سب ڈرتے ہیں - ان سب نے خرچ کیا:

الف: تُنْذِرُ ۔ اِعْتَصِمُوا ❑ ب: يَخْشَوْنَ ۔ أَنْفَقُوا ❑

۲۔تم قائم کرو - ان سب نے قائم کیا:

الف: أَقِمْ ۔ أَقَامُوا ❑ ب: أَقِيمُوا ۔ أَقَامُوا ❑

۳۔روزے - ان سب نے صبر کیا:

الف: صِيَام ۔ صَبَرُوا ❑ ب: عَلَانِيَةً۔ اِسْتَعِينُوا ❑

۴۔تلاش کرنا - منہ پھیرنے والے:

الف: اِعْتَصِمُوا ۔ مُعْرِضُونَ ❑ ب: اِبْتِغَاءَ ۔ مُعْرِضُونَ ❑

۵۔وہ کامیاب ہوا - تم ڈراتے ہو:

الف: أَفْلَحَ ۔ يَخْشَوْنَ ❑ ب: أَفْلَحَ ۔ تُنْذِرُ ❑

مشق نمبر(۲)

الف: عبارت کے صحیح ترجمہ پر نشان لگائیے:

ا. إِنَّنِي أَنَا اللّٰهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنَا

الف: یقیناً میں اللہ ہوں نہیں ہے کوئی معبود سوائے میرے ❑

ب: یہ میں ہوں خدا نہیں ہے کوئی معبود سوائے میرے تمہارے لئے ❑

۲. اَلَّذِينَ هُمْ فِي صَلَاتِهِمْ خَاشِعُونَ

الف: جو لوگ اپنی نماز میں اللہ سے ڈرتے ہیں ❑

ب: وہ لوگ جو اپنی نماز میں ڈرنے والے ہیں ❑

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

۳. إِنَّمَا تُنذِرُ الَّذِينَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُم بِالْغَيْبِ

الف: تم ڈراتے ہو صرف ان لوگوں کو جو اپنے پروردگار سے غیب میں ڈرتے ہیں ❑

ب: صرف وہ لوگ اللہ سے ڈرتے ہیں جو خلوت میں خدا ترس ہیں ❑

۴. وَ إِنَّهَا لَكَبِيرَةٌ إِلَّا عَلَى الْخَاشِعِينَ

الف: اور حتماً نماز دشوار ہے ڈرنے والوں پر ❑

ب: اور یقیناً وہ دشوار (بزرگ) ہے مگر ڈرنے والوں پر ❑

۵. وَ الَّذِينَ صَبَرُوا ابْتِغَاءَ وَجْهِ رَبِّهِمْ

الف: اور جن لوگوں نے صبر کیا اپنے پروردگار کی خوشنودی حاصل کرنے (کیلئے) ❑

ب: اور جن لوگوں نے صبر کیا تا کہ اپنے پروردگار کی خوشنودی حاصل کریں ❑

ب: کونسا جزء صحیح هے؟

۱۔ اور مدد مانگو صبر اور نماز سے:

الف: يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اسْتَعِينُوا بِالصَّبْرِ وَ الصَّلٰوةِ ❑

ب: وَ اسْتَعِينُوا بِالصَّبْرِ وَ الصَّلٰوةِ ❑

۲۔ ان سب نے قائم کی نماز اور خرچ کیا اس میں سے جو ان کو رزق دیا ہم نے:

الف: يُقِيمُونَ الصَّلٰوةَ وَ يُؤْتُونَ الزَّكٰوةَ ❑

ب: أَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَ أَنفَقُوا مِمَّا رَزَقْنَاهُمْ ❑

۳۔ پس قائم کرو تم سب نماز کو اور دو زکات کو:

الف: فَأَقِيمُوا الصَّلٰوةَ وَ آتُوا الزَّكٰوةَ ❑

ب: يُقِيمُونَ الصَّلٰوةَ وَ يُؤْتُونَ الزَّكٰوةَ ❑

۴۔ یہ آیتیں ہیں قرآن اور کھلی کتاب کی:

الف: تِلْكَ آيَاتُ الْكِتَابِ الْحَكِيمِ ❑

ب: تِلْكَ آيَاتُ الْقُرْآنِ وَ كِتَابٍ مُّبِينٍ ❑

Presented By: https://jafrilibrary.com

۵۔ ہدایت اور خوشخبری ہے مومنین کے لئے:

الف: هُدًى وَ رَحْمَةً لِّلْمُحْسِنِينَ ❑

ب: هُدًى وَ بُشْرَىٰ لِلْمُؤْمِنِينَ ❑

مشق نمبر(۳) مندرجہ ذیل عبارتوں کا ترجمہ کیجئے:

نمبر شمار	عبارت	ترجمہ
۱	فَاعْبُدْنِي وَأَقِمِ الصَّلٰوةَ لِذِكْرِي	
۲	وَالَّذِينَ هُمْ عَنِ اللَّغْوِ مُعْرِضُونَ	
۳	اِسْتَعِينُوا بِالصَّبْرِ﴿۱﴾ وَالصَّلٰوةِ	
۴	اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِينَ	
۵	اَلَّذِينَ يُقِيمُونَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُونَ الزَّكٰوةَ	
۶	وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوقِنُونَ	
۷	هُدًى وَّرَحْمَةً لِّلْمُحْسِنِينَ	
۸	وَاعْتَصِمُوا بِاللّٰهِ هُوَ مَوْلٰكُمْ	
۹	فَنِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيرُ	
۱۰	كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ	
۱۱	كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِينَ مِنْ قَبْلِكُمْ	
۱۲	قَدْ اَفْلَحَ﴿۲﴾ الْمُؤْمِنُونَ	

﴿۱﴾ "بِ" کا ترجمہ "سے" کیجئے۔

﴿۲﴾ "أفلح" کا فاعل چونکہ "المؤمنون" ہے اس لئے اس کا ترجمہ جمع کے اعتبار سے یعنی "کامیاب ہوئے" کریں۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

مشق نمبر(٤) دئے ہوئے الفاظ اور آیتوں کے ترجمہ کو مد نظر رکھتے ہوئے خالی جگھوں کو پُر کیجئے:

۱. لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنَا فَاعْبُدْنِي وَ أَقِمِ الصَّلٰوةَ لِذِكْرِي

نہیں ہے کوئی .... میرے .... تو تم .... میری اور .... نماز کو میری ذکر کے لئے۔

۲. إِنَّمَا تُنْذِرُ الَّذِينَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ وَ أَقَامُوا الصَّلٰوةَ

تم .... صرف ان کو جو .... اپنے پروردگار سے .... اور جنھوں نے .... نماز۔

۳. وَ أَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَ أَنْفَقُوا مِمَّا رَزَقْنَاهُمْ سِرًّا وَّ عَلَانِيَةً

اور .... نماز اور .... اس میں سے جوان کو رزق دیا ہم نے اس میں .... اور اعلانیہ طور پر۔

۴. يُقِيمُونَ الصَّلٰوةَ وَ يُؤْتُونَ الزَّكٰوةَ وَ هُمْ بِالْآخِرَةِ هُمْ يُوقِنُونَ

وہ سب نماز .... اور زکات دیتے ہیں اور وہی .... پر .... ہیں۔

۵. كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِينَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ

لکھے گئے .... کے اوپر .... جیسا کہ .... ان کے اوپر جو تم سب سے .... تھے، ....

تم سب .... اختیار کرو۔

مشق نمبر(٥) اب سبق کے شروع میں دی گئی قرآنی عبارتوں کے ترجمہ کی باری ھے۔ ہر عبارت کو ایک بار غور سے پڑھئے اور پھر ترجمہ کیجئے۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

تقویتی مشق

درج ذیل قرآنی عبارات اور آیات کا ترجمہ کیجیے:

۱. تِلْكَ اٰیٰتُ اللّٰهِ نَتْلُوْهَا عَلَیْكَ بِالْحَقِّ ؕ وَمَا اللّٰهُ یُرِیْدُ ﴿۱﴾ ظُلْمًا لِّلْعٰلَمِیْنَ

....(آل عمران/ ۱۰۸)

۲. وَسَوْفَ یَعْلَمُوْنَ حِیْنَ یَرَوْنَ الْعَذَابَ مَنْ اَضَلُّ سَبِیْلًا ﴿۲﴾

....(فرقان/ ۴۲)

۳. وَلَمَّا رَاَ الْمُؤْمِنُوْنَ الْاَحْزَابَ ۙ قَالُوْا هٰذَا مَا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ

....(احزاب/ ۲۲)

۴. اَوَلَمْ یَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ الَّذِیْ خَلَقَهُمْ هُوَ اَشَدُّ مِنْهُمْ قُوَّةً ؕ ﴿۳﴾

....(حٰمٓ السجدہ/ ۱۵)

۵. وَمِنْ اٰیٰتِهٖۤ اَنَّكَ تَرَى الْاَرْضَ خَاشِعَةً ﴿۴﴾

....(حٰمٓ السجدہ/ ۳۹)

﴿۱﴾ "وَ مَا اللّٰهُ یُرِیْدُ": اور اللہ ارادہ نہیں کرتا۔

﴿۲﴾ "سَبِیلًا": راستے کے لحاظ سے۔

﴿۳﴾ "قُوَّةً": قوت کے لحاظ سے۔

﴿۴﴾ "خاشعة": افسردہ، خشک، بے آب وگیاہ

Presented By: https://jafrilibrary.com

فعل امر(۱)

مندرجہ ذیل افعال کی دو صورتوں کو ملاحظہ کریں:

پہلا گروہ	دوسرا گروہ
تَنْصُرُ : تم مدد کرتے ہو	اُنْصُرْ : تم مدد کرو
تَقْتُلُونَ : تم سب قتل کرتے ہو	اُقْتُلُوا : تم سب قتل کرو
تَفْعَلُونَ : تم سب انجام دیتے ہو	اِفْعَلُوا : تم سب انجام دو
تَعْلَمُ : تم جانتے ہو	اِعْلَمْ : تم جانو
تَقْرَئُونَ : تم سب پڑھتے ہو	اِقْرَؤُوا : تم سب پڑھو
تَضْرِبُ : تم مارتے ہو	اِضْرِبْ : تم مارو

اس نقشہ کو دیکھ کر مندرجہ ذیل باتوں کو سمجھ سکتے ہیں:

۱۔ پہلی صورت میں مضارع حاضر کے صیغے ہیں اور دوسری صورت کے افعال میں کسی کام کی درخواست یا حکم پایا جاتا ہے؛ مثلاً "اُنْصُرْ "کسی سے مدد طلب کرنے کے وقت استعمال ہوتا ہے۔

دوسری صورت کے فعل کو "فعل امر" کہتے ہیں۔

۲۔ دوسری صورت والے افعال درحقیقت پہلی صورت والے افعال سے بنائے گئے ہیں؛ اس طرح کہ:

الف: حرف "ت" کو مضارع کے شروع سے حذف کر دیا گیا ہے اور اس کی جگہ "اِ" لایا گیا ہے۔ مثلاً:

تَعْلَمُ ← عْلَمُ ← اِعْلَمُ

ب: فعل واحد کے آخری حرف کو ساکن کر دیا گیا ہے۔ مثلاً: تَعْلَمُ ← عْلَمُ ← اِعْلَمُ ← اِعْلَمْ

Presented By: https://jafrilibrary.com

اور فعل جمع کے آخر سے "ن" کو حذف کردیا گیا ہے اور اس کی جگہ نہ پڑھے جانے والے "ا" کا اضافہ کیا گیا ہے۔

جیسے: تَنْصُرُونَ ← نُصُرُونَ ← اُنْصُرُونَ ← اُنْصُرُوا

نوٹ: ایک

فعل امر کے شروع میں "ا" کو اس لئے لاتے ہیں کیونکہ "ت" کے حذف ہونے کے بعد اس لفظ کا پہلا حرف ساکن ہوجائے گا اور عربی زبان میں کسی بھی لفظ کا پہلا حرف ساکن نہیں ہوسکتا۔ مثال:

تَعْلَمُ کی "ت" حذف ہونے کے بعد ایسا لفظ سامنے آتا ہے جس کا پہلا حرف ساکن ہے (عْلَمُ) اور عربی زبان میں ایسا لفظ پڑھا نہیں جاسکتا۔

نوٹ: دو

جب بھی فعل مضارع کے دوسرے نمبر کے اصلی حرف پر پیش ہوتو "ا" پر بھی پیش رہے گا۔ مثال: تَنْصُرُ کا دوسرے اصلی حرف یعنی "ص" پر پیش ہے لہٰذا اس کے "ا" پر بھی پیش ہی رہے گا: اُنْصُرُ

اور اگر دوسرے نمبر کے اصلی حرف پر زیر یا زبر ہوتو دونوں صورتوں میں "ا" پر زیر رہے گا۔ مثال:

تَعْلَمُ سے اِعْلَمْ اور تَضْرِبُ سے اِضْرِبْ۔

نوٹ: تین

جن افعال کا ماضی "أَفْعَلَ" کے وزن پر ہو ان کے فعل امر کے "ا" پر زبر رہے گا مثلا:

أَنْزَلَ (اس نے نازل کیا) ← تُنْزِلُ (تم نازل کرتے ہو) ← أَنْزِلْ (تم نازل کرو)۔

أَخْرَجَ (اس نے نکالا) ← يُخْرِجُ (تم نکالتے ہو) ← أَخْرِجْ (تم نکالو)۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

نمازاورروزہ

معبود حقیقی

عبادت ایک فطری تقاضا ہے اور ہرانسان کسی نہ کسی طرح اس باطنی تقاضے کو پورا کرتا ہے۔ جولوگ اللہ کے علاوہ کسی اور چیز کی عبادت کرتے ہیں ان کی خطا یہ نہیں ہے کہ وہ عبادت کرتے ہیں بلکہ ان کی غلطی یہ ہے کہ وہ ایک ایسی چیز کی عبادت کرتے ہیں جولائق عبادت نہیں ہے۔ اللہ نے اپنی ذات مقدس کی صفات کو معبود حقیقی بیان کیا ہے اسی وجہ سے ہمیں اپنی عبادت کی دعوت دیتا ہے: ''اِنَّنِیْٓ اَنَا اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدْنِیْ '' ہاں! واقعا صرف وہی ذات عبادت کے لائق ہوسکتی ہے جس میں تمام صفات جمال وکمال موجود ہوں؛ وہی اللہ جو اپنے بندوں کے لئے بہترین مددگار ہے لہٰذا بہتر یہی ہے کہ اسی کی عبادت کی جائے اور صرف اس کی درگاہ میں اپنی پیشانی کو جھکادیا جائے: ''فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاعْتَصِمُوْا بِاللّٰهِ ۭ هُوَ مَوْلٰىكُمْ ۚ فَنِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ''

نماز کا مقصد

قرآن مجید نے نماز کے مقصد کو یوں بیان کیا ہے کہ اس سے بندگان خدا کے دلوں میں ہمیشہ یادِ خدا رہے گی: ''اِنَّنِیْٓ اَنَا اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدْنِیْ ۙ وَاَقِمِ الصَّلٰوۃَ لِذِكْرِیْ''

سچّے نمازی

نماز ایسے بہت سے لوگوں کے لئے سخت وسنگین ہے جو صرف ''ایک بوجھ کو اتارنے'' کے عنوان سے نماز پڑھتے ہیں: ''وَاسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ ۭ وَاِنَّهَا لَكَبِيْرَةٌ اِلَّا عَلَي الْخٰشِعِيْنَ ''۔ صرف ان لوگوں کا ذہن نماز کی شیرینی سے شیریں ہوتا ہے جو معبود کی عظمت وقدرت کے سامنے سر جھکائے رہتے ہیں؛ نماز میں خشوع کے نتیجہ میں کامیابی وکامرانی نصیب ہوتی ہے: ''قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ صَلَاتِهِمْ خٰشِعُوْنَ''۔ ظاہر ہے کہ ایسی نماز سے انسان کے دل کے گلستان میں تمام فضائل کے پھول کھلتے رہتے ہیں اور اس کو

Presented By: https://jafrilibrary.com

"محسن: نیکی کرنے والا" اور "مومن" کے لقب سے نوازا جاتا ہے: "... هُدًى وَّرَحْمَةً لِّلْمُحْسِنِيْنَ ۞ الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ"، "هُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ۞ الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ"

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تبلیغ اور انذار کا صرف اسی کے دل میں اثر ہوتا ہے جو آپ کی تبلیغ کے بعد تنہائی میں اللہ سے ڈرے اور نماز قائم کرتا رہے: "اِنَّمَا تُنْذِرُ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ ... وَاِلَى اللّٰهِ الْمَصِيْرُ"

روزہ

روزہ ایک اہم عبادت ہے اور قرآن میں بعض آیات کے اندر نماز کے ساتھ ساتھ آیا ہے۔

روزے کا مقصد

قرآن مجید میں روزہ کا مقصد بیان کرتے وقت کہا گیا ہے کہ اس سے تقویٰ کی فضیلت روزہ دار کے دل میں مستحکم ہوتی ہے: "يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ" نماز اور روزہ کو تمام ادیان الٰہی میں بہت اہمیت حاصل ہے۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

اختیاری مشق

دیے گئے الفاظ اور معانی سے استفادہ کرتے ہوئے قرآنی عبارات کا ترجمہ کریں۔

قرآنی آیتیں اور عبارتیں	نئے الفاظ
۱. وَ اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَارْكَعُوْا مَعَ الرّٰكِعِيْنَ ....(بقرہ/۴۳)	اِرْكَعُوا: تم سب رکوع کرو رَاكِعِينَ: رکوع کرنے والے
۲. حٰفِظُوْا عَلَى الصَّلَوٰتِ وَالصَّلٰوةِ الْوُسْطٰى وَقُوْمُوْا لِلّٰهِ قٰنِتِيْنَ ....(بقرہ/۲۳۸)	حَافِظُوا: تم سب پابندی کرو، تم سب حفاظت کرو وُسْطٰى: درمیانی، بیچ والا قُومُوا: تم سب کھڑے ہو قَانِتِينَ: فرمانبردار افراد
۳. اِنَّ الصَّلٰوةَ كَانَتْ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ كِتٰبًا مَّوْقُوْتًا ....(نساء/۱۰۳)	كِتَاب: واجب، لکھی ہوئی مَوْقُوت: معین وقت میں
۴. يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا قُمْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ فَاغْسِلُوْا وُجُوْهَكُمْ وَاَيْدِيَكُمْ ....(مائدہ/۶)	قُمْتُمْ: تم سب کھڑے ہوئے اِغْسِلُوا: تم سب دھوو

Presented By: https://jafrilibrary.com

نئے الفاظ	قرآنی آیتیں اور عبارتیں
اُتْلُ: تم تلاوت کرو	۵. اُتْلُ مَآ اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنَ الْكِتٰبِ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ ؕ اِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ ؕ وَلَذِكْرُ اللّٰهِ اَكْبَرُ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَصْنَعُوْنَ ....(عنکبوت/۴۵)
وَانْهَ: اور تم روکو	۶. يٰبُنَيَّ اَقِمِ الصَّلٰوةَ وَاْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ وَانْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَاصْبِرْ عَلٰى مَآ اَصَابَكَ ؕ ....(لقمان/۱۷)
مُصَلِّيْنَ: نماز پڑھنے والے دَائِمُوْنَ: ہمیشہ رہنے والے، مداومت کرنے والے	۷. اِلَّا الْمُصَلِّيْنَ ۞ الَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَاتِهِمْ دَآئِمُوْنَ ۞ وَالَّذِيْنَ فِيْٓ اَمْوَالِهِمْ حَقٌّ مَّعْلُوْمٌ ۞ لِّلسَّآئِلِ وَالْمَحْرُوْمِ ....معارج/۲۲-۲۵)
أَقْرِضُوا: تم سب قرض دو حَسَنًا: اچھا، نیک	۸. اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا ؕ ....(مزمل/۲۰)
تَزَكّٰى: وہ پاکیزہ ہوا صَلّٰى: اس نے نماز پڑھی	۹. قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى ۞ وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهٖ فَصَلّٰى ....(اعلیٰ/۱۴-۱۵)

Presented By: https://jafrilibrary.com

اڑتیسواں سبق

زکات اور خمس

محترم متعلّمین قرآن!

نیچے لکھی ہوئی قرآن کی آیتوں کو ایک بار غور سے پڑھیے۔

۱. وَإِذْ أَخَذْنَا مِيثَاقَ بَنِي إِسْرَائِيلَ لَا تَعْبُدُونَ إِلَّا اللَّهَ وَبِالْوَالِدَيْنِ إِحْسَانًا . . .
وَقُولُوا لِلنَّاسِ حُسْنًا وَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَآتُوا الزَّكَاةَ ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ إِلَّا قَلِيلًا
مِنْكُمْ وَأَنْتُمْ مُعْرِضُونَ

....(بقرہ/۸۳)

....

....

۲. وَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَآتُوا الزَّكَاةَ وَمَا تُقَدِّمُوا لِأَنْفُسِكُمْ مِنْ خَيْرٍ تَجِدُوهُ عِنْدَ
اللَّهِ إِنَّ اللَّهَ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ

....(بقرہ/۱۱۰)

....

۳. إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ وَآتَوُا الزَّكَاةَ لَهُمْ
أَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ

....(بقرہ/۲۷۷)

....

Presented By: https://jafrilibrary.com

۴. وَ اعْلَمُوْٓا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِّنْ شَیْءٍ فَاَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهٗ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِی الْقُرْبٰی . . .
وَاللّٰهُ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ

....(انفال/ ۴۱)

....

۵. فَاِنْ تَابُوْا وَ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَ اٰتَوُا الزَّكٰوةَ فَاِخْوَانُكُمْ فِی الدِّیْنِ

....(توبہ/ ۱۱)

....

۶. اِنَّمَا یَعْمُرُ مَسٰجِدَ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَی الزَّكٰوةَ
وَلَمْ یَخْشَ اِلَّا اللّٰهَ فَعَسٰٓی اُولٰٓئِكَ اَنْ ﴿۱﴾ یَّكُوْنُوْا مِنَ الْمُهْتَدِیْنَ

....(توبہ/ ۱۸)

....

۷. وَاذْكُرْ فِی الْكِتٰبِ اِسْمٰعِیْلَ اِنَّهٗ كَانَ صَادِقَ الْوَعْدِ وَكَانَ رَسُوْلًا نَّبِیًّا ۞ وَكَانَ
یَاْمُرُ ﴿۲﴾ اَهْلَهٗ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ

....(مریم/ ۵۴-۵۵)

....

۸. قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ۞ الَّذِیْنَ هُمْ فِیْ صَلَاتِهِمْ خٰشِعُوْنَ ۞ وَ الَّذِیْنَ
هُمْ عَنِ اللَّغْوِ مُعْرِضُوْنَ ۞ وَالَّذِیْنَ هُمْ لِلزَّكٰوةِ فٰعِلُوْنَ

....(مومنون/ ۱-۴)

....

﴿۱﴾ بہتر ہے کہ یہاں پر "اَنْ" کا ترجمہ نہ کریں۔

﴿۲﴾ "كَانَ یَاْمُرُ: وہ حکم دیتا تھا" ماضی استمراری ہے۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

۹. وَوَیۡلٌ لِّلۡمُشۡرِکِیۡنَ ۞ الَّذِیۡنَ لَا یُؤۡتُوۡنَ الزَّکٰوۃَ وَھُمۡ بِالۡاٰخِرَۃِ ھُمۡ کٰفِرُوۡنَ

....(حٰمٓ السجدۃ / ۶-۷)

....

۱۰. وَ تَابَ اللّٰہُ عَلَیۡکُمۡ فَاَقِیۡمُوا الصَّلٰوۃَ وَاٰتُوا الزَّکٰوۃَ وَاَطِیۡعُوا اللّٰہَ وَرَسُوۡلَہٗ
وَاللّٰہُ خَبِیۡرٌۢ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ

....(مجادلہ / ۱۳)

....

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

مانوس الفاظ اور نئے الفاظ

مانوس اور نئے الفاظ کو پڑھیے اور انھیں ذہن نشین کر لیجیے۔

مانوس الفاظ	معنی	مانوس الفاظ	معنی
أَقَامَ [أَقَامُوا ۱۰/۳۷]	اس نے قائم کیا، اس نے برپا کیا	خُمُس	خمس، پانچواں حصہ
صَادِق	سچا، صادق	تُكَذِّبُونَ [يُكَذِّبُ ۷/۲۶]	تم سب جھٹلاتے ہو
مَسَاجِد	مسجدیں	وَالِدَيْن	ماں باپ، والدین
حُسْنًا	اچھائی سے، نیکی سے	آثَار	آثار، نشانات

نئے الفاظ	معنی	نئے الفاظ	معنی
آتَوْا	ان سب نے دیا، ان سب نے ادا کیا	إِخْوَان	بھائی (أخ کی جمع)
تَابَ	اس نے توبہ [قبول] کی	تَابُوا	ان سب نے توبہ کی
تَجِدُوا	تم سب پاؤ گے	تُقَدِّمُوا	تم سب آگے بڑھاؤ گے (بڑھاتے ہو)
غَنِمْتُم	تم سب نے فائدہ پایا، مال غنیمت پایا	قُرْبَىٰ	قرابت، رشتہ داری
لَمْ يَخْشَ	وہ نہیں ڈرا	يَعْمُرُ	وہ آباد کرتا ہے، وہ تعمیر کرتا ہے
يَكُونُوا	وہ سب ہوں	ذُوقُوا	تم سب چکھو
اِئْتِ بِـ	تم لاؤ	اِئْتُوا بِـ	تم سب لاؤ
اُدْعُ	تم بلاؤ، تم دعوت دو	اُدْعُوا	تم سب بلاؤ، تم سب دعوت دو
اِغْفِرْ	تو بخش دے، معاف کر دے	اُنْظُرْ	تم دیکھو
آتَىٰ	اُس نے دیا	يَأْتِي	وہ آتا ہے
وَيْل	افسوس، وائے	آتُوا	تم سب دو، تم سب ادا کرو
فَاعِلُونَ ـ فَاعِلِينَ	انجام دینے والے، کرنے والے		

Presented By: https://jafrilibrary.com

مشق و سوالات

مشق نمبر(۱) صحیح جواب پر نشان لگائیے:

الف: کونسا جزء صحیح ھے؟

۱. آتَیٰ ـ أَقَامَ ـ آتَوْا:

الف: اس نے دیا — اس نے قائم کیا — ان سب نے دیا ☐

ب: وہ آیا — وہ کھڑا ہوا — وہ سب آئے ☐

۲. وَيْل ـ حُسْناً ـ قُرْبَیٰ:

الف: افسوس(وائے) — اچھائی سے — رشتہ داری ☐

ب: جہنم — اچھائی — دوستدار ☐

۳. تَجِدُوا ـ تُقَدِّمُوا ـ تَابُوا:

الف: تم سب پاؤ گے — تم سب آگے بڑھاؤ گے — تم سب توبہ کرو ☐

ب: تم سب پاؤ گے — تم سب آگے بڑھاؤ گے — ان سب نے توبہ کی ☐

۴. آتَوْا ـ إِخْوَان ـ يَأْتِي

الف: ان سب نے دیا — بھائی(أخ کی جمع) — وہ آیا ☐

ب: ان سب نے دیا — بھائی(أخ کی جمع) — وہ آتا ہے ☐

۵. يَعْمُرُ ـ يَكُونُوا ـ غَنِمْتُمْ:

الف: وہ آباد کرتا ہے — وہ سب ہوں — تم سب نے فائدہ پایا ☐

ب: اس نے آباد کیا — وہ سب تھے — تم سب نے فائدہ پایا ☐

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

ب: کونسا جزء صحیح ھے؟

۱۔ اس نے دیا - اس نے قائم کیا:

الف: أَقَامَ ـ آتَیٰ ❑ ب: آتَیٰ ـ أَقَامَ ❑

۲۔ رشتہ داری - اچھائی سے:

الف: قُرْبَیٰ ـ حُسْنًا ❑ ب: إِخْوَان ـ وَیْل ❑

۳۔ تم سب آگے بڑھاوٴگے - تم سب پاوٴگے:

الف: تُقَدِّمُوا ـ تَجِدُوا ❑ ب: تَابُوا ـ تَجِدُوا ❑

۴۔ وہ سب ہوں - ماں باپ:

الف: یَکُونُوا ـ وَالِدَة ❑ ب: یَکُونُوا ـ وَالِدَیْن ❑

۵۔ تم سب نے فائدہ پایا - ان سب نے توبہ کی:

الف: غَنِمْتُمْ ـ تَابُوا ❑ ب: غَنِمْتُمْ ـ آتُوا ❑

مشق نمبر(۲)

الف: عبارت کے صحیح ترجمہ پر نشان لگائیے:

۱. إِنَّهُ كَانَ صَادِقَ الْوَعْدِ وَ كَانَ رَسُولًا نَّبِيًّا

الف: یقیناً وہ تھا وعدہ کا سچا اور تھا رسول نبی ❑

ب: یقیناً اس کا وعدہ سچا اور اس کی رسالت نیا بتی تھی ❑

۲. وَ مَا تُقَدِّمُوا لِأَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ

الف: اور جو کچھ آگے بڑھایا تم سب نے اپنے لئے نیکی میں سے ❑

ب: اور جو کچھ آگے بڑھاتے ہو تم سب اپنے لئے نیکی میں سے ❑

۳. وَ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَ لَا هُمْ يَحْزَنُونَ

الف: نہ وہ سب ڈرتے ہیں اور نہ ہی انھیں کچھ غم ہے ❑

ب: اور نہ ڈر ہے ان سب پر اور نہ وہ سب غمگین ہوتے ہیں ❑

Presented By: https://jafrilibrary.com
Presented By: https://jafrilibrary.com

۴. وَ تَابَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ ﴿۱﴾ فَأَقِيمُوا الصَّلٰوةَ

الف: اور قبول کی اللہ نے تم سب کی توبہ تو تم سب قائم کرو نماز ☐

ب: اور اللہ پر ہے تم سب کی توبہ لہٰذا نماز قائم کرو ☐

۵. وَ الَّذِينَ هُمْ عَنِ اللَّغْوِ مُعْرِضُونَ

الف: اور جو لوگ لغو باتوں سے منہ پھیرنے والے ہیں ☐

ب: اور جو لوگ لغو باتوں سے منہ پھیرتے ہیں ☐

ب: کونسا جزء صحیح ہے؟

۱۔ اور تم سب قائم کرو نماز اور ادا کرو زکات:

الف: وَ أَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَ آتَوُا الزَّكٰوةَ ☐

ب: وَ أَقِيمُوا الصَّلٰوةَ وَ آتُوا الزَّكٰوةَ ☐

۲۔ اور اس نے قائم کی نماز اور ادا کی زکات:

الف: وَ أَقَامَ الصَّلٰوةَ وَ آتَى الزَّكٰوةَ ☐

ب: وَ أَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَ آتَوُا الزَّكٰوةَ ☐

۳۔ اور وہ حکم دیتا تھا اپنے گھر والوں کو نماز اور زکات کے بارے میں:

الف: وَ الَّذِينَ هُمْ لِلزَّكٰوةِ فٰعِلُونَ ☐

ب: وَ كَانَ يَأْمُرُ أَهْلَهُ بِالصَّلٰوةِ وَ الزَّكٰوةِ ☐

۴۔ اور جو لوگ زکات کو انجام دیتے ہیں ﴿۲﴾:

الف: وَ الَّذِينَ هُمْ لِلزَّكٰوةِ فٰعِلُونَ ☐

ب: وَ آتُوا الزَّكٰوةَ ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ ☐

﴿۱﴾ اس عبارت کا سلیس ترجمہ یوں کیجئے: خدا نے تمہاری توبہ قبول کی۔

﴿۲﴾ یعنی: جو افراد زکات دیتے ہیں۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

مشق نمبر(۳) مندرجہ ذیل عبارتوں کا ترجمہ کیجئے:

نمبر شمار	عبارت	ترجمہ
۱	وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِسْمٰعِيْلَ	
۲	اِنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ	
۳	وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ لَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ	
۴	فَاِنْ تَابُوْا...فَاِخْوَانُكُمْ فِي الدِّيْنِ	
۵	وَ تَابَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ	
۶	قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ۞ اَلَّذِيْنَ هُمْ فِيْ صَلَاتِهِمْ خٰشِعُوْنَ	
۷	اَلَّذِيْنَ هُمْ لِلزَّكٰوةِ ﴿۱﴾ فٰعِلُوْنَ	
۸	وَوَيْلٌ لِّلْمُشْرِكِيْنَ ۞ الَّذِيْنَ لَا يُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ	
۹	اِنَّمَا يَعْمُرُ مَسٰجِدَ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ	
۱۰	فَعَسٰى اُولٰٓئِكَ اَنْ يَّكُوْنُوْا مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ	
۱۱	لَا تَعْبُدُوْنَ اِلَّا اللّٰهَ وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا	
۱۲	ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْكُمْ وَاَنْتُمْ مُّعْرِضُوْنَ	

یاد رکھنے کے لئے

"وَيل" کے بعد جب بھی "لِـ" آئے تو اس کا ترجمہ "پر" ہوگا، جیسے:

وَيْلٌ لِلْمُشْرِكِيْنَ - وَيْلٌ لِلْكَافِرِيْنَ - وَيْلٌ لَهُمْ: وائے ہو ان پر۔

﴿۱﴾ "لِلزَّكٰوةِ" میں "لِـ" کا ترجمہ نہ کریں۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

مشق نمبر(٤) دیئے ہوئے الفاظ اور آیتوں کے ترجمہ کو مد نظر رکھتے ہوئے خالی جگہوں کو پُر کیجئے

۱. وَ مَا تُقَدِّمُوا لِأَنفُسِكُم مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوهُ عِنْدَ اللّٰهِ

اور جو کچھ............... بڑھاؤ گے اپنے لئے .... تم پاؤ گے اسے .... ۔

۲. إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَ عَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَ أَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَ آتَوُا الزَّكٰوةَ

یقیناً جو............... اور............... اچھے کام اور قائم کی نماز اور............... زکات ۔

۳. وَ أَقَامَ الصَّلٰوةَ وَ آتَى الزَّكٰوةَ وَ لَمْ يَخْشَ إِلَّا اللّٰهَ

اور اس نے .... اور ادا کی زکات اور .... اللہ کے علاوہ ۔

۴. وَ إِذْ أَخَذْنَا مِيثَاقَ بَنِي إِسْرَائِيلَ لَا تَعْبُدُونَ إِلَّا اللّٰهَ

اور جب ہم نے .... بنی اسرائیل .... ، نہیں .... اللہ کے علاوہ ۔

۵. وَ اعْلَمُوا أَنَّمَا﴿۱﴾ غَنِمْتُم مِّن شَيْءٍ فَأَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهُ وَ لِلرَّسُولِ

اور تم سب جان لو کہ جو .... کسی چیز سے تو یقیناً اللہ کے لئے ہے .... پانچواں حصہ اور .... کے لئے ۔

مشق نمبر(٥) اب سبق کے شروع میں دی گئی قرآنی عبارتوں کے ترجمہ کی باری ھے ۔ ھر عبارت کو ایک بار غور سے پڑھئے اور پھر لفظ بلفظ ترجمہ کیجئے۔

﴿۱﴾ اَنَّمَا : اَنَّ +مَا۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

تقویتی مشق

درج ذیل قرآنی عبارات اور آیات کا ترجمہ کیجئے:

۱. وَاِنْ كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا فَأْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّنْ﴿۱﴾ مِّثْلِهٖ وَادْعُوْا شُهَدَآءَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ

....(بقرہ/ ۲۳)

....

۲. اَلَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اِنَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا

....(آل عمران/ ۱۶)

۳. وَقَالَ فِرْعَوْنُ ائْتُوْنِيْ بِكُلِّ سٰحِرٍ عَلِيْمٍ

....(یونس/ ۷۹)

۴. اُدْعُ اِلٰى سَبِيْلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ

....(نحل/ ۱۲۵)

۵. فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖٓ اِلَّآ اَنْ قَالُوا ائْتِنَا بِعَذَابِ اللّٰهِ

....(عنکبوت/ ۲۹)

۶. فَانْظُرْ اِلٰٓى اٰثٰرِ رَحْمَتِ اللّٰهِ كَيْفَ يُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا

....(روم/ ۵۰)

۷. وَقِيْلَ لَهُمْ ذُوْقُوْا عَذَابَ النَّارِ الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ﴿۲﴾

....(سجدہ/ ۲۰)

﴿۱﴾ "مِن" کا ترجمہ نہ کریں۔

﴿۲﴾ "کُنتُم تُکَذِّبُونَ": "تم سب جھٹلاتے تھے" ماضی استمراری ہے۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

قرآن کی زبان

فعل امر (۲)

محترم متعلمین قرآن! سینتیسویں سبق کے "قرآن کی زبان" کے حصہ کو ایک بار پھر غور سے پڑھیے اس کے بعد بغیر کسی جلد بازی کے اس سبق کی مشقوں کو انجام دیجیے:

مشق: ایک

فعل کے حروف اصلی	فعل مضارع واحد	فعل امر
ع ل م	تَعْلَمُ : تم جانتے ہو	اِعْلَمْ : تم جانو
ع م ل	تَعمَلُ : تم انجام دیتے ہو	
ک ت ب	تَكْتُبُ : تم لکھتے ہو	اُكْتُبْ: تم لکھو
د خ ل	تَدْخُلُ : تم داخل ہوتے ہو	
ج ع ل	تَجْعَلُ : تم قرار دیتے ہو	
ح ذ ر	تَحْذَرُ : تم ڈرتے ہو	
خ ر ج	تَخْرُجُ : تم نکلتے ہو	
ر ج ع	تَرْجِعُ : تم پلٹتے ہو	
ذ ک ر	تَذْكُرُ : تم یاد کرتے ہو	
ذ ھ ب	تَذْهَبُ : تم جاتے ہو	
س م ع	تَسْمَعُ : تم سنتے ہو	
ش ک ر	تَشْكُرُ : تم شکر کرتے ہو	
ع ب د	تَعْبُدُ : تم عبادت کرتے ہو	
ص ب ر	تَصْبِرُ : تم صبر کرتے ہو	

Presented By: https://jafrilibrary.com

مشق: دو

فعل کے حروف اصلی	فعل مضارع واحد	فعل امر
ع ل م	تَعلَمُونَ : تم سب جانتے ہو	اِعْلَمُوا : تم سب جانو
ع م ل	تعملُونَ : تم سب انجام دیتے ہو	
ک ت ب	تَکْتُبُونَ : تم سب لکھتے ہو	اُکْتُبوا: تم سب لکھو
د خ ل	تَدْخُلُونَ : تم سب داخل ہوتے ہو	
ج ع ل	تجعَلُونَ : تم سب قرار دیتے ہو	
ح ذ ر	تحذَرُونَ : تم سب ڈرتے ہو	
خ ر ج	تخرُجُونَ : تم سب نکلتے ہو	
ر ج ع	ترجِعُونَ : تم سب پلٹتے ہو	
ذ ک ر	تذْکُرُونَ : تم سب یاد کرتے ہو	
ذ ھ ب	تذْھَبُونَ : تم سب جاتے ہو	
س م ع	تَسْمَعُونَ : تم سب سنتے ہو	
ش ک ر	تَشکُرُونَ : تم سب شکر کرتے ہو	
ع ب د	تعْبُدُونَ : تم سب عبادت کرتے ہو	
ص ب ر	تَصْبِرُونَ : تم سب صبر کرتے ہو	

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

زکات اور خمس

زکات، ایک اہم عبادت

زکات ایک ایسی عبادت ہے جسے قربت کی نیت سے انجام دینا ضروری ہے۔ نماز اور روزے کی طرح زکات بھی انبیائے الٰہی کی پہلی سفارشوں میں رہی ہے: "وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِسْمٰعِيْلَ ... وَكَانَ يَاْمُرُ اَهْلَهٗ بِالصَّلٰوةِ وَ الزَّكٰوةِ..."

بنی اسرائیل ان امتوں میں ایک تھی جن سے اللہ نے عہد بندگی لیا تھا۔ ان قوم کے میثاق الٰہی میں سے ایک یہ تھا کہ زکات ادا کریں۔ لیکن اس ناسپاس قوم کی اکثریت نے اس میثاق کو توڑ دیا اور زکات جیسے اہم امر کی نافرمانی کی: "وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ لَا تَعْبُدُوْنَ اِلَّا اللّٰهَ وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا... وَقُوْلُوْا لِلنَّاسِ حُسْنًا وَّاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ۭ ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْكُمْ وَاَنْتُمْ مُّعْرِضُوْنَ"

Presented By: https://jafrilibrary.com

زکات، اسلام و ایمان کا مظہر

کلام اللہ کی آیات اس بات کو بیان کرتی ہیں کہ اسلامی شریعت میں زکات، انتہائی اہمیت کی حامل ہے۔ اکثر وہ آیتیں جو نماز کا حکم دیتی ہیں وہ زکات کا بھی حکم دیتی ہیں۔ نماز کی طرح زکات بھی انسانوں کے لئے اسلام کی پہچان ہے، اس طرح کہ کفار اگر توبہ کرلیں اور نماز و زکات کی پابندی کریں تو وہ ہمارے بھائی شمار ہونے لگیں گے: "فَاِنْ تَابُوْا وَ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَ اٰتَوُا الزَّكٰوةَ فَاِخْوَانُكُمْ فِي الدِّيْنِ" اسی طرح اللہ توبہ قبول کرنے کے بعد ان سے نماز اور زکات کی پابندی کا مطالبہ کرتا ہے: "وَ تَابَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَ اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۭ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ"

زکات ادا کرنا، دل سے نماز پڑھنے کی طرح ایمان کی نشانی اور مومن کی صفت ہے: "قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ... وَالَّذِيْنَ هُمْ لِلزَّكٰوةِ فٰعِلُوْنَ" اس کے مقابلہ میں زکات نہ دینے کی وجہ سے مشرکین کی مذمت کی گئی ہے۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

مسجد کو آباد کرنے والے

مسجد کو آباد کرنے والوں کی صفت، اللہ اور قیامت پر ایمان نیز اقامہ نماز ہے۔ لیکن اگر کوئی زکات نہ دے چاہے وہ نماز پڑھتا ہو تو اسے مسجد کے آباد کرنے والوں میں شمار نہیں کیا جا سکتا: "... اِنَّمَا یَعْمُرُ مَسٰجِدَ اللّٰہِ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ وَاَقَامَ الصَّلٰوۃَ وَاٰتَی الزَّکٰوۃَ وَلَمْ یَخْشَ اِلَّا اللّٰہَ فَعَسٰٓی اُولٰٓئِکَ اَنْ یَّکُوْنُوْا مِنَ الْمُھْتَدِیْنَ" البتہ انسان کسی بھی واجب کو چھوڑنے سے مسجد کو رونق بخشنے اور آباد کرنے سے محروم ہو جاتا ہے اور قرآن نے صرف نمونے کے طور پر نماز اور زکات کی واضح مثالیں بیان کی ہیں۔

خمس

اسلام کی رو سے انسان کو ملنے والے ہر منافع میں خاص شرائط کے تحت خمس واجب ہوتا ہے: "وَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِّنْ شَیْءٍ فَاَنَّ لِلّٰہِ خُمُسَہٗ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِی الْقُرْبٰی... وَاللّٰہُ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ"

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

اختیاری مشق

قرآنی آیتیں اور عبارتیں	نئے الفاظ
۱. وَرَحْمَتِيْ وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ ۭ فَسَاَكْتُبُهَا لِلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِاٰيٰتِنَا يُؤْمِنُوْنَ ....(اعراف/ ۱۵۶)	وَسِعَتْ : وہ پھیلی سَأَكْتُبُ: عنقریب میں لکھوں گا
۲. قَالَ اِنِّىْ عَبْدُ اللّٰهِ ۗ اٰتٰنِىَ الْكِتٰبَ وَجَعَلَنِىْ نَبِيًّا ۙ وَّجَعَلَنِىْ مُبٰرَكًا اَيْنَ مَا كُنْتُ ۖ وَاَوْصٰنِىْ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ ....(مریم/ ۳۰۔۳۱)	أَيْنَ مَا: جہاں بھی كُنْتُ : میں تھا أَوْصَىٰ: اس نے وصیت کی، اس نے سفارش کی
۳. وَجَعَلْنٰهُمْ اَئِمَّةً يَّهْدُوْنَ بِاَمْرِنَا وَاَوْحَيْنَآ اِلَيْهِمْ فِعْلَ الْخَيْرٰتِ وَاِقَامَ الصَّلٰوةِ وَاِيْتَآءَ الزَّكٰوةِ ۚ وَكَانُوْا لَنَا عٰبِدِيْنَ ....(انبیاء/ ۷۳)	إِقَام: قائم کرنا، قائم رکھنا عٰبِدِيْنَ : عبادت کرنے والے
۴. اَلَّذِيْنَ اِنْ مَّكَّنّٰهُمْ فِى الْاَرْضِ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ ....(حج/ ۴۱)	مَكَّنَّا: ہم نے طاقت دی

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

قرآنی آیتیں اور عبارتیں	نئے الفاظ
۵۔ رِجَالٌ لَّا تُلۡهِيۡهِمۡ تِجَارَةٌ وَّلَا بَيۡعٌ عَنۡ ذِكۡرِ اللّٰهِ وَ اِقَامِ الصَّلٰوةِ وَ اِيۡتَآءِ الزَّكٰوةِ .... (نور/۳۷)	لَا تُلۡهِي: وہ غافل نہیں کرتی
۶۔ اِنَّمَا تُنۡذِرُ الَّذِيۡنَ يَخۡشَوۡنَ رَبَّهُمۡ بِالۡغَيۡبِ وَ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ ؕ وَمَنۡ تَزَكّٰى فَاِنَّمَا يَتَزَكّٰى لِنَفۡسِهٖ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ الۡمَصِيۡرُ .... (فاطر/۱۸)	يَتَزَكّٰى: وہ پاک ہوتا ہے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

انتالیسواں سبق

حج، جہاد اور قتال

محترم متعلّمین قرآن!

نیچے لکھی ہوئی قرآن کی آیتوں کو ایک بار غور سے پڑھیے۔

۱. وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ ... وَمَنْ كَفَرَ فَإِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِينَ

.... (آل عمران/ ۹۷)

....

۲. اَلَّذِينَ اٰمَنُوا يُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ ۚ وَالَّذِينَ كَفَرُوا يُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِ
الطَّاغُوتِ فَقَاتِلُوٓا أَوْلِيَآءَ الشَّيْطٰنِ ۚ إِنَّ كَيْدَ الشَّيْطٰنِ كَانَ ضَعِيفًا

.... (نساء/ ۷۶)

....

۳. وَقَاتِلُوهُمْ حَتّٰى لَا تَكُونَ فِتْنَةٌ وَّ يَكُونَ الدِّينُ كُلُّهٗ لِلّٰهِ ۚ فَإِنِ انْتَهَوْا فَإِنَّ
اللّٰهَ بِمَا يَعْمَلُونَ بَصِيرٌ

.... (انفال/ ۳۹)

....

۴. إِنَّ الَّذِينَ اٰمَنُوا وَهَاجَرُوا وَجٰهَدُوا بِأَمْوَالِهِمْ وَأَنْفُسِهِمْ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ ...
أُولٰٓئِكَ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ۚ

.... (انفال/ ۷۲)

....

Presented By: https://jafrilibrary.com

۵. وَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ هَاجَرُوْا وَ جٰهَدُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَالَّذِیْنَ اٰوَوْا وَّ نَصَرُوْۤا اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا ؕ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّ رِزْقٌ كَرِیْمٌ

....(انفال/۷۴)

....

۶. فَقَاتِلُوْۤا اَئِمَّةَ الْكُفْرِ ۙ اِنَّهُمْ لَاۤ اَیْمَانَ لَهُمْ

....(توبہ/۱۲)

۷. وَ قَاتِلُوا الْمُشْرِكِیْنَ كَآفَّةً كَمَا یُقَاتِلُوْنَكُمْ كَآفَّةً ؕ وَ اعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِیْنَ

....(توبہ/۳۶)

....

۸. وَجَاهِدُوْا فِی اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهٖ ؕ ... وَمَا جَعَلَ عَلَیْكُمْ فِی الدِّیْنِ مِنْ حَرَجٍ

....(حج/۷۸)

....

۹. وَمَنْ جَاهَدَ فَاِنَّمَا یُجَاهِدُ لِنَفْسِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَغَنِیٌّ عَنِ الْعٰلَمِیْنَ

....(عنکبوت/۶)

۱۰. تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ وَ تُجَاهِدُوْنَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ ؕ ذٰلِكُمْ خَیْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ[1]

....(صف/۱۱)

....

﴿۱﴾ "کُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ" ماضی استمراری ہے لیکن چونکہ اس سے پہلے "اِنْ: اگر" آیا ہے لہٰذا اس کا ترجمہ "اگر تم جانتے ہو" کریں۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

مانوس الفاظ اور نئے الفاظ

مانوس الفاظ	معنی
أَئِمَّة	پیشوا، راہنما، ائمہ (امام کی جمع)
جَاهَدَ [جَاهَدُوا ۱۴/۴]	اس نے جہاد کیا، اس نے کوشش کی
حَقًّا	حقیقتاً، حقیقی
ضَعِيف	ضعیف، کمزور
كُفْر	کفر، انکار
رَاحِمِينَ	رحم کرنے والے
يَقِين	یقین
لَيْسُوا [لَيْسَ ۲۹/۸]	وہ سب نہیں ہیں، وہ سب نہیں تھے
اَلْبَيْت	گھر، اللہ کا گھر
جِهَاد	جہاد، کوشش
شَيْطَان	شیطان
غَنِيّ	بے نیاز
نَفْع	فائدہ، نفع
فَرِيق	گروہ، فریق
يَتْلُونَ (يَتْلُو ۳۴/۹)	وہ سب تلاوت کرتے ہیں

نئے الفاظ	معنی
آوَوا	ان سب نے پناہ دی
تُجَاهِدُونَ	تم سب جہاد کرتے ہو، وہ سب کوشش کرتے ہو
حِجُّ الْبَيْت	(اللہ کے) گھر کا حج
قَاتِلُوا	تم سب جنگ کرو
نَصَرُوا	ان سب نے مدد کی
يُجَاهِدُ	وہ جہاد کرتا ہے، وہ کوشش کرتا ہے
اِرْحَمْ	تو رحم کر
سَوَآء	برابر
كَذِب	جھوٹ
كَيد	چال، مکر، فریب، تدبیر
اَيْمَان	قرارداد یں، قسمیں (يَمِين کی جمع)
جَاهِدُوا	تم سب جہاد کرو، تم سب کوشش کرو
حَرَج	سختی، تنگی
كَآفَّة	سارے، تمام، سب کے سب
هَاجَرُوا	ان سب نے ہجرت کی
اَمْلِكُ	میں اختیار رکھتا ہوں، میں مالک ہوں
سَوْفَ تَعْلَمُونَ	تم سب عنقریب جانو گے
اِفْتَرٰى	اس نے جھوٹ باندھا، اُس نے بہتان لگایا
ضَرّ	نقصان
كَلَّا	ہرگز نہیں

Presented By: https://jafrilibrary.com
Presented By: https://jafrilibrary.com

مشق و سوالات

مشق نمبر(۱) صحیح جواب پر نشان لگائیے:

الف: کونسا جزء صحیح ھے؟

۱. جَاهَدَ ـ يُجَاهِدُ ـ تُجَاهِدُونَ:

الف: اس نے جہاد کیا	وہ جہاد کرتا ہے	وہ سب جہاد کرتے ہیں	❑
ب: اس نے جہاد کیا	وہ جہاد کرتا ہے	تم سب جہاد کرتے ہو	❑

۲. آوَوْا ـ نَصَرُوا ـ هَاجَرُوا:

الف: ان سب نے پناہ دی	ان سب نے مدد کی	ان سب نے ہجرت کی	❑
ب: ان سب نے ہجرت کی	ہم سب نے مدد کی	ان سب نے ہجرت کی	❑

۳. فَرِيق ـ كَافَّة ـ كَلَّا

الف: گروہ	سارے	ہرگز نہیں	❑
ب: فرق	مل کر	اس نے کہا	❑

۴. قَاتِلُوا ـ اِرْحَمْ ـ اِفْتَرَىٰ:

الف: ان سب نے قتل کیا	تو رحم کر	جھوٹ	❑
ب: تم سب جنگ کرو	تو رحم کر	اس نے جھوٹ باندھا	❑

۵. حَرَج ـ أَيْمَان ـ سَوَاء:

الف: سختی	ایمان	علاوہ	❑
ب: سختی	قرارداد یں	برابر	❑

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

ب: کونسا جزء صحیح ھے؟

۱۔اللہ کا گھر - چال - جھوٹ:

الف: اَلْبَیْت۔ کَیْد ۔ کَذِب ☐ ب: حِجُّ الْبَیْت۔ کَلَّا۔ کَیْد ☐

۲۔(اللہ کے) گھر کا حج - سختی - ہرگز نہیں

الف: حِجُّ الْبَیْت۔ حَرَج ۔ کَلَّا ☐ ب: حِجُّ الْبَیْت ۔کَلَّا ۔حَرَج ☐

۳۔ تم سب عنقریب جانوگے - حقیقتاً - میں اختیار رکھتا ہوں:

الف: تَعْلَمُونَ۔ حَقًّا ۔ لَا اَمْلِکُ ☐ ب:سَوْفَ تَعْلَمُونَ ۔ حَقًّا۔ اَمْلِکُ ☐

۴۔بے نیاز - سہارے - وہ ہوتا ہے:

الف: خَیر ۔ کَلَّا ۔یَکُونُ ☐ ب: غَنِیّ ۔ کَافَّة۔ یَکُونُ ☐

۵۔ تم سب جنگ کرو - ان سب نے ہجرت کی-تم سب جہاد کرتے ہو:

الف:قَاتِلُوا۔ هَاجَرُوا ۔ تُجَاهِدُونَ ☐ ب: جَاهَدُوا ۔هَاجَرُوا ۔یُجَاهِدُ ☐

مشق نمبر(۲)

الف: عبارت کے صحیح ترجمه پر نشان لگائیے

۱. وَ جَاهِدُوا فِی اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهٖ

الف: اور جہاد کرو اللہ (کی راہ) میں (جیسا) اس کے جہاد کا حق ہے ☐

ب: اور کوشش کی ان سب نے اللہ کے بارے میں جو اس کی کوشش کا حق ہے ☐

۲. ذٰلِکُمْ خَیْرٌ لَّکُمْ اِنْ کُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ

الف: اچھا ہے تم سب کے لئے کہ تم جانو ☐

ب: یہ بہتر ہے تم سب کے لئے اگر تم جانتے ہو ☐

۳. وَ الَّذِینَ آوَوْا وَّ نَصَرُوا اُولٰٓئِکَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا

الف: اور جن لوگوں نے پناہ دی اور مدد کی یہی لوگ مومنین ہیں حقیقی ☐

ب: اور جو لوگ پناہ دیں اور مدد دیں وہ مومنین ہیں درحقیقت ☐

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

۴۔ وَ قَاتِلُوا الْمُشْرِكِينَ كَآفَّةً كَمَا يُقَاتِلُونَكُمْ كَآفَّةً

الف: اوران سب نے جنگ کی مشرکین سے جیسے تم سب نے جنگ کی ان سب سے ❑

ب: اورتم سب جنگ کروسارے مشرکین سے جیسے وہ سب جنگ کرتے ہیں تم سب سے ❑

۵۔ وَ لِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ

الف: اوراللہ نےقراردیا لوگوں کےاوپراپنے گھر کا حج ❑

ب: اوراللہ کے لئے ہےلوگوں کےاوپر(اللہ کے) گھر کا حج ❑

ب: كونسا جزء صحيح هے؟

۱۔ اورقرارنہیں دی تم سب کےاوپردین میں کوئی سختی:

الف: وَ يَكُونَ الدِّينُ كُلُّهُ لِلّٰهِ ❑

ب: وَ مَا جَعَلَ عَلَيْكُمْ فِي الدِّينِ مِنْ ﴿۱﴾ حَرَجٍ ❑

۲۔ اوریقیناً اللہ ان کی مدد پر قادر ہے:

الف: وَ إِنَّ اللّٰهَ عَلَىٰ نَصْرِهِمْ لَقَدِيرٌ ❑

ب: فَإِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِينَ ❑

۳۔ توتم سب جنگ کروکفر کے پیشواں سے:

الف: فَقَاتِلُوا أَئِمَّةَ الْكُفْرِ ❑

ب: فَقَاتِلُوا أَوْلِيَاءَ الشَّيْطٰنِ ❑

۴۔ یقیناً نہیں ہیں ان کی قسمیں (اعتبار کے قابل) اُن کے لیے:

الف: أُولٰٓئِكَ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ❑

ب: إِنَّهُمْ لَا أَيْمَانَ لَهُمْ ❑

﴿۱﴾ "مِن" کا "کوئی" ترجمہ کریں۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

مشق نمبر(۳) مندرجہ ذیل عبارتوں کا ترجمہ کیجئے:

نمبر شمار	عبارت	ترجمہ
۱	وَمَا جَعَلَ عَلَيْكُمْ فِي الدِّينِ مِنْ حَرَجٍ	
۲	وَمَنْ جَاهَدَ فَإِنَّمَا يُجَاهِدُ لِنَفْسِهِ	
۳	فَإِنَّ اللَّهَ غَنِيٌّ عَنِ الْعَلَمِينَ	
۴	تُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ وَتُجَاهِدُونَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ	
۵	إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَهَاجَرُوا وَجَاهَدُوا بِأَمْوَالِهِمْ	
۶	وَالَّذِينَ آوَوْا وَنَصَرُوا أُولَئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُونَ	
۷	فَقَاتِلُوا أَئِمَّةَ الْكُفْرِ	
۸	إِنَّ كَيْدَ الشَّيْطَنِ كَانَ ضَعِيفًا	
۹	وَقَاتِلُوا الْمُشْرِكِينَ كَافَّةً	
۱۰	وَقَاتِلُوهُمْ حَتَّى لَا تَكُونَ فِتْنَةٌ	
۱۱	وَيَكُونَ الدِّينُ كُلُّهُ لِلَّهِ	
۱۲	وَمَنْ كَفَرَ فَإِنَّ اللَّهَ غَنِيٌّ عَنِ الْعَلَمِينَ	

Presented By: https://jafrilibrary.com

مشق نمبر(٤) دیئے ہوئے الفاظ اور آیتوں کے ترجمہ کو مد نظر رکھتے ہوئے خالی جگھوں کو پُر کیجئے:

۱. وَ مَن جَاهَدَ فَإِنَّمَا يُجَاهِدُ لِنَفْسِهِ إِنَّ اللّٰهَ لَغَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِينَ

اور جو..............کرتا ہے تو وہ..............جہاد کرتا ہے یقیناً اللہ..............سے

۲. اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَ جٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

یقیناً جو لوگ .... اور .... کی اور جہاد کیا اپنے مالوں اور ....سے ....میں

۳. وَ قَاتِلُوا الْمُشْرِكِيْنَ كَآفَّةً كَمَا يُقَاتِلُوْنَكُمْ كَآفَّةً ۗ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ

اور تم سب جنگ کرو..................سے جیسے وہ سب..............کرتے ہیں..................سے اور جان لو کہ اللہ..................ہے

۴. فَقَاتِلُوْٓا اَئِمَّةَ الْكُفْرِ ۙ اِنَّهُمْ لَآ اَيْمَانَ لَهُمْ

تو تم سب..................کفر کے..................سے یقیناً نہیں ہیں..................(اعتبار کے قابل)، اُن کے لیے۔

۵. وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ ... وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ

اور اللہ کے لئے ہے..................اللہ کے گھر کا حج اور جو..................تو اللہ..............عالمین سے

مشق نمبر(۵) سبق کے شروع میں دی گئی قرآنی عبارتوں کا لفظ بلفظ ترجمہ کیجئے۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

تقویتی مشق

درج ذیل قرآنی عبارات اور آیات کا ترجمہ کیجئے:

۱. فَمَنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ

....(آل عمران/۹۴)

۲. لَيْسُوْا سَوَآءً ؕ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اُمَّةٌ قَآئِمَةٌ يَّتْلُوْنَ اٰيٰتِ اللّٰهِ

....(آل عمران/۱۱۳)

۳. قُلْ اَتَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا ؕ

....(مائدہ/۷۶)

۴. قُلْ لَّآ اَمْلِكُ لِنَفْسِیْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ

....(یونس/۴۹)

۵. اِنَّهٗ [۱] كَانَ فَرِيْقٌ مِّنْ عِبَادِیْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ

....(مومنون/۱۰۹)

....

۶. كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۝ ثُمَّ كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۝ كَلَّا لَوْ تَعْلَمُوْنَ عِلْمَ الْيَقِيْنِ

....(تکاثر/۳-۵)

---

[۱] "اِنَّہ" میں "ہٗ" کا ترجمہ نہ کریں۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

فعل امر (۳)

مندرجہ ذیل دو گروہوں افعال اوران کے معانی کو غور سے پڑھیں:

پہلا گروہ	دوسرا گروہ
تُسَبِّحُ: تم تسبیح کرتے ہو	سَبِّحْ: تم تسبیح کرو
تَسِیْرُوْنَ: تم سب سیر کرتے ہو	سِیْرُوا: تم سب سیر کرو
تُجَاهِدُوْنَ: تم سب جہاد کرتے ہو	جَاهِدُوا: تم سب جہاد کرو

جیسا کہ آپ نے گزشتہ سبق میں پڑھا کہ فعل امر بنانے کے لئے مضارع کے شروع سے "ت" کو ہٹا کر اس کی جگہ "ا" لے آتے ہیں۔ لیکن اوپر دی گئی مثالوں میں "ت" حذف کرنے کے بعد اس کی جگہ "ا" کا اضافہ نہیں ہوا ہے۔ یہ اس لئے ہے چونکہ "ت" کو حذف کرنے کے بعد بھی باقی بچے ہوئے لفظ کا پہلا حرف ساکن نہیں ہوا ہے بلکہ متحرک ہے لہٰذا "ا" کو بڑھانے کی ضروت ہی پیش نہیں آئی۔ مثلاً "تُسَبِّحُ" سے "ت" کو حذف کر کے اس کے آخر کو ساکن کرنے کے بعد "فعل امر" بن جاتا ہے: "سَبِّحْ"

جمع کے صیغے میں آخر سے "ن" حذف ہو جاتا ہے اور اس کی جگہ آخر میں "ا" آجاتا ہے جو لکھا تو جاتا ہے لیکن پڑھا نہیں جاتا۔

تُسَبِّحُونَ ← سَبِّحُونَ ← سَبِّحُوا

Presented By: https://jafrilibrary.com

مشق : ذیل کے نقشہ کو اس کی پہلی لائن کی طرح پُر کریں:

فعل مضارع	فعل امر	فعل مضارع	فعل امر
تَتَوَكَّلُ: تم بھروسہ کرتے ہو	تَوَكَّلُ : تم بھروسہ کرو	تَفِرُّونَ: تم سب بھاگتے ہو	فِرُّوا: تم سب بھاگو
تُسَابِقُوْنَ: تم سب آگے بڑھتے ہو		تَتَقَبَّلُ: تم قبول کرتے ہو	
تُسَارِعُوْنَ: تم سب دوڑتے ہو		تُقَاتِلُ: تم جنگ کرتے ہو	
تَقُولُوْنَ: تم سب کہتے ہو		تُقَاتِلُونَ : تم سب جنگ کرتے ہو	
تَتَزَوَّدُوْنَ: تم سب توشہ لیتے ہو		تَتَمَنَّونَ: تم سب تمنا کرتے ہو	
تَتُوبُوْنَ: تم سب توبہ کرتے ہو		تُمَهِّلُ: تم مہلت دیتے ہو	
تَمُوتُوْنَ: تم سب مرتے ہو		تُحَرِّقُونَ: تم سب جلاتے ہو	
تُحَافِظُوْنَ: تم سب حفاظت کرتے ہو		تَذُوقُونَ: تم سب چکھتے ہو	
تُحَرِّضُ: تم ابھارتے ہو		تَلُومُونَ: تم سب ملامت کرتے ہو	

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

حج، جہاد اور قتال

حج

حج در حقیقت اسلام کی ایک اجتماعی اور سیاسی عبادت ہے جو استطاعت کی صورت میں انسان کے اوپر واجب ہوتی ہے۔ سورہ حج کی ۹۷ ویں آیت میں اس بات کا تذکرہ ہے کہ اگر انسان مستطیع ہو جائے تو اس پر حج واجب ہو جاتا ہے اور نماز کی طرح اس کے ترک کرنے کو بھی کفر سے تعبیر کیا گیا ہے: " وَلِلّٰہِ عَلَی النَّاسِ حِجُّ الْبَیْتِ ... وَمَنْ کَفَرَ فَاِنَّ اللّٰہَ غَنِیٌّ عَنِ الْعٰلَمِیْنَ "۔

ظاہر ہے کہ اس آیت میں کفر سے "عمل کا کفر" مراد ہے نہ کہ "عقیدہ کا کفر"؛ کیونکہ حج کو عمداً ترک کرنے سے انسان دین سے خارج نہیں ہوتا۔ اس آیت کے آخر میں آیا ہے کہ: " فَاِنَّ اللّٰہَ غَنِیٌّ عَنِ الْعٰلَمِیْنَ " یعنی حج کو ترک کرنے والا یہ جان لے کہ حج کو چھوڑنے سے اللہ کا کوئی نقصان نہیں ہوگا اور اسے کسی کی عبادت کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔

جہاد

قرآن کی رو سے اللہ کی راہ میں جہاد کرنا ایک عبادت ہے۔ جہاد یعنی اللہ کی بندگی کے لئے ہر طرح کی کوشش اور ہر اس چیز سے مقابلہ جو اسلامی معاشرہ اور انسان پر اللہ کی حاکمیت میں حائل ہو۔ اسی بنیاد پر جہاد کی ایک قسم یہ ہے کہ اپنے اندرونی دشمن یعنی اپنے نفس (نفس امارہ) سے مقابلہ کیا جائے جیسے کلام نبوی میں "جہاد اکبر" کہا گیا ہے۔ جہاد کی فضیلت میں یہی کافی ہے کہ اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والوں کو حقیقی مؤمنین کہا گیا ہے:

" وَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ هَاجَرُوْا وَ جٰهَدُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَ الَّذِیْنَ اٰوَوْا وَّ نَصَرُوْۤا اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّ رِزْقٌ كَرِیْمٌ "

جہاد کا فائدہ کیسے ہوتا ہے؟ قرآن کے مطابق جہاد کا فائدہ جہاد کرنے والوں کے حصہ میں آتا ہے اور فرماتا ہے کہ جو جہاد کرتا ہے وہ خود فائدہ اٹھاتا ہے چونکہ جہاد کے ذریعہ اپنے اور دوسروں کے کمال کی راہ میں آنے والے

Presented By: https://jafrilibrary.com

خطرات کو راستے سے ہٹا دیتا ہے۔ اور اگر جہاد کو ترک کیا ہے تو اس نے اپنے آپ کو نقصان پہنچایا ہے، اللہ کو کوئی نقصان نہیں پہنچایا کیونکہ اللہ تمام دنیا اور دنیا والوں سے بے نیاز ہے: "وَمَنْ جَاهَدَ فَإِنَّمَا يُجَاهِدُ لِنَفْسِهِ ۚ إِنَّ اللَّهَ لَغَنِيٌّ عَنِ الْعَالَمِينَ "

جہاد کا رتبہ: جہاد اس وقت قابل قدر ہے جب خلوص نیت کے ساتھ ہو اسی وجہ سے اللہ ہم کو خلوص والے جہاد کی دعوت دیتا ہے اور اسے "جہاد کا حق" سمجھتا ہے: " وَجَاهِدُوا فِي اللَّهِ حَقَّ جِهَادِهِ ۚ ... " یہ جہاد اندرونی دشمن (نفس امارہ) کے ساتھ جہاد کو بھی شامل ہوتا ہے اور بیرونی دشمن یعنی کفار و مشرکین و منافقین وغیرہ سے جہاد کرنے کو بھی۔

ہجرت: بعض آیتوں میں جہاد کے علاوہ راہ خدا میں ہجرت کو بھی ایمان کے ساتھ ذکر کیا گیا ہے اور اسے حقیقی ایمان کی شرط بتایا گیا ہے اس لئے کہ ایمان کی حفاظت اور جہاد و جانثاری کے ماحصل کو باقی رکھنے کے لئے ضروری ہے کہ حکومتِ طاغوت کی سرزمین سے حق اور اسلام کی سرزمین پر ہجرت کی جائے۔ اس کے علاوہ سرزمین اسلام پر مومنین کا زیادہ سے زیادہ قیام، کفر و شرک و نفاق کے مقابل، امت اسلامی کی دفاعی بنیادوں کے مضبوط ہونے کا سبب بنے گا: " وَالَّذِينَ آمَنُوا وَهَاجَرُوا وَجَاهَدُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ ... "، " إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَهَاجَرُوا وَجَاهَدُوا بِأَمْوَالِهِمْ وَأَنفُسِهِمْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ "

مومنین کو پناہ دینا: ان مجاہدوں کو پناہ دینا انسان کو حقیقی ایمان کے درجہ تک پہنچا دیتا ہے جنھوں نے رضائے خدا کے لئے اپنے دارالکفر کے دیار کو چھوڑا ہے: " ... وَالَّذِينَ آوَوا وَّنَصَرُوا أُولَٰئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُونَ حَقًّا ۚ ... "

قتال (جنگ)

الٰہی نیت کے ساتھ جنگ کرنا: راہ خدا میں جہاد کرنے کا واضح نمونہ، اللہ کے دشمنوں (یعنی کفار و مشرکین و منافقین) سے جنگ ہے۔ قرآن میں اس جہاد کو قتال کہا گیا ہے۔ جن آیتوں میں لفظ "**جہاد، جاهدوا، یجاهدون** ..." استعمال ہوا ہے وہ بھی قتال پر دلالت کرتی ہیں۔

دوسری عبادتوں کی طرح قتال میں بھی "نیت" کی شرط سب سے اہم شرط ہے۔

مومنین اور کفار کی جنگ میں نیت ہی کا فرق ہے؛ مومنین راہ خدا میں اور کفار راہ طاغوت میں جنگ کرتے ہیں: " الَّذِينَ آمَنُوا يُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ ۖ وَالَّذِينَ كَفَرُوا يُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِ الطَّاغُوتِ "

Presented By: https://jafrilibrary.com

مومنین کا اصلی نشانہ کفار کے سرداروں کی طرف ہونا چاہئے چونکہ لشکر کا مرکز سردار ہی ہوتے ہیں اور کفر و شرک کے لشکر انھیں کے مکر و فریب کی وجہ سے حق و حقیقت سے برسرپیکار ہوئے ہیں اور اس کے بڑے بت یعنی ائمہ کفر کے گرنے کی وجہ سے ان کا نظام بھی درہم برہم ہو جائے گا: " فَقَاتِلُوٓا اَئِمَّةَ الْكُفْرِ ..."

قتال کب تک؟: قرآن کریم نے دشمنان اسلام سے جنگ کو اس وقت ختم کرنے کے لئے کہا ہے جب فتنہ و فساد ختم ہو جائے اور دینداری پوری دنیا پر سایہ فگن ہو جائے: " وَقَاتِلُوهُمْ حَتّٰى لَا تَكُونَ فِتْنَةٌ وَّ يَكُونَ الدِّيْنُ كُلُّهٗ لِلّٰهِ "۔ روایات اہل بیت علیہم السلام کی بنیاد پر اس آیت کی مکمل عملی تفسیر اس وقت سامنے آئے گی جب امام زمانہ حضرت مہدی علیہ السلام کا ظہور پرنور ہوگا: "اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَرْغَبُ اِلَيْكَ فِي دَوْلَةٍ كَرِيمَةٍ تُعِزُّ بِهَا الْاِسْلَامَ وَ اَهْلَهُ وَ تُذِلُّ بِهَا النِّفَاقَ وَ اَهْلَهُ وَ تَجْعَلُنَا فِيهَا مِنَ الدُّعَاةِ اِلٰى طَاعَتِكَ وَ الْقَادَةِ اِلٰى سَبِيلِكَ وَ تَرْزُقُنَا بِهَا كَرَامَةَ الدُّنْيَا وَ الْآخِرَةِ"۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

اختیاری مشق

قرآنی آیتیں اور عبارتیں	نئے الفاظ
۱. فَضَّلَ اللّٰهُ الْمُجٰهِدِيْنَ بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ عَلَى الْقٰعِدِيْنَ دَرَجَةً ....(نساء/۹۵)	قَاعِدِيْنَ: بیٹھنے والے
۲. اَجَعَلْتُمْ سِقَايَةَ الْحَآجِّ وَعِمَارَةَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ كَمَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَجٰهَدَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۖ لَا يَسْتَوٗنَ عِنْدَ اللّٰهِ ۖ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ....(توبہ/۱۹)	حَاجّ: حاجی، حج کرنے والا جَعَلْتُمْ: تم سب نے قرار دیا سِقَايَة: پانی دینا عِمَارَة: آباد کرنا
۳. قَاتِلُوا الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَلَا بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَلَا يُحَرِّمُوْنَ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ ....(توبہ/۲۹)	يُحَرِّمُوْنَ: وہ سب حرام کرتے ہیں، وہ سب حرام سمجھتے ہیں
۴. اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الَّذِيْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِهٖ صَفًّا كَاَنَّهُمْ بُنْيَانٌ مَّرْصُوْصٌ ....(صف/۴)	صَفًّا: صف بصف، صف آرائی کے ساتھ بُنْيَان: دیوار، عمارت مَرْصُوْص: سیسہ پلائی ہوئی، محکم

Presented By: https://jafrilibrary.com

قرآنی آیتیں اور عبارتیں	نئے الفاظ
۵. یٰاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰى تِجَارَةٍ تُنْجِیْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ اَلِیْمٍ ۞ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتُجَاهِدُوْنَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ ؕ ذٰلِكُمْ خَیْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ....(صف / ۱۰-۱۱)	أَدُلُّ: میں رہنمائی کروں، میں بتاؤں تُنْجِیْ: وہ نجات دے گی
۶. اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ ۞ وَرَاَیْتَ النَّاسَ یَدْخُلُوْنَ فِیْ دِیْنِ اللّٰهِ اَفْوَاجًا ۞ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ ؕ اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا ....(نصر / ۱-۳)	یَدْخُلُوْنَ: وہ سب داخل ہوتے ہیں أَفْوَاجًا: گروہ گروہ، فوج در فوج

Presented By: https://jafrilibrary.com

چالیسواں سبق

امر بالمعروف و نہی عن المنکر، تولّیٰ و تبرّیٰ

محترم متعلّمین قرآن!

نیچے لکھی ہوئی قرآن کی آیتوں کو ایک بار غور سے پڑھیے۔

۱۔ وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ اُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ اِلَى الْخَيْرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ

....

....(آل عمران/۱۰۴)

۲۔ لَيْسُوْا سَوَآءً ؕ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اُمَّةٌ قَآئِمَةٌ يَّتْلُوْنَ اٰيٰتِ اللّٰهِ اٰنَآءَ الَّيْلِ وَ﴿۱﴾هُمْ يَسْجُدُوْنَ ۝ يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُسَارِعُوْنَ فِي الْخَيْرٰتِ ؕ وَاُولٰٓئِكَ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ

....

....

....(آل عمران/۱۱۳۔۱۱۴)

۳۔ وَمَنْ يَّتَّخِذِ الشَّيْطٰنَ وَلِيًّا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَقَدْ خَسِرَ خُسْرَانًا مُّبِيْنًا

....

....(نساء/۱۱۹)

۴۔ وَاَذَانٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖٓ اِلَى النَّاسِ يَوْمَ الْحَجِّ الْاَكْبَرِ اَنَّ اللّٰهَ بَرِيْٓءٌ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۙ۬ ... وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ

....

....(توبہ/۳)

﴿۱﴾ "واو" حالیہ ہے۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

۵. اَلْمُنٰفِقُوْنَ وَالْمُنٰفِقٰتُ... يَاْمُرُوْنَ بِالْمُنْكَرِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمَعْرُوْفِ...
نَسُوا اللّٰهَ فَنَسِيَهُمْ ۭ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ

....

....(توبہ/ ٦٧)

٦. وَالْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَاۗءُ بَعْضٍ ۘ يَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ
وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَيُطِيْعُوْنَ
اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۭ اُولٰۗىِٕكَ سَيَرْحَمُهُمُ اللّٰهُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ

....

....(توبہ/ ٧١)

٧. اُدْعُ اِلٰى سَبِيْلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ وَجَادِلْهُمْ بِالَّتِيْ هِىَ
اَحْسَنُ ۭ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ

....

....(نحل/ ١٢٥)

٨. قُلْ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَعْصِمُكُمْ مِّنَ اللّٰهِ اِنْ اَرَادَ بِكُمْ سُوْۗءًا اَوْ اَرَادَ بِكُمْ رَحْمَةً ۭ وَ
لَا يَجِدُوْنَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا

....

....(احزاب/ ١٧)

٩. اِنَّ اللّٰهَ لَعَنَ الْكٰفِرِيْنَ وَاَعَدَّ لَهُمْ سَعِيْرًا ۝ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۚ لَا يَجِدُوْنَ
وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا

....

....(احزاب/ ٦٤-٦٥)

١٠. وَاِنَّ الظّٰلِمِيْنَ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَاۗءُ بَعْضٍ ۚ وَاللّٰهُ وَلِيُّ الْمُتَّقِيْنَ

....

....(جاثیہ/ ١٩)

Presented By: https://jafrilibrary.com

مانوس الفاظ اور نئے الفاظ

مانوس الفاظ	معنی	مانوس الفاظ	معنی
أَذَان	اعلان، اذان	حَجّ	حج
خَسِرَ [خَسِرُوا ۔ ۱۷/۵]	اس نے نقصان اٹھایا، اس نے نقصان پہنچایا	یَتَّخِذ [لَمْ یَتَّخِذ ۲۶/۷]	وہ لیتا ہے، وہ بناتا ہے
یُطِیعُونَ [یُطِیعُ ۳۳/۹]	وہ سب اطاعت کرتے ہیں	سُبْحَان	وہ پاک ہے

نئے الفاظ	معنی	نئے الفاظ	معنی
شُفَعَاء	شفاعت کرنے والے، سفارش کرنے والے (شَفِیع کی جمع)	آلِهَة	بہت سے معبود (اِلٰہ کی جمع)
آنَاء	اوقات، گھڑیاں	أَرَادَ	اس نے ارادہ کیا، اس نے چاہا
أَعَدَّ	اس نے تیار کیا	أُمّ	ماں
أَنّٰى	کہاں سے، کیسے، کیونکر، ہر جگہ، ہر وقت	جَادِلْ	تم بحث کرو، تم مناظرہ کرو
جَحِیم	جہنم، دوزخ، بھڑکتی آگ	حَمِیم	گرم پانی
فَعَلَ	اس نے کیا، اس نے انجام دیا	لَعَنَ	اس نے لعنت کی
وَلْتَكُنْ	اور ہونا چاہئے	نَسِیَ	وہ بھولا
هٰٓؤُلَآءِ	یہ سب	یَجِدُونَ	وہ سب پاتے ہیں
یَرْحَمُ	وہ رحم کرتا ہے	یُسَارِعُونَ	وہ سب جلدی کرتے ہیں، وہ سب دوڑتے ہیں
یَسْجُدُونَ	وہ سب سجدہ کرتے ہیں	یَعْصِمُ	وہ بچاتا ہے، وہ بچائے گا
اُدْعُ	تم پکارو، تم مانگ		

Presented By: https://jafrilibrary.com

مشق و سوالات

مشق نمبر(۱) صحیح جواب پر نشان لگائیے

الف: کونسا جزء صحیح ھے؟

۱. آنَاء - یَتَّخِذُ - هٰٓؤُلَآءِ:

الف: اوقات | وہ لیتا ہے | یہ سب ☐

ب: میں | وہ لیتا ہے | وہ ☐

۲. جَحِیم - أَنَّیٰ - حَمِیم:

الف: گرم پانی | یقیناً | پختہ ☐

ب: جہنم | کہاں سے، کیسے، کیونکر | گرم پانی ☐

۳. نَسِیَ - لَعَنَ - خَسِرَ:

الف: بھول | لعنت | گھاٹا ☐

ب: وہ بھولا | اس نے لعنت کی | اس نے نقصان اٹھایا ☐

۴. یُسَارِعُونَ - یَجِدُونَ - یَسْجُدُونَ:

الف: وہ سب جلدی کرتے ہیں | وہ سب پاتے ہیں | وہ سب سجدہ کرتے ہیں ☐

ب: ان سب نے جلدی کی | ان سب نے پایا | ان سب نے سجدہ کیا ☐

۵. یَعْصِمُ - جَادِلُ - أَعَدَّ:

الف: وہ بچاتا ہے | تم بحث کرو | اس نے تیار کیا ☐

ب: تم بچاتے ہو | اس نے بحث کی | اس نے گنا ☐

Presented By: https://jafrilibrary.com

ب: کونسا جزء صحیح ھے؟

۱۔تم پکارو - وہ پاک ہے:

الف: سُبُحَانَ ۔اُدُعُ ❑ ب: اُدُعُ ۔سُبُحَانَ ❑

۲۔اور ہونا چاہیے - وہ رحم کرتا ہے:

الف: وَلُتَكُنُ ۔يَرُحَمُ ❑ ب: وَيَكُون۔خَسِرَ ❑

۳۔اس نے ارادہ کیا - نقصان:

الف: نَسِيَ۔خَسِرَ ❑ ب: اَرَادَ ۔خُسُرَان ❑

۴۔ بہت سے معبود۔ماں:

الف: آلِهَة۔اُمّ ❑ ب:آنَاء ۔اُمّ ❑

۵۔شفاعت کرنے والے - نقصان:

الف: شَفِيع ۔خَسِرَ ❑ ب: شُفَعَاء۔خُسُرَان ❑

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

مشق نمبر(۲)

الف: عبارت کے صحیح ترجمہ پر نشان لگائیے:

۱. وَلْتَكُن مِّنكُمْ أُمَّةٌ يَدْعُونَ إِلَى الْخَيْرِ

الف: اور ہے تم سب میں گروہ جو بلائے اچھائی کی طرف ❑

ب: اور ہونا چاہئے تم سب میں سے (ایک) گروہ جو بلائے اچھائی کی طرف ❑

۲. نَسُوا اللّٰهَ فَنَسِيَهُمْ

الف: وہ سب بھولے اللہ کو تو بھولا (اللہ) ان سب کو ❑

ب: ان سب کو بھولا اللہ تو وہ سب بھولے اللہ کو ❑

۳. إِنَّ اللّٰهَ لَعَنَ الْكٰفِرِينَ وَ أَعَدَّ لَهُمْ سَعِيرًا

الف: یقیناً اللہ لعنت کرتا ہے کافروں پر اور تیار کی اس نے ان کے لئے بھڑکتی آگ ❑

ب: یقیناً اللہ نے لعنت کی کافروں پر اور تیار کی ان سب کے لئے بھڑکتی آگ ❑

۴. قُلْ مَن ذَا الَّذِي يَعْصِمُكُم مِّنَ اللّٰهِ إِنْ أَرَادَ بِكُمْ سُوءًا

الف: تم کہو کون ہے جو بچائے گا تم سب کو اللہ سے اگر اس نے ارادہ کیا تم سب کے بارے میں برائی کا ❑

ب: تم کہہ دو کہ جو تمہیں بچاتا ہے وہ اللہ ہے اگر تم سب پڑ جاؤ برائی میں ❑

۵. وَ أَذَانٌ مِّنَ اللّٰهِ وَ رَسُولِهِ إِلَى النَّاسِ

الف: اور اعلان کیا اس نے اور دعوت دی اللہ ورسولؐ کی طرف لوگوں کو ❑

ب: اور اعلان ہے اللہ ورسولؐ (کی طرف) سے لوگوں کی طرف ❑

Presented By: https://jafrilibrary.com

ب: کونسا جزء صحیح ھے؟

۱۔ وہ سب حکم دیتے ہیں اچھائی کا اور روکتے ہیں برائی سے:

الف: یَأمُرُونَ بِالْمُنكَرِ وَ يَنْهَوْنَ عَنِ الْمَعْرُوفِ ☐

ب: يَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَ يَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنكَرِ ☐

۲۔ اور یقیناً ظالمین (میں) بعض سرپرست ہیں بعض (دوسروں) کے:

الف: وَ الْمُؤْمِنُونَ وَ الْمُؤْمِنَاتِ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاءُ بَعْضٍ ☐

ب: وَ إِنَّ الظّٰلِمِينَ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاءُ بَعْضٍ ☐

۳۔ (ایک) امت (دین پر) قائم ہے (اس کے لوگ) تلاوت کرتے ہیں اللہ کی آیتوں کی:

الف: أُمَّةٌ قَائِمَةٌ يَتْلُونَ آيَاتِ اللّٰهِ ☐

ب: أُمَّةٌ يَدْعُونَ إِلَى الْخَيْرِ وَ يَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ ☐

۴۔ نہیں پائیں گے (کوئی) سرپرست اور نہ (کوئی) مددگار:

الف: لَا يَجِدُونَ وَلِيًّا وَلَا نَصِيرًا ☐

ب: وَ لَا يَجِدُونَ لَهُم مِّن دُونِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَ لَا نَصِيرًا ☐

Presented By: https://jafrilibrary.com

مشق نمبر(۳) مندرجہ ذیل عبارتوں کا لفظ بہ لفظ ترجمہ کیجئے:

نمبر شمار	عبارت	ترجمہ
۱	يَأْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ	
۲	مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اُمَّةٌ قَآئِمَةٌ	
۳	وَالْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ	
۴	وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَيُطِيْعُوْنَ اللهَ	
۵	اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ	
۶	اُدْعُ اِلٰى سَبِيْلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ	
۷	وَجَادِلْهُمْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ	
۸	اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ	
۹	وَمَنْ يَّتَّخِذِ الشَّيْطٰنَ وَلِيًّا مِّنْ دُوْنِ اللهِ	
۱۰	اِنَّ اللهَ لَعَنَ الْكٰفِرِيْنَ وَاَعَدَّ لَهُمْ سَعِيْرًا	
۱۱	اَنَّ اللهَ بَرِيْٓءٌ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ	
۱۲	وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ	

Presented By: https://jafrilibrary.com

مشق نمبر(٤) دیئے ہوئے الفاظ اور آیتوں کے ترجمہ کو مد نظر رکھتے ہوئے خالی جگھوں کو پُر کیجئے:

۱. اُمَّةٌ قَائِمَةٌ یَّتْلُوْنَ اٰیٰتِ اللّٰهِ آنَاءَ الَّیْلِ وَ هُمْ یَسْجُدُوْنَ

(ایک) امت (دین پر)................(اس کے لوگ)....................... اللہ کی آیتوں کی ....

درحالیکہ وہ..................ہوتے ہیں

۲. اُدْعُ إِلَیٰ سَبِیْلِ رَبِّکَ بِالْحِکْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ وَ جَادِلْهُم بِالَّتِی هِیَ أَحْسَنُ

تم بلاؤ .... کے راستے کی طرف .... کے ساتھ اور ان سے بحث کرو

..................ہے۔

۳. وَ مَن یَّتَّخِذِ الشَّیْطٰنَ وَلِیًّا مِّن دُوْنِ اللّٰهِ فَقَدْ خَسِرَ خُسْرَانًا مُّبِیْنًا

اور جو........شیطان کو سرپرست اللہ..............تو تحقیق اس نے اٹھایا.................۔

۴. وَ لَا یَجِدُوْنَ لَهُمْ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِیًّا وَّ لَا نَصِیْرًا

اور نہیں...............وہ سب اپنے لئے..................کوئی سرپرست اور نہ.................۔

۵. وَ أَذَانٌ مِّنَ اللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ إِلَی النَّاسِ یَوْمَ الْحَجِّ الْأَکْبَرِ

اور اعلان ہے..................لوگوں کی طرف....................کے دن۔

مشق نمبر(٥) اب سبق کے شروع میں دی گئی قرآنی عبارتوں کے ترجمہ کی باری ھے۔ ھر عبارت کو ایک بار غور سے پڑھئے اور پھر لفظ بلفظ ترجمہ کیجئے۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

تقویتی مشق

درج ذیل قرآنی آیات اور عبارات کا ترجمہ کیجئے:

۱. قَالَ یٰمَرْیَمُ اَنّٰی لَکِ هٰذَا ؕ قَالَتْ هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ؕ

.... (آل عمران/۳۷)

۲. وَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا وَ كَذَّبُوْا بِاٰیٰتِنَاۤ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَحِیْمِ

.... (مائدہ/۱۰)

۳. لَهُمْ شَرَابٌ مِّنْ حَمِیْمٍ ﴿۱﴾ وَّ عَذَابٌ اَلِیْمٌۢ بِمَا كَانُوْا یَكْفُرُوْنَ

.... (انعام/۷۰)

۴. یَقُوْلُوْنَ هٰۤؤُلَآءِ شُفَعَآؤُنَا عِنْدَ اللّٰهِ ؕ

.... (یونس/۱۸)

۵. وَسُبْحٰنَ اللّٰهِ وَ مَاۤ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ

.... (یوسف/۱۰۸)

۶. قَالُوْا مَنْ فَعَلَ هٰذَا بِاٰلِهَتِنَاۤ اِنَّهٗ لَمِنَ الظّٰلِمِیْنَ

.... (انبیاء/۵۹)

۷. وَاَوْحَیْنَاۤ اِلٰۤی اُمِّ مُوْسٰۤی

.... (قصص/۷)

﴿۱﴾ "حَمِیْم" گرم (پانی)۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

قرآن کی زبان

فعل امر (۴)

کیا آپ جانتے ہیں کہ "تَدْعُو"، "تَتَوَفّٰی"، "تَتَّقِی" جیسے فعل مضارع یعنی جن کے آخر میں "الف مدّی، یاء مدّی، واو مدّی" آئے، ان سے فعل امر کس طرح بنایا جاتا ہے؟

"فعل امر (۱)" والے سبق میں ذکر شدہ قواعد کی بنیاد پر آپ جان چکے ہیں کہ پہلے فعل مضارع کے شروع سے "ت" کو حذف کیا جاتا ہے۔ اور مذکورہ افعال میں فعل کے آخری حرف (وَ، یٰ، ی) کو ساکن کرنے کے بجائے ان کے خود آخری حرف کو حذف کر دیا جاتا ہے۔ جیسے:

تَتَوَفّٰی ("ت" کو حذف کرنا) ← تَوَفّٰی ("یٰ" کو حذف کرنا) ← تَوَفَّ

تَدْعُو ("ت" کو حذف کرنا) ← دْعُو (الف کا اضافہ "ا") ← اُدْعُو (و کو حذف کرنا) ← اُدْعُ

تَتَّقِی ("ت" کو حذف کرنا) ← تَّقِی (الف کا اضافہ "ا") ← اِتَّقِی ("ی" کو حذف کرنا) ← اِتَّقِ

مشق: مندرجہ بالا توضیحات کے مطابق نقشہ کو مکمل کریں:

فعل مضارع	فعل امر	فعل مضارع	فعل امر
تَقْضِی: تم قضاوت کرتے ہو	اِقْضِ: تم قضاوت کرو	تُنَجِّی: تم نجات دیتے ہو	
تَتْلُو: تم تلاوت کرتے ہو		تَنْهٰی: تم روکتے ہو	
تَجْزِی: تم جزا دیتے ہو	اِجْزِ: تم جزا دو	تَهْدِی: تم ہدایت کرتے ہو	اِهْدِ: تم ہدایت کرو
تَعْفُو: تم معاف کرتے ہو	اُعْفُ: تم معاف کرو	تَتَوَلّٰی: تم منہ پھیرتے ہو	
تَبْنِی: تم بناتے ہو		تَبْتَغِی: تم طلب کرتے ہو	اِبْتَغِ: تم طلب کرو

Presented By: https://jafrilibrary.com

مفاہیم قرآن سے آشنائی

امر بالمعروف ونہی عن المنکر اور تولّٰی وتبرّیٰ

امر بالمعروف اور نہی عن المنکر

مقدس دین اسلام کے فرائض وواجبات میں سے امر بالمعروف اور نہی عن المنکر بھی ہے۔ قرآن کریم کہتا ہے کہ اسلامی سماج کو چاہئے کہ اچھائیوں کا حکم دے اور برائیوں سے روکے: "وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ اُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ اِلَى الْخَيْرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ"

صالحین کی ایک خصوصیت: قرآن کریم بعض اہل کتاب کی تعریف کرتا ہے۔ مثلا کہتا ہے کہ یہ لوگ رات کی تاریکیوں میں آیات الٰہی کی تلاوت کرتے ہیں، درحالیکہ ایمان سے روشن دلوں کے ساتھ اپنی پیشانی کو اللہ کے حضور خاک پر رکھ دیتے ہیں۔ یہ لوگ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرتے ہوئے نیکیوں کی طرف دوڑتے ہیں۔ یہی لوگ صالحین ہیں: "لَيْسُوْا سَوَآءً ؕ مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اُمَّةٌ قَآئِمَةٌ يَّتْلُوْنَ اٰيٰتِ اللّٰهِ اٰنَآءَ الَّيْلِ وَهُمْ يَسْجُدُوْنَ ۞ يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُسَارِعُوْنَ فِى الْخَيْرٰتِ ؕ وَاُولٰٓئِكَ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ" اس آیت سے پتہ چلتا ہے کہ صالحین کی ایک صفت امر بالمعروف اور نہی عن المنکر ہے۔

امر بالمعروف اور نہی عن المنکر، مؤمن کی خصوصیت: مؤمنین، اللہ ورسول کی اطاعت کے لئے نماز قائم کرتے ہیں زکات ادا کرتے ہیں اور امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کو انجام دیتے ہیں: "وَالْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ۘ يَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَيُطِيْعُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ؕ اُولٰٓئِكَ سَيَرْحَمُهُمُ اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ"۔

امر بالمنکر اور نہی عن المعروف، منافقین کی خصوصیت: "اَلْمُنٰفِقُوْنَ وَالْمُنٰفِقٰتُ... يَاْمُرُوْنَ بِالْمُنْكَرِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمَعْرُوْفِ... نَسُوا اللّٰهَ فَنَسِيَهُمْ ؕ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ"۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

تولّیٰ و تبرّیٰ

مومن کی ایک اور خصوصیت یہ ہے کہ وہ اللہ کے دوستوں سے دوستی و محبت اور اللہ کے دشمنوں سے دشمنی اور نفرت کرتے ہیں۔ اللہ سورہ توبہ کی تیسری آیت میں اپنی اور اپنے رسولؐ کی جانب سے مشرکین کے سلسلہ میں برائت کا اعلان کررہا ہے: " وَاَذَانٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖٓ اِلَى النَّاسِ يَوْمَ الْحَجِّ الْاَكْبَرِ اَنَّ اللّٰهَ بَرِيْۤءٌ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۙ وَرَسُوْلُهٗ " یہ وہی تبرا ہے جو فروع دین میں ہے۔

قرآن کریم نے ہم کو ظالمین کی دوستی سے روکا ہے جو کہ اللہ کے دشمن ہیں۔ قرآن نے فرمایا ہے کہ ان میں سے کسی کے ساتھ دوستی اور تعاون نہ کرو کیونکہ وہ سب ایک گروہ کے لوگ ہیں اور ان کا آپسی رابطہ بھی سرپرستی کا رابطہ ہے۔ ان میں سے کسی ایک کے ساتھ تعاون کرنا باقی کے ساتھ تعاون کرنے کی طرح ہے: " وَاِنَّ الظّٰلِمِيْنَ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ۚ وَاللّٰهُ وَلِيُّ الْمُتَّقِيْنَ "

اسی طرح قرآن کریم نے ہم کو اللہ کے دوستوں سے دوستی اور دیگر مومنین سے سرپرستی کا رابطہ رکھنے کی سفارش کی ہے: " وَالْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ " یہ بھی وہی تولّیٰ ہے جو فروع دین میں سے ہے۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

اختیاری مشق

قرآنی آیتیں اور عبارتیں	نئے الفاظ
۱. كُنتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ ... تَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنكَرِ وَتُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ ۗ وَلَوْ آمَنَ أَهْلُ الْكِتَابِ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُم ۚ مِّنْهُمُ﴿۱﴾ الْمُؤْمِنُونَ وَأَكْثَرُهُمُ الْفَاسِقُونَ ....(آل عمران/ ۱۱۰)	تَنْهَوْنَ : تم سب روکتے ہو
۲. قُلْ إِنَّمَا هُوَ إِلَٰهٌ وَاحِدٌ وَإِنَّنِي بَرِيءٌ مِّمَّا تُشْرِكُونَ ....(انعام/ ۱۹)	تُشْرِكُونَ: تم سب شرک کرتے ہو
۳. فَلَمَّا أَفَلَتْ قَالَ يَا قَوْمِ إِنِّي بَرِيءٌ مِّمَّا تُشْرِكُونَ ....(انعام/ ۷۸)	أَفَلَتْ : وہ غروب ہوئی
۴. الَّذِينَ يَتَّبِعُونَ الرَّسُولَ النَّبِيَّ الْأُمِّيَّ الَّذِي يَجِدُونَهُ مَكْتُوبًا عِندَهُمْ فِي التَّوْرَاةِ وَالْإِنجِيلِ يَأْمُرُهُم بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهَاهُمْ عَنِ الْمُنكَرِ ....(اعراف/ ۱۵۷)	

﴿۱﴾ "مِنهُم" کا ترجمہ "ان میں سے بعض" کریں۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

نئے الفاظ	قرآنی آیتیں اور عبارتیں
بَغْی: سرکشی، بغاوت تَذَكَّرُونَ: تم سب نصیحت حاصل کرو	۵. اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ وَاِيْتَآئِ ذِی الْقُرْبٰى وَيَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ وَ الْبَغْيِ ۚ يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ .... (نحل/۹۰)
أَمَرُوا: ان سب نے حکم دیا نَهَوْا: ان سب نے روکا	۶. اَلَّذِيْنَ اِنْ مَّكَّنّٰهُمْ فِي الْاَرْضِ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ وَاَمَرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ ۗ وَلِلّٰهِ عَاقِبَةُ الْاُمُوْرِ .... (حج/۴۱)
نَهٰى: اس نے روکا اِنْتَهُوْا: تم سب رک جاؤ عِقَاب: عذاب	۷. وَمَآ اٰتٰكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ ۚ وَمَا نَهٰكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۗ اِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ .... (حشر/۷)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

گیارھواں حصہ

بندگی کا طور طریقہ

- اکتالیسواں سبق: ذکر
- بیالیسواں سبق: دعا
- تینتالیسواں سبق: استغفار اور مغفرت الٰہی
- چوالیسواں سبق: توبہ

Presented By: https://jafrilibrary.com
Presented By: https://jafrilibrary.com

اکتالیسواں سبق

ذکر

محترم متعلّمین قرآن!

نیچے لکھی ہوئی قرآن کی آیتوں کو ایک بار غور سے پڑھیے۔

۱. وَاذْكُرُوا اللّٰهَ فِيْٓ اَيَّامٍ مَّعْدُوْدٰتٍ ۭ... وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ

.... (بقرہ/۲۰۳)

۲. وَاذْكُرْ رَّبَّكَ كَثِيْرًا وَّسَبِّحْ بِالْعَشِيِّ وَالْاِبْكَارِ

.... (آل عمران/۴۱)

۳. وَالَّذِيْنَ اِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً اَوْ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَھُمْ ذَكَرُوا اللّٰهَ فَاسْتَغْفَرُوْا (۱) لِذُنُوْبِھِمْ
وَمَنْ يَّغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اللّٰهُ

.... (آل عمران/۱۳۵)

....

۴. وَلَا تُطِعْ مَنْ اَغْفَلْنَا قَلْبَهٗ عَنْ ذِكْرِنَا وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ

.... (کهف/۲۸)

۵. اِنَّنِيْٓ اَنَا اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدْنِيْ ۙ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ لِذِكْرِيْ

.... (طٰه/۱۴)

---

(۱) ”فَعَلُوا ، ظَلَمُوا ، ذَكَرُوا ، اِستَغفَرُوا“ جو کہ افعال ماضی ہیں مگر یہاں پر مضارع کے معنی کیجیے۔ اس کی وجہ سبق نمبر ۴۴ (قرآن کی زبان) میں بیان کی گئی ہے۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

۶. لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَنْ كَانَ يَرْجُوا اللّٰهَ وَالْيَوْمَ الْاٰخِرَ وَذَكَرَ اللّٰهَ كَثِيْرًا

....(احزاب/۲۱)

....

۷. يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِيْرًا . . . هُوَ الَّذِيْ يُصَلِّيْ عَلَيْكُمْ وَ
مَلٰٓئِكَتُهٗ لِيُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ؕ وَكَانَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَحِيْمًا

....(احزاب/۴۱_۴۳)

....

۸. فَاَعْرِضْ عَنْ مَّنْ تَوَلّٰى ۙ عَنْ ذِكْرِنَا وَلَمْ يُرِدْ اِلَّا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا

....(نجم/۲۹)

۹. وَابْتَغُوْا مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ

....(جمعه/۱۰)

۱۰. يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُلْهِكُمْ اَمْوَالُكُمْ وَلَاۤ اَوْلَادُكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ ۚ
وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ

....(منافقون/۹)

....

Presented By: https://jafrilibrary.com

مانوس الفاظ اور نئے الفاظ

ایک بار پھر یاددہانی کرادیں کہ مانوس اور نئے الفاظ کو یاد کرنے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ الفاظ اور ان کے معانی کو گھر کا کوئی فرد یا آپ کا دوست آپ سے پوچھے تا کہ آپ کو اطمینان ہوجائے کہ آپ الفاظ کے معانی کو جانتے ہیں۔

مانوس الفاظ	معنی
ثَـلاث ۔ ثَـلاثَة	تین، تینوں
ذَکَروا [ذکر: ۱۱/۴۱]	ان سب نے یاد کیا
شَاکِر	شکر کرنے والا

مانوس الفاظ	معنی
فَاحِشَة	بدکاری، برا کام
فَعَلوا [فَعَلَ ۱۰/۴۰]	ان سب نے کیا، ان سب نے انجام دیا
هَوىٰ	خواہش، آرزو

نئے الفاظ	معنی
اِبْتَغُوا	تم سب طلب کرو
اِسْتَغْفَرُوا	ان سب نے مغفرت چاہی
أَغْفَلْنَا	ہم نے غافل کیا
أَوْ	یا
ذَكَرَ	اس نے یاد کیا
ظَلَمُوا	ان سب نے ظلم کیا
كَفُور	ناشکرا، انکار کرنے والا
لَا تُلْهِ	غافل نہ کرے
نَادىٰ	اس نے ندا دی، آواز دی
وَجَدْنَا	ہم نے پایا
غَلِيظ	سخت، سنگین، گاڑھا

نئے الفاظ	معنی
إِبْكَار	صبح
أَعْرِضْ	تم منہ پھیرو
إِمَّا	یا
تُحْشَرُونَ	تم سب جمع کئے جاؤ گے
ذِكْرىٰ	یاددہانی، نصیحت، عبرت
عَشِيّ ۔ عَشِيَّة	شام، رات
لَا تُطِعْ	تم اطاعت نہ کرو
لَمْ يُرِدْ	اس نے نہیں چاہا، اس نے ارادہ نہیں کیا
نَجَّيْنَا	ہم نے نجات دی
يُصَلِّي	وہ درود بھیجتا ہے

Presented By: https://jafrilibrary.com

مشق و سوالات

مشق نمبر(۱) صحیح جواب پر نشان لگائیے:

الف: کونسا جزء صحیح ہے؟

۱. أَغْفَلْنَا ۔ نَجَّيْنَا ۔ وَجَدْنَا:

الف: ہم غافل ہوئے	ہم نے نجات پائی	ہم نے پایا	☐
ب: ہم نے غافل کیا	ہم نے نجات دی	ہم نے پایا	☐

۲. اِبْتَغُوا ۔ لَا تُطِعْ ۔ أَعْرِضْ:

الف: تم سب طلب کرو	تم اطاعت نہ کرو	تم منہ پھیر لو	☐
ب: انھوں طلب کیا	اس نے اطاعت نہیں کی	اس نے منہ پھیرا	☐

۳. اِسْتَغْفَرُوا ۔ ذَكَرُوا ۔ ظَلَمُوا:

الف: ان سب نے مغفرت چاہی	ان سب نے یاد کیا	ان سب نے ظلم کیا	☐
ب: تم سب مغفرت چاہو	تم سب یاد کرو	ان سب نے ظلم کیا	☐

۴. كَفُور ۔ عَشِيّ ۔ إِبْكَار:

الف: حیوانات	بھڑکتی آگ	ہرگز نہیں	☐
ب: ناشکرا	شام، رات	صبح	☐

۵. لَا تُلْهِ ۔ لَمْ يُرِد ۔ تُحْشَرُونَ:

الف: اس نے غافل نہیں کیا	اس نے نہیں چاہا	تم سب جمع کئے جاؤ گے	☐
ب: غافل نہ کرے	اس نے نہیں چاہا	تم سب جمع کئے جاؤ گے	☐

Presented By: https://jafrilibrary.com

ب: کونسا جزء صحیح ھے؟

۱۔ یا - یاددہانی - خواہش وآرزو:

الف: اِمَّا - ذِکْرَىٰ - هَوَىٰ ☐

ب: اِمّا - ذَكَرُوا - فَاحِشَة ☐

۲۔ اس نے ندا دی - وہ درود بھیجتا ہے - سخت، سنگین:

الف: نَادَىٰ - اِسْتَغْفَرُوا - غَلِيظ ☐

ب: نَادَىٰ - يُصَلِّي - غَلِيظ ☐

۳۔ براکام - یا - شکر کرنے والا:

الف: فَاحِشَة - أَوْ - شَاكِر ☐

ب: هَوَىٰ - اِمَّا - شَاكِر ☐

۴۔ ہم نے ہدایت کی - ہم نے غافل کیا - تم سب طلب کرو:

الف: نَجَّيْنَا - أَغْفَلْنَا - اِسْتَغْفِرُوا ☐

ب: هَدَيْنَا - أَغْفَلْنَا - اِبْتَغُوا ☐

۵۔ ان سب نے کیا - ان سب نے ظلم کیا - شام، رات:

الف: وَجَدْنَا - ذِكْرَىٰ - إِبْكَار ☐

ب: فَعَلُوا - ظَلَمُوا - عَشِيّ ☐

مشق نمبر(۲) صحیح عبارت اور عبارت کے صحیح ترجمہ پر نشان لگائیے

الف: کونسا جزء صحیح ھے؟

۱. فِي أَيَّامٍ مَّعْدُودَاتٍ

الف: روئے زمین پر ☐

ب: گنے چنے دنوں میں ☐

Presented By: https://jafrilibrary.com

۲. وَ اعۡلَمُوۡۤا اَنَّکُمۡ اِلَیۡہِ تُحۡشَرُوۡنَ

الف: اورتم سب جان لوکہ تم سب اس کی طرف جمع کئے جاؤ گے ☐

ب: اورتم جان لوکہ تم سب جمع کئے جاؤ گے ☐

۳. سَبِّحۡ بِالۡعَشِیِّ وَ الۡاِبۡکَارِ

الف: تسبیح کروتم شام اور صبح کو ☐

ب: تسبیح کرو اس کی صبح وشام کو ☐

۴. اِذَا فَعَلُوۡا فَاحِشَۃً

الف: اگر انجام دیا ان سب نے برا کام ☐

ب: جب انجام دیا ان سب نے برا کام ☐

۵. فَاسۡتَغۡفَرُوۡا لِذُنُوۡبِہِمۡ

الف: توتم سب مغفرت چاہو اپنے گناہوں کی ☐

ب: توان سب نے مغفرت چاہی اپنے گناہوں کے لئے ☐

۶. وَمَنۡ یَّغۡفِرُ الذُّنُوۡبَ اِلَّا اللّٰہُ

الف: اورکون معاف کرتا ہے گناہوں کوسوائے اللہ کے ☐

ب: اورجو گناہوں معاف کرتا ہے وہ اللہ ہے ☐

۷. وَ اتَّبَعَ ہَوٰىہُ

الف: اوراس نے پیروی کی اپنی خواہش کی ☐

ب: اورتم پیروی کرو اپنی خواہش کی ☐

۸. اِنَّنِیۡۤ اَنَا اللّٰہُ

الف: یقیناً میں تمہارا اللہ ہوں ☐

ب: یقیناً میں اللہ ہوں ☐

Presented By: https://jafrilibrary.com

۹. وَ كَانَ بِالْمُؤْمِنِينَ رَحِيمًا

الف: اور وہ ہے مومنین کی بنسبت رحم کرنے والا ☐

ب: اور وہ ہوتا ہے مومن اور رحم کرنے والا ☐

۱۰. لَا تُلْهِكُمْ أَمْوَالُكُمْ

الف: غافل نہ ہو تم سب اپنے مال سے ☐

ب: غافل نہ کرے تم سب کو تمہارے مال ☐

۱۱. وَأَقِمِ الصَّلٰوةَ لِذِكْرِىْ

الف: اور تم قائم کرو نماز کو میرے ذکر کے لئے ☐

ب: اور تم سب قائم کرو نماز کو میرے ذکر کے لئے ☐

۱۲. وَ مَن يَّفْعَلْ ذٰلِكَ

الف: اور جو انجام دے اسے ☐

ب: اور جس نے انجام دیا اسے ☐

مشق نمبر(۳) آیات قرآنی کو پڑھ کر ان کا ترجمہ مکمل کیجئے:

۱. وَ اتَّقُوا اللّٰهَ وَ اعْلَمُوا أَنَّكُمْ إِلَيْهِ تُحْشَرُونَ

اور.................اختیار کرو تم سب.................کا اور.................کہ تم سب.................گے۔

۲. وَلَا تُطِعْ مَنْ أَغْفَلْنَا قَلْبَهُ عَنْ ذِكْرِنَا وَ اتَّبَعَ هَوٰهُ

اور.................نہ کرو اس کی جس کے دل کو.................اپنے ذکر سے اور.................کی

.................کی۔

۳. وَ الَّذِينَ إِذَا فَعَلُوا فَاحِشَةً أَوْ ظَلَمُوا أَنْفُسَهُمْ

اور وہ لوگ جنھوں نے.................انجام دیا.................یا.................کیا.................اوپر۔

Presented By: https://jafrilibrary.com
Presented By: https://jafrilibrary.com

۴. فَأَعۡرِضۡ عَن مَّن تَوَلَّىٰ عَن ذِكۡرِنَا وَلَمۡ يُرِدۡ إِلَّا ٱلۡحَيَوٰةَ ٱلدُّنۡيَا

تو..................اس سے جس نے .... ہمارے ذکر سے اور نہیں .... مگر

..................کو۔

۵. قُل لَّآ أَسۡـَٔلُكُمۡ عَلَيۡهِ أَجۡرًا إِنۡ هُوَ إِلَّا ذِكۡرَىٰ لِلۡعَٰلَمِينَ

تم کہو کہ میں نہیں .... اس (رسالت) .... (کوئی) اجر، یہ (قرآن) مگر یاددہانی

..................کے لئے۔

مشق نمبر(٤) اب سبق کے شروع میں دی گئی قرآنی عبارتوں کے ترجمہ کی باری ھے۔ ہر عبارت کو ایک بار غور سے پڑھئے اور پھر لفظ بلفظ ترجمہ کیجئے۔

تقویتی مشق

درج ذیل قرآنی عبارات اور آیات کا ترجمہ کیجئے:

۱. قُل لَّآ أَسۡـَٔلُكُمۡ عَلَيۡهِ أَجۡرًاۖ إِنۡ هُوَ إِلَّا ذِكۡرَىٰ لِلۡعَٰلَمِينَ

.... (انعام/۹۰)

۲. وَنَادَىٰٓ أَصۡحَٰبُ ٱلۡجَنَّةِ أَصۡحَٰبَ ٱلنَّارِ أَن قَدۡ وَجَدۡنَا مَا وَعَدَنَا رَبُّنَا حَقًّا

.... (اعراف/۴۴)

۳. وَلَمَّا جَآءَ أَمۡرُنَا نَجَّيۡنَا هُودًا وَٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ مَعَهُۥ بِرَحۡمَةٖ مِّنَّا وَ
نَجَّيۡنَٰهُم مِّنۡ عَذَابٍ غَلِيظٖ

.... (هود/۵۸)

۴. يَخۡلُقُكُمۡ فِي بُطُونِ أُمَّهَٰتِكُمۡ خَلۡقٗا مِّنۢ بَعۡدِ خَلۡقٖ فِي ظُلُمَٰتٖ ثَلَٰثٖۚ
ذَٰلِكُمُ ٱللَّهُ رَبُّكُمۡ لَهُ ٱلۡمُلۡكُۖ لَآ إِلَٰهَ إِلَّا هُوَۖ

.... (زمر/۶)

....

۵. إِنَّا هَدَيۡنَٰهُ ٱلسَّبِيلَ إِمَّا شَاكِرٗا وَإِمَّا كَفُورًا

.... (انسان/۳)

Presented By: https://jafrilibrary.com

فعل نہی

مندرجہ ذیل تین طرح کے افعال پر توجہ کریں:

فعل مضارع	فعل امر	فعل نہی
تَتَّبِعُوْنَ : تم سب پیروی کرتے ہو	اِتَّبِعُوْا : تم سب پیروی کرو	لَا تَتَّبِعُوْا : تم سب پیروی نہ کرو
تَقُوْلُوْنَ: تم سب کہتے ہو	قُوْلُوْا: تم سب کہو	لَا تَقُوْلُوْا: تم سب نہ کہو

اگر تیسری قسم کے افعال میں غور کریں تو آپ دیکھیں گے کہ وہ کسی کام سے روکنے اور منع کرنے پر دلالت کرتے ہیں۔ اس طرح کے افعال کو "فعل نہی" کہتے ہیں۔

فعل نہی بنانے کا قاعدہ

پہلے فعل مضارع کے شروع میں "لَا" کا اضافہ کریں گے، پھر فعل کے آخری حصے کے بارے میں اسی روش پر عمل کریں گے جس پر فعل امر بناتے وقت عمل کیا تھا (یعنی اگر فعل واحد ہو تو آخری حرف کو ساکن کردیں گے اور اگر جمع ہے تو "ن" کو حذف کردیں گے اور اس کی جگہ آخر میں "ا" آجاتا ہے جو لکھا تو جاتا ہے لیکن پڑھا نہیں جاتا۔

مثلاً:

تَتَّبِعُ ("لَا" کا اضافہ کرنا) ⟵ لَا تَتَّبِعُ (آخری حرف کو ساکن کرنا) ⟵ لَا تَتَّبِعْ

تَتَّبِعُونَ ("لَا" کا اضافہ کرنا) ⟵ لَا تَتَّبِعُونَ ("ن" حرف کو حذف کرنا) ⟵ لَا تَتَّبِعُوا

توجہ

جن افعال مضارع میں واحد کے صیغہ کا آخری حرف "الف مدّی، یاء مدّی، واو مدّی" ہو تو فعل امر کی طرح فعل نہی بناتے وقت بھی ان افعال کا آخری حرف حذف ہو جائے گا۔ جیسے:

Presented By: https://jafrilibrary.com

تَدْعُو ("لَا" کا اضافہ کرنا) ← لَا تَدْعُو ("واو" کو حذف کرنا) ← لَا تَدْعُ

تَبْغِی ("لَا" کا اضافہ کرنا) ← لَا تَبْغِی ("ی" کو حذف کرنا) ← لَا تَبْغِ

تَنْسَیٰ ("لَا" کا اضافہ کرنا) ← لَا تَنْسَیٰ ("یٰ" کو حذف کرنا) ← لَا تَنْسَ

مشق : پہلے خانے کو مد نظر رکھ کر باقی نقشہ کو پُر کیجئے:

فعل مضارع	فعل نفی (مضارع منفی)	فعل امر	فعل نہی
تَتَّخِذُوْنَ: تم سب لیتے ہو	لَا تَتَّخِذُوْنَ: تم نہیں لیتے ہو	اِتَّخِذُوا: تم سب لو	لَا تَتَّخِذُوا: تم سب نہ لو
تَبْسُطُ: تم کھولتے ہو		اُبْسُطْ: تم کھولو	
تَجْعَلُوْنَ: تم سب قرار دیتے ہو			لَا تَجْعَلُوا: تم سب قرار نہ دو
تَحْزَنُ: تم غمگین ہوتے ہو		اِحْزَنْ: تم غمگین ہو جاؤ	
تَحْزَنُوْنَ: تم سب غمگین ہوتے ہو			
تَدْخُلُوْنَ: تم سب داخل ہوتے ہو	لَا تَدْخُلُوْنَ: تم سب داخل نہیں ہوتے ہو		
تَدْعُو: تم بلاتے ہو	لَا تَدْعُو: تم نہیں بلاتے ہو		

Presented By: https://jafrilibrary.com

مفاہیم قرآن سے آشنائی

اللہ کا ذکر

ذکر کے معنیٰ

"ذکر" اللہ کی بندگی کا ایک رکن ہے۔ اردو میں ذکر کے معنی "یاد کرنے" کے ہیں۔ کسی کو "یاد کرنا" کبھی تو زبان پر اس کا نام یا صفت لانے سے ہوتا ہے اور کبھی دل میں اس کے نام یا اس کی یاد کو لانے سے ہوتا ہے۔ اللہ کا ذکر بھی اس کے نام یا صفت کو زبان پر لانے یا اس کی یاد کو دل میں بسانے کے ذریعہ ہوتا ہے۔

"ذکر کثیر" کیا ہے؟

سبق کی چار آیتوں میں "ذکر کثیر" کی دعوت دی گئی ہے: "وَاذْكُرْ رَبَّكَ كَثِيرًا"، "وَذَكَرَ اللَّهَ كَثِيرًا"، "وَاذْكُرُوا اللَّهَ كَثِيرًا"، "اذْكُرُوا اللَّهَ ذِكْرًا كَثِيرًا"

بعض مفسرین نے مسلسل یادِ خدا کرتے رہنے کو "ذکر کثیر" جانا ہے۔ بعض دیگر مفسرین نے اہل بیت علیہم السلام کی روایات سے استفادہ کرتے ہوئے تیس مرتبہ تسبیحات اربعہ [1] پڑھنے کو 'ذکر کثیر' کہا ہے یا تسبیحات حضرت زہرا سلام اللہ علیہا [2] پڑھنے کو "ذکر کثیر" کا نام دیا ہے۔

اللہ کی یاد ہر وقت کرتے رہنا ضروری ہے، لیکن سورہ بقرہ کی ۲۰۳ ویں آیت خاص اوقات میں اللہ کے ذکر کی سفارش کرتی ہے۔ اور یہ اوقات، ایام تشریق یعنی گیارہ سے تیرہ ذی الحجہ کے ہیں جن میں حج کے مناسک انجام دیے جاتے ہیں "وَاذْكُرُوا اللَّهَ فِي أَيَّامٍ مَّعْدُودَاتٍ..."

﴿۱﴾ تسبیحات اربعہ: سُبْحَانَ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اللّٰهُ اَكْبَرُ

﴿۲﴾ تسبیحات زہراؑ: ۳۴ بار اللّٰهُ اَكْبَرُ؛ ۳۳ بار اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ؛ ۳۳ بار سُبْحَانَ اللهِ

Presented By: https://jafrilibrary.com

اللہ کا ذکر نہ کرنے والوں سے منہ پھیرنا

اللہ اپنے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فرماتا ہے کہ اگر کوئی ہماری یاد سے منہ موڑے تو تم بھی اس سے منہ پھیرلو: ''فَاَعْرِضْ عَنْ مَّنْ تَوَلّٰی ۙعَنْ ذِکْرِنَا''۔ایک اور آیت میں فرماتا ہے کہ جن لوگوں کے دل کو ہم نے اپنی یاد سے غافل کردیا ہے تم اس کی پیروی نہ کرو : ''وَلَا تُطِعْ مَنْ اَغْفَلْنَا قَلْبَهٗ عَنْ ذِكْرِنَا وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ'' اس آیت میں بظاہر تو صرف رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مخاطب ہیں لیکن درحقیقت تمام مؤمنین اس کے مخاطب ہیں۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

اختیاری مشق

امید ہے کہ قرآن کریم کے پیغامات کو سمجھنے کا شوق رکھنے والے حضرات اپنی معلومات میں اضافہ کے لئے اس مشق کو بھی دقت اور محنت سے انجام دیں گے۔

قرآنی آیتیں اور عبارتیں	نئے الفاظ
۱. فَاذْكُرُونِي أَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوا لِي وَلَا تَكْفُرُونِ ....(بقرہ/۱۵۲)	أَذْكُرْ: میں یاد کروں
۲. اَلَّذِينَ يَذْكُرُونَ اللهَ قِيَامًا وَّ قُعُودًا وَّ عَلٰى جُنُوبِهِمْ وَيَتَفَكَّرُونَ فِي خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ ....(آل عمران/۱۹۱)	يَذْكُرُونَ: وہ سب یاد کرتے ہیں قُعُود: بیٹھے ہوئے جُنُوب: پہلو، کروٹ
۳. وَاذْكُرُوا إِذْ جَعَلَكُمْ خُلَفَاءَ مِنْ بَعْدِ قَوْمِ نُوحٍ... فَاذْكُرُوا آلَاءَ اللهِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ....(اعراف/۶۹)	خُلَفَاء: جانشین (خَلِيفَه کی جمع) آلَاء: نعمتیں
۴. وَاذْكُرْ رَبَّكَ فِي نَفْسِكَ تَضَرُّعًا وَّ خِيفَةً... وَلَا تَكُنْ مِنَ الْغٰفِلِينَ ....(اعراف/۲۰۵)	تَضَرُّعًا: رونا، گریہ خِيفَة: ڈر، خوف لَا تَكُنْ: تم نہ ہو

Presented By: https://jafrilibrary.com

نئے الفاظ	قرآنی آیتیں اور عبارتیں
أَعْرَضَ: اس نے منہ پھیرا مَعِيْشَةً: روزی، زندگانی ضَنْكًا: تنگ، سخت نَحْشُرُ: ہم جمع کریں گے	۵. وَمَنْ اَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِيْ فَاِنَّ لَهٗ مَعِيْشَةً ضَنْكًا وَّنَحْشُرُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَعْمٰى ....(طٰہٰ/۱۲۴)
تَذْكِرَةٌ: یاددہانی	۶. كَلَّآ اِنَّهٗ﴿۱﴾ تَذْكِرَةٌ ۞ فَمَنْ شَآءَ ذَكَرَهٗ ۞ وَمَا يَذْكُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ ....(مدّثر/۵۴_۵۶)

﴿۱﴾ "اِنَّه" میں "ہ" سے مراد قرآن کریم ہے۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

بیالیسواں سبق

دعا

محترم متعلّمین قرآن!

نیچے لکھی ہوئی قرآن کی آیتوں کو ایک بار غور سے پڑھیے۔

۱. فَاِنِّیْ قَرِیْبٌ ؕ اُجِیْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ

.... (بقرہ/۱۸۶)

۲. اَلَّذِیْنَ یَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اِنَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا

.... (آل عمران/۱۶)

۳. هُنَالِكَ دَعَا زَكَرِیَّا رَبَّهٗ ۚ قَالَ رَبِّ﴿۱﴾ هَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّیَّةً طَیِّبَةً ۚ اِنَّكَ سَمِیْعُ الدُّعَآءِ

.... (آل عمران/۳۸)

۴. وَ لَا تُفْسِدُوْا فِی الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا وَادْعُوْهُ خَوْفًا وَّطَمَعًا ؕ اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِیْبٌ
مِّنَ الْمُحْسِنِیْنَ

.... (اعراف/۵۶)

....

۵. وَ لِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا

.... (اعراف/۱۸۰)

۶. اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ وَهَبَ لِیْ عَلَى الْكِبَرِ اِسْمٰعِیْلَ وَ اِسْحٰقَ ؕ اِنَّ رَبِّیْ لَسَمِیْعُ الدُّعَآءِ

.... (ابراهیم/۳۹)

﴿۱﴾ "رَبِّ" اصل میں "رَبِّی" تھا اس کی "ی" حذف ہو گئی۔

Presented By: https://jafrilibrary.com
Presented By: https://jafrilibrary.com

۷. رَبِّ اجْعَلْنِی مُقِیمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّیَّتِی رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ

.... (ابراهیم/۴۰)

۸. هُوَ الَّذِی یُرِیکُمْ اٰیٰتِهٖ وَیُنَزِّلُ لَکُمْ مِّنَ السَّمَآءِ رِزْقًا... فَادْعُوا اللّٰهَ مُخْلِصِینَ لَهُ الدِّینَ

.... (مومن/۱۳۔۱۴)

....

۹. وَقَالَ رَبُّکُمُ ادْعُونِی اَسْتَجِبْ لَکُمْ اِنَّ الَّذِینَ یَسْتَکْبِرُونَ عَنْ عِبَادَتِی سَیَدْخُلُونَ جَهَنَّمَ دٰخِرِینَ

.... (مومن/۶۰)

....

۱۰. هُوَ الْحَیُّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَادْعُوهُ مُخْلِصِینَ لَهُ الدِّینَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِینَ

.... (مومن/۶۵)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

مانوس الفاظ اور نئے الفاظ

مانوس الفاظ	معنی
إِصْلَاح	اصلاح کرنا، اچھا کام کرنا
زَکَرِیَّا	حضرت زکریا علیہ السلام
لَا یُفْلِحُونَ [تُفْلِحُونَ ۸/ ۳۱]	وہ سب نجات نہیں پاتے

مانوس الفاظ	معنی
دَعْوَۃ	پکار، آواز، دعوت
کَسَبْتُمْ [کَسَبُوا ۷/ ۲۵]	تم سب نے حاصل کیا
مُخْلِصِینَ	خالص کرنے والے (مُخلِص کی جمع)
اُدْعُوا [یَدْعُونَ ۸/ ۲۹]	میں پکارتا ہوں

نئے الفاظ	معنی
کِبَر	بڑھاپا، پیری
اُمَم	امتیں، قومیں (امت کی جمع)
حُسْنَیٰ	بہت اچھی، بہترین
خَلَتْ	وہ گزری
سَ (سَ)	عنقریب (حرف استقبال قریب)
هَبْ	تو عطا کر
یَدْخُلُونَ	وہ سب داخل ہوتے ہیں
یُرْسِلُ	وہ بھیجتا ہے
أَسْتَجِبْ	میں قبول کروں گا
اَلدَّاعِ (اَلدَّاعِی)	پکارنے والا
مُقِیم	قائم کرنے والا، دائمی، ابدی

نئے الفاظ	معنی
اُجِیْبُ	میں جواب دیتا ہوں
تَقَبَّلْ	تو قبول کر
یَرْجِعُونَ	وہ سب پلٹیں
دَاخِرِینَ	ذلیل ہونے والے، خوار ہونے والے
وَهَبَ	اس نے عطا کیا
هُنَالِكَ	وہاں (اس وقت)، (اُس موقع پر)
یَفْتَرُونَ	وہ سب جھوٹ باندھتے ہیں، وہ سب بہتان لگاتے ہیں
یَسْتَکْبِرُونَ	وہ سب اکڑتے ہیں، وہ سب تکبر کرتے ہیں

Presented By: https://jafrilibrary.com

مشق و سوالات

مشق نمبر(۱) صحیح جواب پر نشان لگائیے:

الف: کونسا جزء صحیح ہے؟

۱. إِصْلَاح ـ أُجِيبُ ـ أُمَم:

الف: اصلاح کرنا	میں جواب دیتا ہوں	امتیں	☐
ب: اصلاح	میں جاتا ہوں	امتیں	☐

۲. تَقَبَّلْ ـ هَبْ ـ هُنَالِكَ:

الف: تو قبول کرتا ہے	عطا، عنایت	یہاں	☐
ب: تو قبول کر	تو عطا کر	وہاں (اس وقت)	☐

۳. يُرْسِلُ ـ يَفْتَرُونَ ـ يُفْلِحُونَ:

الف: وہ بھیجتا ہے	وہ سب جھوٹ باندھتے ہیں	وہ سب نجات پاتے ہیں	☐
ب: وہ بھیجتا ہے	تم سب جھوٹ باندھتے ہو	وہ سب داخل ہوتے ہیں	☐

۴. خَلَتْ ـ أَسْتَجِبْ ـ وَهَبَ:

الف: وہ گزری	میں قبول کروں گا	اس نے عطا کیا	☐
ب: دوستی، خلّت	اس نے قبول کیا	اس نے عطا کیا	☐

۵. كِبَر ـ دَعْوَة ـ يَرْجِعُونَ:

الف: بڑا	دعوت کرنے والا	وہ سب پلٹے	☐
ب: بڑھاپا، پیری	پکار، آواز، دعوت	وہ سب پلٹیں	☐

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

ب: کونسا جزء صحیح ہے؟

۱۔ بہت اچھی - ذلیل ہونے والے - وہ سب اکڑتے ہیں:

الف: حَلِیم ۔ دَاخِرِینَ ۔ یَستَکبِرُونَ ☐ ب: حُسنَیٰ ۔ دَاخِرِینَ ۔ یَستَکبِرُونَ ☐

۲۔ میں قبول کروں گا - تم سب پکارتے ہو - پکارنے والا:

الف: أَستَجِبُ ۔ تَدعُونَ ۔ دَاعِ ☐ ب: اُجِیبُ ۔ یَدعُونَ ۔ دُعاء ☐

۳۔ ان سب نے حاصل کیا - وہ سب نجات نہیں پاتے - وہ سب داخل ہوتے ہیں:

الف: تَکسِبُونَ ۔ یَکسِبُونَ ۔ کَسَبتُم ☐ ب: کَسَبتُم ۔ لا یُفلِحُون ۔ یَدخُلُونَ ☐

۴۔ بڑھاپا - بردبار - قائم کرنے والا:

الف: کِبَر ۔ مُقِیم ۔ حَلِیم ☐ ب: کِبَر ۔ حَلِیم ۔ مُقِیم ☐

۵۔ تو قبول کر - تو عطا کر - تم پکارو:

الف: تَقَبَّلُ ۔ هَبُ ۔ دَاعِ ☐ ب: تَقَبَّلُ ۔ هَبُ ۔ اُدعُ ☐

مشق نمبر(۲)

الف: عبارت کے صحیح ترجمہ پر نشان لگائیے:

۱. مُخلِصِینَ لَهُ الدِّینَ

الف: خلوص رکھتے ہو اس کے لئے دین کے بارے میں ☐

ب: خالص کرنے والے، اس کے لئے دین کو ☐

۲. اُجِیبُ دَعوَةَ الدَّاعِ

الف: میں جواب دیتا ہوں پکارنے والے کی پکار کا ☐

ب: تم جواب دو پکارنے والے کی پکار کا ☐

Presented By: https://jafrilibrary.com

۳. إِذَا دَعَانِ ﴿۱﴾

الف: جب اس نے پکارا مجھے ☐

ب: جب اس نے عداوت کی مجھ سے ☐

۴. اُدْعُوْنِيْ أَسْتَجِبْ لَكُمْ

الف: تم سب دعا کرو میرے لئے میں تمہاری خواہش پوری کروں گا ☐

ب: تم سب پکارو مجھے میں قبول کروں گا تم سب کے لئے ☐

۵. سَيَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ

الف: عنقریب داخل ہوں گے وہ سب دوزخ (میں) ☐

ب: عنقریب داخل ہوگے تم سب دوزخ (میں) ☐

۶. وَ لِلّٰهِ الْأَسْمَاءُ الْحُسْنٰى

الف: اور اللہ کے لئے ہے اچھا نام ☐

ب: اور اللہ کے لئے ہیں اچھے نام ☐

۷. هُنَالِكَ دَعَا زَكَرِيَّا رَبَّهٗ

الف: یہاں عادت ڈالی (حضرت) زکریاؑ نے اپنے پروردگار کے بارے میں ☐

ب: وہاں پکارا (حضرت) زکریاؑ نے اپنے پروردگار کو ☐

۸. رَبِّ اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ

الف: میرے پروردگار قرار دے مجھے نماز کا قائم کرنے والا ☐

ب: پروردگار تو قرار دیتا ہے مجھے نماز کا قائم کرنے والا ☐

۹. رَبَّنَا وَ تَقَبَّلْ دُعَاءِ ﴿۲﴾

الف: ہمارے پروردگار! اور قبول کر میری دعا ☐

ب: ہمارے پروردگار! اور قبول کرتا ہے دعا ☐

﴿۱﴾ "دَعَانِ" اصل میں "دَعا + ن + ی" ہے۔ یہاں "ن" کا کوئی معنی نہیں ہے۔

﴿۲﴾ اصل میں "دُعائی" تھا "ی" لکھنے میں حذف ہوگئی ہے۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

۱۰. وَادْعُوهُ خَوْفًا وَطَمَعًا

الف: اورتم سب دعوت (اسلام) دوخوف (خدا) اور امید (کے ساتھ) ❑

ب: اورتم سب پکارو اسے ڈر اور امید (کے ساتھ) ❑

۱۱. إِنَّ رَبِّي لَسَمِيعُ الدُّعَاءِ

الف: یقیناً میرا پروردگار دعا کا سننے والا ہے ❑

ب: یقیناً میرا پروردگار سنتا ہے دعا کو ❑

۱۲. رَبَّنَا إِنَّنَا آمَنَّا

الف: اے پروردگار! ہم ایمان لائے ❑

ب: ہمارے پروردگار! یقیناً ہم ایمان لائے ❑

مشق نمبر (۳) آیات قرآنی کو پڑھ کر ان کا ترجمہ مکمل کیجئے:

۱. إِنَّ رَحْمَتَ اللَّهِ قَرِيبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِينَ

یقیناً اللہ کی رحمت .... ہے .... سے۔

۲. إِنَّ الَّذِينَ يَسْتَكْبِرُونَ عَنْ عِبَادَتِي سَيَدْخُلُونَ جَهَنَّمَ دَاخِرِينَ

یقیناً جو لوگ .... میری عبادت سے .... وہ سب داخل ہوں گے ....
میں ....۔

۳. هُوَ الَّذِي يُرِيكُمْ آيَاتِهِ وَيُنَزِّلُ لَكُم مِّنَ السَّمَاءِ رِزْقًا

وہ ہے جو .... ہے .... کو اپنی آیتیں اور .... تم سب کے لئے
.... سے رزق۔

۴. وَلَا تُفْسِدُوا فِي الْأَرْضِ بَعْدَ إِصْلَاحِهَا وَادْعُوهُ خَوْفًا وَطَمَعًا

اور فساد نہ کرو تم سب .... اس کی .... کے بعد اور تم سب ....
اسے ڈر اور .... (کے ساتھ)۔

۵. قَالَ رَبِّ هَبْ لِي مِن لَّدُنكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً إِنَّكَ سَمِيعُ الدُّعَاءِ

اس نے کہا میرے .... عطا کر .... اپنے .... سے ....
یقیناً تو دعا کا .... ہے۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

٦. اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِی وَهَبَ لِیْ عَلَی الْکِبَرِ إِسْمٰعِیلَ وَ إِسْحٰقَ إِنَّ رَبِّی لَسَمِیعُ الدُّعَاءِ

تمام تعریفیں اس.............. لئے ہیں جس نے.............. کیا..............، میرے بڑھاپے پر

اسماعیل اور .... کو یقیناً میرا .... دعا کا سننے والا ہے۔

مشق نمبر(٤) اب سبق کے شروع میں دی گئی قرآنی عبارتوں کے ترجمہ کی باری ھے۔ ھر عبارت کو ایک بار غور سے پڑھئے اور پھر لفظ بلفظ ترجمہ کیجئے۔

تقویتی مشق

درج ذیل قرآنی عبارات اور آیات کا ترجمہ کیجئے:

۱. وَوَيۡلٌ لَّهُمۡ مِّمَّا يَكۡسِبُوۡنَ

....(بقرہ/ ۷۹)

۲. تِلۡكَ اُمَّةٌ قَدۡ خَلَتۡ ۚ لَهَا مَا كَسَبَتۡ وَلَكُمۡ مَّا كَسَبۡتُمۡ

....(بقرہ/ ۱۴۱)

۳. قُلۡ اِنَّ الَّذِيۡنَ يَفۡتَرُوۡنَ عَلَى اللّٰهِ الۡكَذِبَ ﴿۱﴾ لَا يُفۡلِحُوۡنَ

....(یونس/ ۶۹)

۴. كَذٰلِكَ اَرۡسَلۡنٰكَ فِىۡۤ اُمَّةٍ قَدۡ خَلَتۡ مِنۡ قَبۡلِهَاۤ اُمَمٌ

....(رعد/ ۳۰)

۵. وَمِنۡ اٰيٰتِهٖۤ اَنۡ يُّرۡسِلَ الرِّيَاحَ

....(روم/ ۴۶)

۶. وَاللّٰهُ يَعۡلَمُ مَا فِىۡ قُلُوۡبِكُمۡ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيۡمًا حَلِيۡمًا

....(احزاب/ ۵۱)

۷. وَاَخَذۡنٰهُمۡ بِالۡعَذَابِ لَعَلَّهُمۡ يَرۡجِعُوۡنَ

....(زخرف/ ۴۸)

﴿۱﴾ ترجمہ میں آسانی کے لئے "اَلْکَذِب" کا ترجمہ نہ کریں۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

قرآن کی زبان

مفید نکات (۱)

ذیل کے افعال مضارع اور ان کے معانی پر توجہ کریں:

يَقُولُ: وہ کہتا ہے   يَعْلَمُ: وہ جانتا ہے

نُسَبِّحُ: ہم تسبیح کرتے ہیں   اَعْمَلُ: میں انجام دیتا ہوں

اب انھیں افعال کو ان کے معانی کی تبدیلی کے ساتھ ملاحظہ کریں:

اَنْ يَقُولَ: کہ وہ کہے   لِيَعْلَمَ: اس کے جاننے کے لئے (تاکہ وہ جانے)

كَيْ نُسَبِّحَ: تاکہ ہم تسبیح کریں   اَنْ اَعْمَلَ: کہ (یہاں تک کہ) میں انجام دوں

جیسا کہ آپ نے ملاحظہ کیا کہ "اَنْ، لِـ، كَيْ" جب فعل مضارع کے اوپر آئے تو انھوں نے فعل مضارع کے معانی کو بدل دیا۔ ایک دوسرے کے مقابل دیئے گئے ذیل کے نقشہ کے خانوں میں آپ اس تبدیلی کا بغور جائزہ لیں:

فعل مضارع	فعل مضارع "اَن، لِ، کَی" کے ساتھ
يَقُولُ: وہ کہتا ہے	اَنْ يَقُولَ: کہ وہ کہے
يَعْلَمُ: وہ جانتا ہے	لِيَعْلَمَ: اس کے جاننے کے لئے (تاکہ وہ جانے)
نُسَبِّحُ: ہم تسبیح کرتے ہیں	كَيْ نُسَبِّحَ: تاکہ ہم تسبیح کریں
اَعْمَلُ: میں انجام دیتا ہوں	اَنْ اَعْمَلَ: کہ (یہاں تک کہ) میں انجام دوں

یہ بات بھی توجہ کے قابل ہے کہ "اَنْ، لِـ، كَيْ..." جس طرح فعل مضارع کے معانی میں تبدیلی کرتے ہیں اسی طرح اس کی ظاہری حالت میں تبدیلی لاتے ہیں جس کی تفصیل عربی زبان کی کتابوں میں موجود ہے۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

مشق: ذیل کے نقشہ کو دقت اور اطمینان کے ساتھ مکمل کریں:

فعل مضارع	فعل مضارع "اَن، لِ، کَی" کے ساتھ
یَضْرِبُ : وہ مارتا ہے	اَن یَضْرِبَ: کہ وہ مارے
یُنَزِّلُ: وہ نازل کرتا ہے	اَن یُنَزِّلَ: ....
اَکُونُ: میں ہوں	اَن اَکُونَ: ....
تَقَرُّ : وہ قرار پاتی ہے (وہ ٹھنڈی ہوتی ہے)	کَی تَقَرَّ: ....
یَاْکُلُ: وہ کھاتا ہے	اَن یَاْکُلَ: ....
یَدْخُلُونَ: وہ سب داخل ہوتے ہیں	اَن یَدْخُلُوا: ....
تَعْلَمُونَ: تم سب جانتے ہو	لِتَعْلَمُوا: ....
تَقُولُونَ: تم سب کہتے ہو	اَن تَقُولُوا: ....
یَاْتِی: وہ آتا ہے	اَن یَاْتِیَ: ....

Presented By: https://jafrilibrary.com

دعا

ہر بندے کے لئے یہ بڑی ہمت افزا اور بڑے شرف کی بات ہے کہ وہ اپنے معبود سے گفتگو کرے اور اس کی بارگاہ میں دستِ نیاز پھیلائے۔ مہربان خدا بھی اپنے بندوں سے یوں فرماتا ہے کہ: " وَ قَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِيْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ "

دعا، ایک بڑی عبادت

پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دعا کو عبادت کی بنیاد اور اس کی جڑ قرار دیا ہے: "اَلدُّعَاءُ مُخُّ الْعِبَادَةِ" ۔ سورہ مؤمن کی ۶۰ ویں آیت پہلے تو بندوں کو دعا کی دعوت دیتی ہے: "اُدْعُوْنِيْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ" پھر دعا سے منہ موڑنے کو اللہ کی عبادت سے اکڑنے کا نام دیتی ہے اور دوزخ کی آگ کا ذکر کر کے دعا نہ کرنے والوں کو برے انجام سے آگاہ کرتی ہے: "اِنَّ الَّذِيْنَ يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِيْ سَيَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ دٰخِرِيْنَ" ۔ آیت کا یہ ٹکڑا اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ دعا ایک بڑی عبادت ہے اور جو لوگ اللہ کی بندگی کو قبول نہیں کرتے وہ دعا سے محروم ہیں۔

خوف اور امید، دعا کی روح

قرآن اور اہل بیت علیہم السلام کی تعلیمات میں اس بات کے اوپر انتہائی تاکید کی گئی ہے کہ مومن کو چاہئے کہ اللہ کے حضور خوف و رجاء یعنی ڈر اور امید کے درمیان کے حالت میں رہے، یعنی ہمیشہ اللہ کے عذاب سے ڈرا ہوا اور ہمیشہ اس کی بے پایان رحمت سے امید لگائے رہے۔ مومن انسان اللہ کو اس طرح سے پکارتا ہے کہ اسے اپنی دعا کی قبولیت کا اطمینان ہوتا ہے، لیکن دوسری طرف اپنے اعمال کی وجہ سے اپنی دعا کے قبول نہ ہونے کا ڈر بھی اس کے دل میں ہوتا ہے: " وَ لَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا وَادْعُوْهُ خَوْفًا وَّطَمَعًا ۭ اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ"۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

دعا کی قبولیت

اللہ نے جس طرح اپنے بندوں کو دعا کرنے کو حکم دیا ہے اسی طرح دعا قبول کرنے کا وعدہ بھی کیا ہے: "... فَاِنِّیۡ قَرِیۡبٌ ؕ اُجِیۡبُ دَعۡوَۃَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ " ہاں! یقیناً اللہ اپنے بندوں کے قریب ہے اور جب بھی کوئی بندہ اسے پکارتا ہے تو اس کے جواب کو بھی حاصل کرتا ہے۔

اللہ، سمیع الدعاء ہے

حضرت زکریا علیہ السلام نے اپنی دعا کے آخر میں اللہ کو " سَمِیۡعُ الدُّعَآءِ "، یعنی دعا اور پکار کو سننے والا کہہ کر پکارا ہے اور دعا کے سننے سے مراد دعا کا قبول کرنا ہی ہے: "ہُنَالِکَ دَعَا زَکَرِیَّا رَبَّہٗ ... اِنَّکَ سَمِیۡعُ الدُّعَآءِ"۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام بھی جب بڑھاپے میں صاحب اولاد ہوئے تو اللہ نے آپ کو حضرت اسماعیل اور حضرت اسحاق علیہما السلام جیسے فرزند عنایت کئے تو آپ نے آسمان کی طرف دست دعا بلند کئے اور حمد کے بعد اللہ کو " سَمِیۡعُ الدُّعَآءِ" کہہ کر پکارا: " اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ الَّذِیۡ وَہَبَ لِیۡ عَلَی الۡکِبَرِ اِسۡمٰعِیۡلَ وَ اِسۡحٰقَ ؕ اِنَّ رَبِّیۡ لَسَمِیۡعُ الدُّعَآءِ "۔

دعا کے قبول ہونے کے لئے ضروری ہے کہ اللہ کی بارگاہ میں دعا کرنے سے پہلے دعا کے شرائط کو پورا کیا جائے اور اس کی راہ میں حائل ہونے والے امور کو ختم کیا جائے۔ دعا، شرائط دعا، آداب دعا اور اس کی راہ میں حائل ہونے والی رکاوٹوں کے بارے میں جاننے کے لئے اس سلسلہ کی کتابوں کی طرف رجوع فرمائیں۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

اختیاری مشق

قرآنی آیتیں اور عبارتیں	نئے الفاظ
۱. قُلْ مَنْ يُّنَجِّيْكُمْ مِّنْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ تَدْعُوْنَهٗ تَضَرُّعًا وَّ خُفْيَةً... قُلِ اللّٰهُ يُنَجِّيْكُمْ مِّنْهَا وَ مِنْ كُلِّ كَرْبٍ ....(انعام/ ۶۳_۶۴)	تَدْعُوْنَ: تم سب پکارتے ہو خُفْيَة: چھپ کے كَرْب: تکلیف، سخت غم
۲. قُلْ اَمَرَ رَبِّيْ بِالْقِسْطِ وَاَقِيْمُوْا وُجُوْهَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ وَّادْعُوْهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ كَمَا بَدَاَكُمْ تَعُوْدُوْنَ ....(اعراف/ ۲۹)	أَقِيْمُوا: تم سب سیدھا کرو (کعبہ کی طرف) بَدَأَ: اُس نے شروع کیا، اس نے پیدا کیا تَعُوْدُوْنَ: تم سب پلٹتے ہو
۳. اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّ خُفْيَةً اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ....(اعراف/ ۵۵)	مُعْتَدِين: حد سے گزر جانے والے
۴. قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ اَيًّا مَّا﴿۱﴾ تَدْعُوْا فَلَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ....(بنی اسرائیل/ ۱۱۰)	تَدْعُوا: تم سب پکارو اَيًّا: جسے

﴿۱﴾ "ما" کا ترجمہ نہ کریں۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

نئے الفاظ	قرآنی آیتیں اور عبارتیں
رَغَبًا: رغبت، خواہش رَهَبًا: ڈر، خوف	۵. اِنَّهُمْ كَانُوْا يُسٰرِعُوْنَ فِي الْخَيْرٰتِ وَيَدْعُوْنَنَا رَغَبًا وَّرَهَبًا ۭ وَكَانُوْا لَنَا خٰشِعِيْنَ ....(انبیاء/۹۰)
يُجِيبُ: وہ جواب دیتا ہے مُضْطَر: پریشان حال، بے چارہ يَكْشِفُ: وہ کھولتا ہے، وہ دور کرتا ہے	۶. اَمَّنْ ﴿۱﴾ يُّجِيْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوْۗءَ ....(نمل/۶۲)
تَتَجَافىٰ: وہ سب الگ رہتی ہیں مَضَاجِع: بستر بچھونے، خواب گاہیں (جمع)	۷. تَتَجَافٰى جُنُوْبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ خَوْفًا وَّطَمَعًا ۡ وَّمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ....(سجدہ/۱۶)

﴿۱﴾ "اَمَّنْ: اَمْ + مَنْ"

Presented By: https://jafrilibrary.com

تینتالیسواں سبق

استغفار اور مغفرت الٰہی

محترم متعلّمین قرآن!

نیچے لکھی ہوئی قرآن کی آیتوں کو ایک بار غور سے پڑھیے۔

۱. اَلشَّیۡطٰنُ یَعِدُکُمُ الۡفَقۡرَ وَ یَاۡمُرُکُمۡ بِالۡفَحۡشَآءِ ۚ وَ اللّٰہُ یَعِدُکُمۡ مَّغۡفِرَۃً مِّنۡہُ وَ فَضۡلًا ؕ وَ اللّٰہُ وَاسِعٌ عَلِیۡمٌ

....(بقرہ/۲۶۸)

....

۲. اِنَّ اللّٰہَ لَا یَغۡفِرُ اَنۡ یُّشۡرَکَ بِہٖ وَ یَغۡفِرُ مَا دُوۡنَ ذٰلِکَ لِمَنۡ یَّشَآءُ

....(نساء/۴۸)

۳. وَ مَنۡ یَّعۡمَلۡ سُوۡٓءًا اَوۡ یَظۡلِمۡ نَفۡسَہٗ ثُمَّ یَسۡتَغۡفِرِ اللّٰہَ یَجِدِ اللّٰہَ غَفُوۡرًا رَّحِیۡمًا

....(نساء/۱۱۰)

۴. یٰۤاَیُّہَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡۤا اِنۡ تَتَّقُوا اللّٰہَ یَجۡعَلۡ لَّکُمۡ فُرۡقَانًا وَّ یُکَفِّرۡ عَنۡکُمۡ سَیِّاٰتِکُمۡ وَ یَغۡفِرۡ لَکُمۡ ؕ وَ اللّٰہُ ذُو الۡفَضۡلِ الۡعَظِیۡمِ

....(انفال/۲۹)

....

۵. وَ یٰقَوۡمِ اسۡتَغۡفِرُوۡا رَبَّکُمۡ ثُمَّ تُوۡبُوۡۤا اِلَیۡہِ یُرۡسِلِ السَّمَآءَ عَلَیۡکُمۡ مِّدۡرَارًا

....(ہود/۵۲)

Presented By: https://jafrilibrary.com

۶. قَالَتۡ رُسُلُهُمۡ اَفِی اللّٰهِ شَكٌّ فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ ؕ یَدۡعُوۡكُمۡ لِیَغۡفِرَ لَكُمۡ مِّنۡ ذُنُوۡبِكُمۡ

....(ابراهیم/ ۱۰)

....

۷. فَاصۡبِرۡ اِنَّ وَعۡدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّاسۡتَغۡفِرۡ لِذَنۡۢبِكَ وَ سَبِّحۡ بِحَمۡدِ رَبِّكَ ﴿۱﴾ بِالۡعَشِیِّ وَ الۡاِبۡكَارِ

....(مؤمن/ ۵۵)

....

۸. مَا یُقَالُ لَكَ اِلَّا مَا قَدۡ قِیۡلَ لِلرُّسُلِ مِنۡ قَبۡلِكَ ؕ اِنَّ رَبَّكَ لَذُوۡ مَغۡفِرَةٍ وَّ ذُوۡ عِقَابٍ اَلِیۡمٍ

....(حٰمٓ سجده/ ۴۳)

....

۹. مَثَلُ الۡجَنَّةِ الَّتِیۡ وُعِدَ الۡمُتَّقُوۡنَ ؕ فِیۡهَاۤ اَنۡهٰرٌ... وَ لَهُمۡ فِیۡهَا مِنۡ كُلِّ الثَّمَرٰتِ وَ مَغۡفِرَةٌ مِّنۡ رَّبِّهِمۡ

....(محمد/ ۱۵)

....

۱۰. اِعۡلَمُوۡۤا اَنَّمَا الۡحَیٰوةُ الدُّنۡیَا لَعِبٌ وَّ لَهۡوٌ وَّ زِیۡنَةٌ وَّ تَفَاخُرٌۢ بَیۡنَكُمۡ وَ تَكَاثُرٌ فِی الۡاَمۡوَالِ وَ الۡاَوۡلَادِ ؕ... وَ فِی الۡاٰخِرَةِ عَذَابٌ شَدِیۡدٌ ۙ وَّ مَغۡفِرَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَ رِضۡوَانٌ ؕ وَ مَا الۡحَیٰوةُ الدُّنۡیَاۤ اِلَّا مَتَاعُ الۡغُرُوۡرِ

....(حدید/ ۲۰)

....

....

﴿۱﴾ "بـ" کا "میں" یا "کو" ترجمہ کریں۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

مانوس الفاظ اور نئے الفاظ

مانوس الفاظ	معنی
يَجِدُ [يَجِدُونَ ۱۰/۴۰]	وہ پاتا ہے
يَظْلِمُ [يَظْلِمُونَ ۸/۲۹]	وہ ظلم کرتا ہے، وہ ظلم کرے گا
فَقْر	فقیری، غریبی، محتاجی
لَمْ تَعْلَم	تم نے نہیں جانا، تمہیں نہیں معلوم

نئے الفاظ	معنی
تَفَاخُر	آپس میں فخر کرنا، باہمی تفاخر
لَيْتَ	کاش
مِدْرَار	موسلا دھار (بارش)
مَرْجِع	بازگشت، واپسی
مَلَأ	سرداروں کی جماعت، بزرگوں کا گروہ
وُعِدَ	وعدہ دیا گیا
يُبْصِرُونَ	وہ سب دیکھتے ہیں
يَسْتَغْفِرُ	وہ استغفار کرتا ہے
يَسِيْرٌ	آسان، تھوڑا
يَعِدُ	وہ وعدہ کرتا ہے
يُقَالُ	کہا جاتا ہے
يُرْسِلُ	وہ بھیجتا ہے، وہ بھیجے گا
أَرْجُل	پیر، پاؤں (رِجل کی جمع)
أَظْلَمُ	زیادہ ظالم، بڑا ظالم
أَعْيُن	آنکھیں (عَین کی جمع)
تَشْهَدُ	وہ گواہی دے
تَكَاثُر	کثرت پر فخر کرنا (مال واولاد کی) کثرت کا مقابلہ
ذَنْب	گناہ، جرم
فَاطِر	پیدا کرنے والا
فَحْشَاء	بدکاری، برائی
قُضِيَ	فیصلہ کیا گیا
كُنْتُ	میں تھا
لَا يُظْلَمُونَ	ان سب پر ظلم نہیں کیا جائے گا

Presented By: https://jafrilibrary.com

مشق و سوالات

مشق نمبر(۱) صحیح جواب پر نشان لگائیے:

الف: کونسا جزء صحیح ہے؟

۱. أَعْيُن - أَرْجُل - أَظْلَمُ:

الف: آنکھیں	پاؤں (جمع)	ظلم (جمع)	☐
ب: آنکھیں	پاؤں (جمع)	زیادہ ظالم	☐

۲. قُضِيَ - وُعِدَ - يُقَالُ:

الف: فیصلہ کیا گیا	وعدہ دیا گیا	کہا جاتا ہے	☐
ب: اس نے فیصلہ کیا	اس نے وعدہ کیا	وہ کہتا ہے	☐

۳. تَكَاثُر - تَفَاخُر - ذَنْب:

الف: کثرت پر فخر کرنا	آپس میں فخر کرنا	گناہ	☐
ب: اس نے زیادہ چاہا	اس نے فخر کیا	اس نے گناہ کیا	☐

۴. يَعِدُ - يَسْتَغْفِرُ - يُرْسِلُ:

الف: وہ وعدہ کرتا ہے	وہ استغفار کرتا ہے	اس نے بھیجا	☐
ب: وہ وعدہ کرتا ہے	وہ استغفار کرتا ہے	وہ بھیجے گا	☐

۵. لَيْتَ - يَسِير - مَلَأ:

الف: وہ جاری ہے	وہ داخل کرتا ہے	نیچے	☐
ب: کاش	آسان، تھوڑا	سرداروں کی جماعت	☐

Presented By: https://jafrilibrary.com

ب: کونسا جزء صحیح ھے؟

۱۔ بازگشت - میں تھا - پیدا کرنے والا:

الف: مَرْجِع ۔ کُنْتُ ۔ فَاطِر ☐ ب: مَرْجِع ۔ لَیتَ ۔ تکاثُر ☐

۲۔ تم نے نہیں جانا - وہ گواہی دے گی - موسلا دھار بارش:

الف: لَمْ تَعْلَمْ ۔ تَشْهَدُ ۔ مِدْرَار ☐ ب: لَمْ تَعْلَمْ ۔ قُضِیَ ۔ مَلأ ☐

۳۔ وہ ظلم کرتا ہے - وہ بھیجے گا - وہ سب دیکھتے ہیں:

الف: یَظْلِمُ ۔ یُرْسِلُ ۔ یُبْصِرُونَ ☐ ب: یَظْلِمُ ۔ یَسِیر ۔ یُبْصِرُونَ ☐

۴۔ فیصلہ کیا گیا - میں تھا - وہ وعدہ کرتا ہے:

الف: قُضِیَ ۔ کُنْتُ ۔ وُعِدَ ☐ ب: قُضِیَ ۔ کُنْتُ ۔ یَعِدُ ☐

۵۔ سرداروں کی جماعت - پیدا کرنے والا - آپس میں فخر کرنا:

الف: مَلأ ۔ فَاطِر ۔ تَفَاخُر ☐ ب: مَلأ ۔ فَاطِر ۔ تکاثُر ☐

مشق نمبر(۲)

عبارت کے صحیح ترجمہ پر نشان لگائیے:

۱. اَلشَّیطٰنُ یَعِدُکُمُ الْفَقْرَ

الف: شیطان وعدہ کرتا ہے تم سب سے فقیری کا ☐

ب: شیطان ہمیشہ وعدہ کرتا ہے تم سب سے فقیری کا ☐

۲. وَ اللّٰهُ یَعِدُکُم مَّغْفِرَةً مِّنْهُ

الف: اور اللہ وعدہ کرتا ہے تم سب سے مغفرت کا اپنی طرف سے ☐

ب: اور اللہ ہمیشہ وعدہ کرتا ہے تم سب سے اپنی مغفرت کا ☐

Presented By: https://jafrilibrary.com

۳. إِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ أَن يُشْرَكَ بِهِ

الف: یقیناً اللہ نہیں معاف کرتا اپنے ساتھ شریک ماننے والے کو ☐

ب: یقیناً اللہ نہیں معاف کرتا کہ شریک مانا جائے اس کے ساتھ ☐

۴. وَ يَغْفِرُ مَا دُونَ ذٰلِكَ لِمَن يَّشَاءُ

الف: اور معاف کرتا ہے جو اس کے علاوہ ہے جس کے لئے وہ چاہے ☐

ب: اور معاف کرتا ہے اس کے علاوہ جس کے لئے چاہے ☐

۵. وَ مَن يَّعْمَلْ سُوٓءًا أَوْ يَظْلِمْ نَفْسَهُ

الف: اور جو برابر کا عمل کرے یا ظلم کرے اپنے نفس پر ☐

ب: اور جو برا عمل کرے یا ظلم کرے اپنے اوپر ☐

۶. إِن تَتَّقُوا اللّٰهَ يَجْعَل لَّكُمْ فُرْقَانًا

الف: اگر تقویٰ اختیار کرو وہ جلدی کرے گا حق و باطل کو جدا کرنے میں ☐

ب: اگر اللہ کا تقویٰ اختیار کرو وہ قرار دے گا تم سب کے لئے حق و باطل کو جدا کرنے والا ☐

۷. يٰقَوْمِ اسْتَغْفِرُوا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوبُوا إِلَيْهِ

الف: اے میری قوم! تم سب مغفرت چاہو اپنے پروردگار سے پھر توبہ کرو اس کی طرف ☐

ب: اے قوم! مغفرت چاہو اپنے پروردگار سے اور توبہ کرو ☐

۸. يُرْسِلِ السَّمَاءَ عَلَيْكُم مِّدْرَارًا

الف: وہ بھجواتا ہے آسمان کو تم سب کے اوپر بادلوں کی طرح ☐

ب: وہ بھیجے گا آسمان (کی بارش) کو تم سب کے اوپر موسلا دھار ☐

۹. قَالَتْ رُسُلُهُمْ أَفِي اللّٰهِ شَكٌّ

الف: اس نے کہا رسولوں سے کیا اللہ میں (کوئی) شک ہے؟ ☐

ب: کہا ان کے رسولوں نے کیا اللہ میں (کوئی) شک ہے؟ ☐

Presented By: https://jafrilibrary.com

۱۰. یَدْعُوکُمْ لِیَغْفِرَ لَکُم مِّنْ ذُنُوبِکُمْ

الف: وہ بلاتا ہے تم سب کو تا کہ بخشے تم سب کے لئے تمہارے گناہوں میں سے (کچھ کو) ☐

ب: وہ تم سب کو پکارتا ہے تا کہ معاف کئے جائیں تم سب کے گناہ ☐

۱۱. وَ سَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّکَ بِالْعَشِیِّ وَ الْإِبْکَارِ

الف: اور تسبیح کرو تم اپنے پروردگار کی حمد کے ساتھ شام اور صبح کو ☐

ب: اور تسبیح کرو تم رب کی حمد کرتے ہوئے عشاء کے وقت اور بڑی تسبیح ☐

۱۲. مَا یُقَالُ لَکَ إِلَّا مَا قَدْ قِیلَ لِلرُّسُلِ مِن قَبْلِکَ

الف: نہیں کہا جائے گا تم سے مگر جو بتحقیق کہا گیا رسولوں سے تم سے پہلے ☐

ب: جو کہا گیا تم سے وہی ہے جو کہا گیا رسولوں سے تم سے پہلے ☐

۱۳. مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِی وُعِدَ الْمُتَّقُونَ

الف: اس جنت کی طرح جس کا وعدہ ہے پرہیزگاروں سے ☐

ب: اس جنت کی مَثَل (صفت) جس کا وعدہ کیا گیا ہے پرہیزگاروں سے ☐

۱۴. اِعْلَمُوا أَنَّمَا الْحَیٰوةُ الدُّنْیَا لَعِبٌ وَ لَهْوٌ

الف: تم سب جان لو کہ دنیاوی زندگی کھیل تماشا ہے ☐

ب: تم سب علم رکھتے ہو کہ دنیاوی زندگی کھیل تماشا ہے ☐

۱۵. وَ مَا الْحَیٰوةُ الدُّنْیَا إِلَّا مَتَاعُ الْغُرُورِ

الف: اور جو دنیاوی زندگی ہے وہ صرف دھوکہ ہے ☐

ب: اور نہیں ہے دنیاوی زندگی مگر دھوکہ کا سرمایہ ☐

Presented By: https://jafrilibrary.com

مشق نمبر(۳) آیات قرآنی کو پڑھ کر ان کا ترجمہ مکمل کیجئے:

۱. إِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ وَ هُوَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ

اللہ کی................ ہے تم سب .... اور وہ .... پر قادر ہے۔

۲. وَ يُكَفِّرْ عَنكُمْ سَيِّئَاتِكُمْ وَ يَغْفِرْ لَكُمْ وَ اللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيمِ

اور وہ چھپاتا ہے تم سب سے تمہاری .... کو اور معاف کرتا ہے .... اور اللہ .... والا ہے۔

۳. إِنَّ رَبَّكَ لَذُو مَغْفِرَةٍ وَّ ذُو عِقَابٍ أَلِيمٍ

یقیناً تمہارا پروردگار .... والا اور .... عذاب والا ہے۔

۴. اَلشَّيْطٰنُ يَعِدُكُمُ الْفَقْرَ وَ يَأْمُرُكُم بِالْفَحْشَاءِ وَ اللّٰهُ يَعِدُكُم مَّغْفِرَةً مِّنْهُ

شیطان .... کرتا ہے تم سب سے .... کا اور حکم دیتا ہے تم سب کو .... کا اور اللہ .... کرتا ہے تم سب سے .... کا اپنی طرف سے۔

۵. فَاصْبِرْ إِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَ اسْتَغْفِرْ لِذَنبِكَ وَ سَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ

.... تم صبر کرو .... اللہ کا وعدہ .... ہے اور ....چاہو اپنے .... کے لئے اور تسبیح کرو اپنے .... کی حمد ....۔

مشق نمبر(٤) اب سبق کے شروع میں دی گئی قرآنی عبارتوں کے ترجمہ کی باری ہے۔ ہر عبارت کو ایک بار غور سے پڑھئے اور پھر لفظ بلفظ ترجمہ کیجئے۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

تقویتی مشق

درج ذیل قرآنی عبارات اور آیات کا ترجمہ کیجئے:

۱. قَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِهٖۤ اِنَّا لَنَرٰىكَ فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ

.... (اعراف/۶۰)

۲. لَهُمْ قُلُوْبٌ لَّا یَفْقَهُوْنَ بِهَا٘ وَ لَهُمْ اَعْیُنٌ لَّا یُبْصِرُوْنَ بِهَا

.... (اعراف/۱۷۹)

۳. فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ بِاٰیٰتِهٖ

.... (یونس/۱۷)

۴. فَاِذَا جَآءَ رَسُوْلُهُمْ قُضِیَ بَیْنَهُمْ بِالْقِسْطِ وَ هُمْ لَا یُظْلَمُوْنَ

.... (یونس/۴۷)

۵. اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ ۚ وَ هُوَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ

.... (هود/۴)

۶. یَّوْمَ تَشْهَدُ عَلَیْهِمْ اَلْسِنَتُهُمْ وَ اَیْدِیْهِمْ وَ اَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ

.... (نور/۲۴)

۷. اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ یَعْلَمُ مَا فِی السَّمَآءِ وَ الْاَرْضِ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ فِیْ كِتٰبٍ ؕ
اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ یَسِیْرٌ

.... (حج/۷۰)

۸. وَ یَقُوْلُ الْكٰفِرُ یٰلَیْتَنِیْ كُنْتُ تُرٰبًا

.... (نبأ/۴۰)

Presented By: https://jafrilibrary.com

قرآن کی زبان

مفید نکات (۲)

نیچے کی مثالوں پر توجہ کریں جو کہ گزشتہ اسباق ہی سے لی گئی ہیں:

وَكَانَ بِالْمُؤْمِنِينَ رَحِيمًا: اور وہ ہے ایمان لانے والوں کے ساتھ رحم کرنے والا۔

اِنَّ كَيْدَ الشَّيْطٰنِ كَانَ ضَعِيفًا: یقیناً شیطان کی چال کمزور ہے

جیسا کہ آپ جانتے ہیں کہ "كَانَ" فعل ماضی ہے لیکن ان مثالوں میں اس کا ترجمہ مضارع کا ہوا ہے۔ در حقیقت یہ عربی زبان کے استعمال محاورہ کے قواعد کی وجہ سے ہوا ہے چونکہ اگر زمانہ حال یا مستقبل میں کسی کام کا ہونا یقینی ہو تو اسے عربی زبان میں ماضی کی شکل میں لاتے ہیں کیونکہ اس کام ہونا اس قدر یقینی ہے کہ گویا ماضی میں انجام پاچکا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ قرآن کریم میں قیامت کے سلسلہ کی بہت سی باتیں ماضی کے صیغہ میں کہی گئی ہیں "وَكَانَ يَوْمًا عَلَى الْكٰفِرِينَ عَسِيرًا" اور ہے سخت دن کافروں پر۔

مشق: مندرجہ ذیل قرآنی آیات و عبارات کا ترجمہ کریں۔

قرآنی آیات	ترجمہ
مَا كَانَ مُحَمَّدٌ أَبَآ أَحَدٍ مِّن رِّجَالِكُمْ	....
وَكَانَ اللهُ عَلِيمًا حَكِيمًا	....
كَانَ اللهُ غَفُورًا رَّحِيمًا	....
إِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمًا	....
إِنَّ هٰذَا كَانَ لَكُمْ جَزَآءً	....

Presented By: https://jafrilibrary.com

استغفار اور مغفرت الٰہی

مغفرت و بخشش کا وعدہ

اللہ کی ایک صفت "مغفرت" ہے۔ اللہ کی مغفرت و بخشش انسانوں کی امیدوں کا سبب ہے، کیونکہ اکثر انسان غفلت و نادانی کی وجہ سے لغزش اور اپنے پروردگار کی حکم سے سرتابی کے مرتکب ہوجاتے ہیں اور اللہ کی بخشش اور اس کی بے پایاں مغفرت کے نیاز مند ہوتے ہیں۔ اللہ اپنے بندوں کو مغفرت کا وعدہ دیتا ہے: "... وَاللّٰهُ یَعِدُکُمۡ مَّغۡفِرَۃً مِّنۡهُ وَفَضۡلًا ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِیۡمٌ"

سورہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پندرہویں آیت میں مغفرت الٰہی کو جنت کی نعمتوں میں شمار کیا گیا ہے: "وَلَهُمۡ فِیۡهَا مِنۡ کُلِّ الثَّمَرٰتِ وَمَغۡفِرَۃٌ مِّنۡ رَّبِّهِمۡ ؕ..." سورہ حدید کی بیسویں آیت میں بھی آخرت میں اللہ کی مغفرت کا ذکر آیا ہے: "... وَمَغۡفِرَۃٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرِضۡوَانٌ ؕ وَمَا الۡحَیٰوۃُ الدُّنۡیَاۤ اِلَّا مَتَاعُ الۡغُرُوۡرِ"

اس بات کی یاد آوری بھی ضروری ہے کہ اللہ جس طرح سے اپنے بندوں کو بخشنے والا ہے اور کسی نہ کسی بہانے سے چاہتا ہے کہ اپنے بندوں کو دوزخ کے عذاب سے نجات دے دے اسی طرح وہ ان کے ساتھ سختی سے بھی پیش آتا ہے جو گمراہی کی راہ کو جاری رکھتے ہیں: "اِنَّ رَبَّکَ لَذُوۡ مَغۡفِرَۃٍ وَّذُوۡ عِقَابٍ اَلِیۡمٍ"۔ اسی طرح ہر گنہگار انسان اللہ کی مغفرت کا مستحق ہوسکتا ہے مگر وہ لوگ مغفرت کے مستحق نہیں ہوسکتے جنھوں نے اللہ کے ساتھ کسی کو شریک قرار دیا ہے: "اِنَّ اللّٰهَ لَا یَغۡفِرُ اَنۡ یُّشۡرَکَ بِهٖ وَیَغۡفِرُ مَا دُوۡنَ ذٰلِکَ لِمَنۡ یَّشَآءُ..."

استغفار کی دعوت

خدائے متعال اپنے بندوں سے چاہتا ہے کہ اپنے گناہ آلودہ ماضی کو چھوڑ کر بندگی کی راہ مستقیم پر آجائیں اور ان سے وعدہ کرتا ہے کہ ان کے گناہوں کو معاف کردے گا: "... یَدۡعُوۡکُمۡ لِیَغۡفِرَ لَکُمۡ مِّنۡ ذُنُوۡبِکُمۡ"

اللہ کی رحمت کے دروازے "عاد" جیسی کٹ حجت قوم کے لئے بھی کھلے ہوئے تھے۔ اللہ نے ان کو استغفار کی

Presented By: https://jafrilibrary.com

دعوت دی اور وعدہ کیا کہ اگر وہ استغفار کرلیں تو آسمان بھی ان پر کھل کر برسے گا: "وَيٰقَوْمِ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ يُرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَيْكُمْ مِّدْرَارًا"

جو اللہ؛ کفار، مشرکین اور دوسرے گناہگاروں کو اس دوزخ کے سخت عذاب کا وعدہ دیتا ہے جس کا ایندھن پتھر اور انسان ہوں گے ﴿۱﴾، وہی اللہ اپنے بندوں سے بڑے ہی نرم اور پیار بھرے انداز میں فرماتا ہے کہ اگر برے کام اور ظلم وستم کے بعد اس کی بارگاہ میں آجائیں اور سچے دل سے مغفرت چاہیں تو اللہ کو انتہائی بخشنے والا اور مہربان پائیں گے:" وَمَنْ يَّعْمَلْ سُوْٓءًا اَوْ يَظْلِمْ نَفْسَهٗ ثُمَّ يَسْتَغْفِرِ اللّٰهَ يَجِدِ اللّٰهَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا"

﴿۱﴾ فَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِىْ وَقُوْدُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ (بقرة:۲۴)

Presented By: https://jafrilibrary.com

اختیاری مشق

دیئے گئے الفاظ اور معانی سے استفادہ کرتے ہوئے قرآنی عبارات کا ترجمہ کریں۔

قرآنی آیتیں اور عبارتیں	نئے الفاظ
۱. رَبَّنَآ اِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُّنَادِيْ لِلْاِيْمَانِ اَنْ اٰمِنُوْا بِرَبِّكُمْ فَاٰمَنَّا ۖ رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّاٰتِنَا ....(آل عمران/ ۱۹۳)	سَمِعْنَا: ہم نے سنا مُنَادِی: ندا دینے والا یُنَادِی: وہ ندا دیتا ہے کَفِّرْ: تو چھپا
۲. اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ يُعَذِّبُ مَنْ يَّشَاۗءُ وَيَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ....(مائدہ/ ۴۰)	
۳. اَفَلَا يَتُوْبُوْنَ اِلَى اللّٰهِ وَيَسْتَغْفِرُوْنَهٗ ۭ﴿۱﴾ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ....(مائدہ/ ۷۴)	یَتُوبُونَ: وہ سب توبہ کرتے ہیں
۴. قَالُوْا يٰٓاَبَانَا اسْتَغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَآ اِنَّا كُنَّا خٰطِــــِٕيْنَ ....(یوسف/ ۹۷)	خَاطِئِینَ: خطا کار لوگ، غلطی کرنے والے
۵. لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ....(زمر/ ۵۳)	لَا تَقْنَطُوا: تم سب مایوس نہ ہو

﴿۱﴾ "یَسْتَغْفِرُوْنَ" کو "لَا یَسْتَغْفِرُوْنَ" سمجھ کر ترجمہ کریں۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

نئے الفاظ	قرآنی آیتیں اور عبارتیں
يُسَبِّحُونَ: وہ سب تسبیح کرتے ہیں	۶. وَالْمَلٰٓئِكَةُ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَيَسْتَغْفِرُوْنَ لِمَنْ فِي الْاَرْضِ ۗ اَلَآ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ .... (شوریٰ/۵)
تُقْرِضُوا: تم سب قرض دو يُضَاعِف: وہ دوگنا کرے گا شَكُور: زیادہ شکر کرنے والا	۷. اِنْ تُقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا يُّضٰعِفْهُ لَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ۗ وَاللّٰهُ شَكُوْرٌ حَلِيْمٌ .... (تغابن/۱۷)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

چوالیسواں سبق

توبہ

محترم متعلّمین قرآن!

نیچے لکھی ہوئی قرآن کی آیتوں کو ایک بار غور سے پڑھیے۔

۱. وَ اِذْ قَالَ مُوْسٰی لِقَوْمِهٖ... فَتُوْبُوْۤا اِلٰی بَارِئِكُمْ فَاقْتُلُوْۤا اَنْفُسَكُمْ ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ عِنْدَ بَارِئِكُمْ ؕ فَتَابَ عَلَيْكُمْ ؕ اِنَّهٗ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ

....(بقرہ/ ۵۴)

....

۲. اِنَّمَا التَّوْبَةُ عَلَى اللّٰهِ لِلَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السُّوْٓءَ بِجَهَالَةٍ ثُمَّ يَتُوْبُوْنَ مِنْ قَرِيْبٍ فَاُولٰٓئِكَ يَتُوْبُ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا

....(نساء/ ۱۷)

....

۳. وَاللّٰهُ يُرِيْدُ اَنْ يَّتُوْبَ عَلَيْكُمْ ۟ وَيُرِيْدُ الَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ الشَّهَوٰتِ اَنْ تَمِيْلُوْا مَيْلًا عَظِيْمًا

....(نساء/ ۲۷)

۴. فَمَنْ تَابَ مِنْۢ بَعْدِ ظُلْمِهٖ وَاَصْلَحَ فَاِنَّ اللّٰهَ يَتُوْبُ عَلَيْهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ

....مائدہ/ ۳۹)

۵. اَنَّهٗ ﴿۱﴾ ﴿۲﴾ مَنْ عَمِلَ مِنْكُمْ سُوْٓءًۢا بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابَ مِنْۢ بَعْدِهٖ وَاَصْلَحَ فَاَنَّهٗ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ

....(انعام/ ۵۴)

﴿۱﴾ "ہ" کا ترجمہ نہ کریں۔

﴿۲﴾ "اَنَّ" کا ترجمہ "یقیناً" کریں۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

۶. وَالَّذِيْنَ عَمِلُوا السَّيِّاٰتِ ثُمَّ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِهَا وَاٰمَنُوْٓا ۡ اِنَّ رَبَّكَ مِنْۢ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ

....(اعراف/۱۵۳)

....

۷. اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ هُوَ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ وَ يَاْخُذُ الصَّدَقٰتِ

....(توبہ/۱۰۴)

۸. اِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ وَلَا يُظْلَمُوْنَ شَيْئًا

....(مریم/۶۰)

۹. وَاِنِّيْ لَغَفَّارٌ لِّمَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا

....(طٰہٰ/۸۲)

۱۰. فَاغْفِرْ لِلَّذِيْنَ تَابُوْا وَاتَّبَعُوْا سَبِيْلَكَ وَقِهِمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ

....(مومن/۷)

Presented By: https://jafrilibrary.com

مانوس الفاظ اور نئے الفاظ

مانوس الفاظ	معنی
تَوبَة	توبہ، بازگشت، واپسی
جَهَالَة	جہالت، نادانی
شَهَوَات	خواہشات (شهوت کی جمع)
يَتُوبُونَ [يَتُوبُ ۲۶/۷]	وہ سب توبہ کرتے ہیں

مانوس الفاظ	معنی
غَفَّار	بڑا بخشنے والا
لَمْ يَعْلَمُوا [يَعْلَمُون ۱۳/۴]	ان سب نے نہیں جانا، ان سب کو نہیں معلوم
صَدَقَات	صدقے (صدقه کی جمع)
طَعَام	کھانا، غذا، خوراک

نئے الفاظ	معنی
جَوّ	فضا، ماحول
هُنَّ	وہ سب (جمع مؤنث غائب)
سَبْع۔ سَبْعَة	سات، ساتوں
سَمْع	کان، سننا
طَيْر	پرندہ، پرندے
قِ	تم بچاؤ
يَأْخُذُ	وہ لیتا ہے
يَأْكُلُونَ	وہ سب کھاتے ہیں
يَتَّبِعُونَ	وہ سب پیروی کرتے ہیں
يَقْبَلُ	وہ قبول کرتا ہے
يُمْسِكُ	وہ روکتا ہے، سنبھالتا ہے، تھامتا ہے

نئے الفاظ	معنی
مَيْل	انحراف، کشش، رجحان، مائل ہونا
أَبْصَار	آنکھیں، نگاہیں، نظریں
اِرْتَدَّ	وہ ہوگیا، وہ پلٹا
أَصْلَحَ	اس نے اچھا (کام) کیا، اس نے اصلاح کی
أَفْئِدَة	دل، قلب (فُؤاد کی جمع)
اُقْتُلُوا	تم سب قتل کرو
اَلْقَىٰ	اس نے ڈالا، اس نے پھینکا
بَارِئ	پیدا کرنے والا، خالق، بنانے والا
تَمِيلُوا	تم سب منحرف ہو، تم سب مائل ہو
تَوَّاب	بڑا توبہ قبول کرنے والا
يُظْلَمُونَ	ان سب پر ظلم کیا جائے گا

Presented By: https://jafrilibrary.com

مشق و سوالات

مشق نمبر(۱) صحیح جواب پر نشان لگائیے:

الف: کونسا جزء صحیح ہے؟

۱. اَبۡصَار ۔ اَفۡئِدَۃ ۔ طَیۡر:

الف: آنکھیں	دل	پر	☐
ب: آنکھیں	دل (جمع)	پرندے	☐

۲. أَصۡلَحَ ۔ اِرۡتَدَّ ۔ اَلۡقٰی

الف: اس نے اچھا (کام) کیا	وہ ہوگیا، وہ پلٹا	اس نے ڈالا	☐
ب: اس نے صلاح لی	اس نے رد کیا	اس ملاقات کی	☐

۳. بَارِئ ۔ سَمۡع ۔ إمّا:

الف: پیدا کرنے والا	کان	یا	☐
ب: اس نے پیدا کیا	سننا	اگر	☐

۴. یَأۡکُلُونَ ۔ یَتَّبِعُونَ ۔ یُظۡلَمُونَ:

الف: وہ سب کھاتے ہیں	وہ سب پیروی کرتے ہیں	وہ سب ظلم کرتے ہیں	☐
ب: وہ سب کھاتے ہیں	وہ سب پیروی کرتے ہیں	اس سب پر ظلم کیا جاتا ہے	☐

۵. غفّار ۔ توّاب ۔ هُنَّ:

الف: بڑا بخشنے والا	بڑا توبہ قبول کرنے والا	خوار	☐
ب: بڑا بخشنے والا	بڑا توبہ قبول کرنے والا	وہ سب (جمع مؤنث)	☐

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

ب: کونسا جزء صحیح ھے؟

۱۔ تم سب قتل کرو - تم بچاؤ - وہ سب توبہ کرتے ہیں:

الف: اُقْتُلُوا - قِ - تَمِیلُوا ☐ ب: اُقْتُلُوا - قِ - یَتُوبُونَ ☐

۲۔ وہ قبول کرتا ہے - وہ لیتا ہے - ان سب نے نہیں جانا:

الف: یَقْبَلُ - یَأْخُذُ - لَمْ یَعْلَمُوا ☐ ب: یَقْبَلُ - یُمْسِکُ - لَمْ یَعْلَمُوا ☐

۳۔ وہ روکتا ہے - سات - تم سب منحرف ہو:

الف: یُمْسِکُ - سَبْعٌ - تَمِیلُوا ☐ ب: یَأْخُذُ - سَمْعٌ - تَمِیلُوا ☐

۴۔ انحراف - کھانا - تم بچاؤ:

الف: تَمِیلُوا - طَعَام - قِ ☐ ب: مَیل - طَعَام - قِ ☐

۵۔ تم سب توبہ کرتے ہو - تم سب پیروی کرتے ہو - تم سب لیتے ہو:

الف: تَتُوبُونَ - یَتَّبِعُونَ - تَأْخُذُونَ ☐ ب: یَتُوبُونَ - یَتَّبِعُونَ - یَأْخُذُونَ ☐

مشق نمبر(۲)

عبارت کے صحیح ترجمہ پر نشان لگائیے:

۱. فَتُوبُوٓا إِلَىٰ بَارِئِكُمْ فَاقْتُلُوٓا أَنفُسَكُمْ

الف: تو توبہ کرو تم سب اپنے خالق کی پھر قتل کرو اپنے آپ کو (ایک دوسرے کو) ☐

ب: تو توبہ کی تم سب نے اپنے خالق کی پھر قتل کیا اپنے آپ کو (ایک دوسرے کو) ☐

۲. فَأُوْلَٰٓئِكَ يَتُوبُ ٱللَّهُ عَلَيْهِمْ

الف: تو یہ لوگ، اللہ قبول کرتا ہے ان سب کی توبہ ☐

ب: تو یہ سب توبہ کرتے ہیں اللہ کی طرف ☐

Presented By: https://jafrilibrary.com

۳. وَ اللّٰهُ يُرِيدُ أَن يَتُوبَ عَلَيۡكُمۡ

الف: اور اللہ نے چاہا ہے کہ توبہ قبول کرے تم سب کی ❑

ب: اور اللہ چاہتا ہے کہ توبہ قبول کرے تم سب کی ❑

۴. وَ يُرِيدُ الَّذِينَ يَتَّبِعُونَ الشَّهَوٰتِ أَن تَمِيلُوا

الف: اور چاہتے ہیں وہ لوگ جنھوں نے پیروی کی خواہشات کی کہ تم سب منحرف ہو جاؤ ❑

ب: اور چاہتا ہے اللہ ان لوگوں کو جنھوں نے اپنی خواہشات کی پیروی کی کہ منحرف ہو جائیں ❑

۵. فَمَن تَابَ مِنۢ بَعۡدِ ظُلۡمِهِ وَ أَصۡلَحَ فَإِنَّ اللّٰهَ يَتُوبُ عَلَيۡهِ

الف: پس جس نے توبہ کی اپنے ظلم کے بعد سے اور اصلاح کی تو یقیناً اللہ توبہ قبول کرے گا اس کی ❑

ب: پس اللہ اس کی توبہ قبول کرتا ہے جو ظلم کرنے کے بعد اپنے کاموں کی اصلاح کر لے ❑

٦. وَ الَّذِينَ عَمِلُوا السَّيِّئَاتِ ثُمَّ تَابُوا مِنۢ بَعۡدِهَا

الف: اور جن لوگوں نے انجام دئے برے کام پھر توبہ کی اس کے بعد سے ❑

ب: اور جن لوگوں نے برے کام انجام دئے توبہ کرنے کے بعد ❑

۷. إِنَّ رَبَّكَ مِنۢ بَعۡدِهَا لَغَفُورٌ رَّحِيمٌ

الف: یقیناً اللہ اس کے بعد بہت بخشنے والا رحم کرنے والا ہے ❑

ب: یقیناً تمہارا پروردگار اس کے بعد بہت بخشنے والا رحم کرنے والا ہے ❑

۸. أَلَمۡ يَعۡلَمُوا أَنَّ اللّٰهَ هُوَ يَقۡبَلُ التَّوۡبَةَ

الف: کیا تم نہیں جانتے کہ اللہ یقیناً قبول کرتا ہے تمہاری توبہ کو ❑

ب: کیا ان سب نے نہیں جانا کہ اللہ قبول کرتا ہے توبہ ❑

۹. إِلَّا مَن تَابَ وَ آمَنَ وَ عَمِلَ صَالِحًا

الف: مگر وہ جس نے توبہ کی اور ایمان لایا اور انجام دیا اچھا کام ❑

ب: مگر وہ جس کی توبہ اللہ نے قبول کی اور ایمان لایا اور انجام دیا اچھا کام ❑

Presented By: https://jafrilibrary.com

۱۰. وَ إِنِّی لَغَفَّارٌ لِّمَن تَابَ وَ آمَنَ وَ عَمِلَ صَالِحًا

الف: اور میں بڑا بخشنے والا ہوں اور توبہ قبول کرنے والا ہوں اس کی جو ایمان لایا ☐

ب: اور یقیناً میں بڑا بخشنے والا ہوں اس کے لئے جس نے توبہ کی اور ایمان لایا اور انجام دیا اچھا کام ☐

۱۱. فَاغْفِرْ لِلَّذِينَ تَابُوا وَ اتَّبَعُوا سَبِيلَكَ

الف: پس تو معاف کر دے ان لوگوں کے لئے جنھوں نے توبہ کی اور پیروی کی تیرے راستہ کی ☐

ب: پس معاف کریں گے ان لوگوں کو جنھوں نے توبہ کرتے ہوئے تیری راہ کی پیروی کی ☐

۱۲. أَلْقَهُ عَلَىٰ وَجْهِهِ فَارْتَدَّ بَصِيرًا

الف: اسے ڈالو تم اس کے چہرے پر تاکہ وہ بینا ہو جائے ☐

ب: اس نے ڈالا اسے اس کے چہرے پر تو ہو گیا وہ بینا ☐

۱۳. أَلَمْ يَرَوْا إِلَىٰ ﴿۱﴾ الطَّيْرِ مُسَخَّرَاتٍ فِي جَوِّ السَّمَاءِ

الف: کیا نہیں دیکھا ان سب نے پرندوں کی طرف (درحالیکہ) مطیع ہیں آسمان کی فضا میں ☐

ب: کیا نہیں دیکھتے وہ سب نے پرندوں کو مطیع ہیں آسمان کی فضا میں ☐

۱۴. سَيَقُولُونَ لِلَّهِ قُلْ أَفَلَا تَتَّقُونَ

الف: عنقریب وہ سب کہیں گے اللہ کے لئے ہے؛ تم کہو: تو کیا تقوی اختیار نہیں کرتے ہو ☐

ب: تم سب کہو گے خدایا تو کہہ دے کہ وہ سب تقوی اختیار کریں ☐

۱۵. وَ مَا أَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مِنَ الْمُرْسَلِينَ إِلَّا...

الف: اور جو بھیجا ہم نے تم سے پہلے رسولوں کو مگر... ☐

ب: اور نہیں بھیجا ہم نے تم سے پہلے رسولوں میں سے (کسی کو) مگر... ☐

﴿۱﴾ "اِلیٰ" کا ترجمہ نہ کیجئے۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

مشق نمبر(۳) آیات قرآنی کو پڑھ کر ان کا ترجمہ مکمل کیجئے:

۱. ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ عِنْدَ بَارِئِكُمْ فَتَابَ عَلَيْكُمْ إِنَّهُ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ

یہ بہتر ہے .... کے لئے تمہارے پروردگار کے .... تو اس نے .... کی

تمہاری یقیناً وہ .... رحم کرنے والا ہے۔

۲. إِنَّمَا التَّوْبَةُ عَلَى اللّٰهِ لِلَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السُّوْٓءَ بِجَهَالَةٍ ثُمَّ يَتُوْبُوْنَ مِنْ قَرِيْبٍ ﴿۱﴾

توبہ قبول کرنا .... کے اوپر صرف، ان کے لئے ہے جو .... دیتے ہیں .... کو

.... کے سبب پھر .... ہیں جلدی سے۔

۳. أَنَّهُ مَنْ عَمِلَ مِنْكُمْ سُوْٓءًا بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابَ مِنْ بَعْدِهٖ وَ أَصْلَحَ فَأَنَّهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ

یہ کہ جس نے .... تم سب میں سے برا کام جہالت کے .... پھر ....

کی اس کے بعد سے اور اصلاح کی تو یقیناً وہ بڑا .... رحم کرنے والا ہے۔

۴. فَاُوْلٰٓئِكَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ وَ لَا يُظْلَمُوْنَ شَيْئًا

تو یہ سب .... جنت میں اور ظلم نہیں کیا جائے گا .... (ذرہ برابر)۔

۵. فَاغْفِرْ لِلَّذِيْنَ تَابُوْا وَ اتَّبَعُوْا سَبِيْلَكَ وَ قِهِمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ

پس .... کردے، ان لوگوں کو جنھوں نے .... اور .... کی تیرے راستہ کی

اور .... ان سب کو دوزخ کے .... سے۔

مشق نمبر(٤) اب سبق کے شروع میں دی گئی قرآنی عبارتوں کے ترجمہ کی باری ہے۔ ہر عبارت کو ایک بار غور سے پڑھئے اور پھر لفظ بلفظ ترجمہ کیجئے۔

﴿۱﴾ "مِنْ قَرِيْبٍ" سے مراد "موت سے پہلے" ہے۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

تقویتی مشق

درج ذیل قرآنی عبارات اور آیات کا ترجمہ کیجئے:

۱۔ فَلَمَّآ اَنْ ﴿۱﴾ جَآءَ الْبَشِيْرُ اَلْقٰهُ عَلٰى وَجْهِهٖ فَارْتَدَّ بَصِيْرًا

.... (یوسف/۹۶)

۲۔ جَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ

.... (نحل/۷۸)

۳۔ اَلَمْ يَرَوْا اِلَى الطَّيْرِ مُسَخَّرٰتٍ فِيْ جَوِّ السَّمَآءِ مَا يُمْسِكُهُنَّ اِلَّا اللّٰهُ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ

.... (نحل/۷۹)

....

۴۔ قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۞ سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ قُلْ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ

.... (مومنون/۸۶-۸۷)

....

۵۔ وَمَآ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّآ اِنَّهُمْ لَيَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ

.... (فرقان/۲۰)

﴿۱﴾ "أن" کا ترجمہ نہ کریں

Presented By: https://jafrilibrary.com

قرآن کی زبان

مفید نکات (۳)

مندرجہ ذیل قرآنی آیات کو ان کے ترجمہ کے ساتھ غور سے پڑھیے:

مَن تَابَ وَ آمَنَ وَ عَمِلَ صَالِحًا: جس نے توبہ کی اور ایمان لایا اور انجام دیا اچھا کام۔

وَ الَّذِینَ إِذَا فَعَلُوا فَاحِشَةً أَوْ ظَلَمُوا أَنفُسَهُمْ ذَكَرُوا اللّٰهَ فَاسْتَغْفَرُوا: اور ان لوگوں نے جس وقت انجام دیا برا کام یا ظلم کیا اپنے اوپر (تو) یاد کیا اللہ کو پھر مغفرت چاہی۔

جیسا کہ آپ ملاحظہ فرما رہے ہیں کہ جن افعال کے نیچے لائن کھینچی گئی ہے وہ سب افعال ماضی ہیں اور ان کا ترجمہ بھی ماضی کا کیا گیا ہے۔ لیکن بہتر یہ ہے کہ اکثر ان عبارتوں میں جن کے اندر "مَن: جو، جس" یا "اِذَا: جس وقت، جب" یا "لَوْ: اگر" یا "اِنْ: اگر" اور اس جیسے الفاظ کا استعمال، شرط کے طور پر ہو یعنی جملہ شرطیہ پیش نظر ہو تو فعل ماضی کو فعل مضارع کی طرح ترجمہ کرنا چاہیے۔ مثلاً "وَ مَن جَاهَدَ" کا ترجمہ یوں ہونا چاہیے: "اور جو جہاد کرے"؛ نہ کہ یوں: "اور جس نے جہاد کیا"۔

اب مندرجہ ذیل گزشتہ قرآنی عبارتوں کو ان کے نئے زیادہ صحیح ترجمہ کے ساتھ یہاں ملاحظہ کیجیے:

قرآنی عبارتیں	ترجمہ
مَن تَابَ وَ آمَنَ وَ عَمِلَ صَالِحًا	جو توبہ کرے اور ایمان لائے اور انجام دے اچھا کام
وَ الَّذِینَ إِذَا فَعَلُوا فَاحِشَةً أَوْ ظَلَمُوا أَنفُسَهُمْ ذَكَرُوا اللّٰهَ فَاسْتَغْفَرُوا	اور وہ لوگ جب انجام دیں برا کام یا ظلم کریں (تو) اللہ کو یاد کرتے ہیں پھر استغفار کرتے ہیں

Presented By: https://jafrilibrary.com

مشق : ذیل کی جملہ شرطیہ رکھنے والی قرآنی عبارتوں کا ترجمہ کریں:

قرآنی عبارتیں	ترجمہ
وَ إِذَا قِيلَ لَهُمْ آمِنُوا كَمَا آمَنَ النَّاسُ قَالُوا	....
فَمَنْ تَابَ مِنْ بَعْدِ ظُلْمِهِ وَ أَصْلَحَ فَإِنَّ اللّٰهَ يَتُوبُ عَلَيْهِ	....
وَ لَوْ أَنَّهُمْ آمَنُوا وَ اتَّقَوْا لَمَثُوبَةٌ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ خَيْرٌ	....
وَ مَنْ جَاهَدَ فَإِنَّمَا يُجَاهِدُ لِنَفْسِهِ إِنَّ اللّٰهَ لَغَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِينَ	....

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

مفاہیم قرآن سے آشنائی

توبہ

توبہ کے معنی

توبہ یعنی درگاہ الٰہی کی طرف گنہگار انسان کی ''واپسی'' اور ''بازگشت''۔ قرآن کریم میں توبہ کی نسبت کبھی اللہ کی طرف دی گئی ہے اور کبھی بندے کی طرف۔

مثلاً سورہ مریم کی ۶۰ ویں آیت انسان کی توبہ کی طرف اشارہ کرتی ہے : '' اِلَّا مَنۡ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا '' جب بھی توبہ کی نسبت اللہ کی طرف دی جائے تو اس مراد ''توبہ کرنا'' نہیں بلکہ ''توبہ قبول کرنا'' مراد ہوتا ہے اور اکثر لفظ ''عَلٰی'' کے ساتھ آتی ہے ''وَاللّٰهُ يُرِيۡدُ اَنۡ يَّتُوۡبَ عَلَيۡكُمۡ …''یعنی اللہ چاہتا ہے کہ تم سب کی توبہ کو قبول کرے۔ ''توّاب'' کی صفت بھی اللہ کی صفت ہے جو کہ ''بڑا توبہ قبول کرنے والا'' کے معنی میں ہے۔

توبہ کے شرائط

سبق کی آیات کے پیش نظر توبہ کے شرائط میں سے دو شرطوں کی طرف اشارہ کرتے ہیں:

۱. **موت سے پہلے** : اللہ نے اپنے فضل و کرم کے سبب ان بندوں کے لئے ''اللہ سے توبہ اور اس کی طرف واپسی'' کا دروازہ کھلا رکھا ہے جو موت کے وقت سے پہلے توبہ کریں: '' اِنَّمَا التَّوۡبَةُ عَلَى اللّٰهِ لِلَّذِيۡنَ يَعۡمَلُوۡنَ السُّوۡٓءَ بِجَهَالَةٍ ثُمَّ يَتُوۡبُوۡنَ مِنۡ قَرِيۡبٍ فَاُولٰٓئِكَ يَتُوۡبُ اللّٰهُ عَلَيۡهِمۡ … ''

۲. **ماضی کی اصلاح اور نیک کام کی انجام دھی**: ان آیتوں کے پیغام پر توجہ کریں: ''فَمَنۡ تَابَ مِنۡۢ بَعۡدِ ظُلۡمِهٖ وَاَصۡلَحَ فَاِنَّ اللّٰهَ يَتُوۡبُ عَلَيۡهِ …''، '' اَنَّهٗ مَنۡ عَمِلَ مِنۡكُمۡ سُوۡٓءًۢا بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابَ مِنۡۢ بَعۡدِهٖ وَاَصۡلَحَ فَاَنَّهٗ غَفُوۡرٌ رَّحِيۡمٌ ''، '' وَالَّذِيۡنَ عَمِلُوا السَّيِّاٰتِ ثُمَّ تَابُوۡا مِنۡۢ بَعۡدِهَا وَاٰمَنُوۡۤا اِنَّ رَبَّكَ مِنۡۢ بَعۡدِهَا لَغَفُوۡرٌ رَّحِيۡمٌ ''؛ ان آیتوں کے مضمون سے یہ بات سمجھ میں آتی ہے کہ توبہ کرنے والے کو اپنے گناہوں سے منہ پھیرنے کے بعد ایک ''ایمان سے مزین سفر'' کا آغاز کرنا چاہئے تا کہ اللہ کی مغفرت اس کے شامل حال

Presented By: https://jafrilibrary.com

ہے کہ:۔ " فَمَنْ تَابَ ... وَاَصْلَحَ "، " ثُمَّ تَابَ ... وَاَصْلَحَ "، " وَاِنِّیْ لَغَفَّارٌ لِّمَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا "

اس بناپر وہ توبہ قابل قدر ہے جس کے بعد برے ماضی کی اصلاح (أَصْلَحَ) اور راہ ایمان پر سفر نیز نیک کام انجام دینے کا سلسلہ قائم ہو (وَ آمَنَ وَ عَمِلَ صَالِحًا)۔

خلاصہ یہ کہ توبہ کرنے والا توبہ کرنے کے بعد اس راستے پر گامزن ہو جس کو اللہ نے معین کیا ہے: " فَاغْفِرْ لِلَّذِيْنَ تَابُوْا وَاتَّبَعُوْا سَبِيْلَكَ "

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

اختیاری مشق

محترم متعلمین قرآن، اختیاری مشق درحقیقت سبق میں موجود دیگر مشقوں کی تکمیل کا باعث ہے۔

قرآنی آیتیں اور عبارتیں	نئے الفاظ
۱. إِلَّا الَّذِينَ تَابُوا وَأَصْلَحُوا وَبَيَّنُوا فَأُولَٰئِكَ أَتُوبُ عَلَيْهِمْ ۚ وَأَنَا التَّوَّابُ الرَّحِيمُ ....(بقرہ/۱۶۰)	أَصْلَحُوا: ان سب نے اصلاح کی بَيَّنُوا: ان سب نے بیان کیا أَتُوبُ عَلَيْهِمْ: میں توبہ قبول کرتا ہوں ان سب کی
۲. إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ التَّوَّابِينَ وَيُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِينَ ....(بقرہ/۲۲۲)	مُتَطَهِّرِينَ: پاک و پاکیزہ لوگ تَوَّابِينَ: بہت توبہ کرنے والے
۳. إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا بَعْدَ إِيمَانِهِمْ ثُمَّ ازْدَادُوا كُفْرًا لَنْ تُقْبَلَ تَوْبَتُهُمْ ....(آل عمران/۹۰)	لَنْ تُقْبَلَ: ہرگز قبول نہیں ہوگی
۴. وَلَيْسَتِ التَّوْبَةُ لِلَّذِينَ يَعْمَلُونَ السَّيِّئَاتِ ۚ حَتَّىٰ إِذَا حَضَرَ أَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ إِنِّي تُبْتُ الْآنَ وَلَا الَّذِينَ يَمُوتُونَ وَهُمْ كُفَّارٌ ۚ أُولَٰئِكَ أَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابًا أَلِيمًا ....(نساء/۱۸)	لَيْسَتْ: وہ نہیں ہے، تھی حَضَرَ: وہ حاضر ہوا، پہنچا تُبْتُ: میں نے توبہ کی اَلْآنَ: اب، ابھی يَمُوتُونَ: وہ مرتے ہیں

Presented By: https://jafrilibrary.com

قرآنی آیتیں اور عبارتیں	نئے الفاظ
۵. إِلَّا الَّذِينَ تَابُوا وَأَصْلَحُوا وَاعْتَصَمُوا بِاللَّهِ وَأَخْلَصُوا دِينَهُمْ لِلَّهِ فَأُولَٰئِكَ مَعَ الْمُؤْمِنِينَ ...... (نساء/۱۴۶)	اِعْتَصَمُوا: اُنہوں نے مضبوط پکڑا، وہ سب وابستہ ہوئے أَخْلَصُوا: ان سب نے خالص کیا
۶. وَيَا قَوْمِ اسْتَغْفِرُوا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوبُوا إِلَيْهِ يُرْسِلِ السَّمَاءَ عَلَيْكُمْ مِدْرَارًا وَيَزِدْكُمْ قُوَّةً إِلَىٰ قُوَّتِكُمْ وَلَا تَتَوَلَّوْا مُجْرِمِينَ ﴿۱﴾ ...... (هود/۵۲)	لَا تَتَوَلَّوْا: تم سب منہ نہ پھیرو يَزِدْ: وہ زیادہ کرے گا
۷. إِلَّا مَنْ تَابَ وَآمَنَ وَعَمِلَ عَمَلًا صَالِحًا فَأُولَٰئِكَ يُبَدِّلُ اللَّهُ سَيِّئَاتِهِمْ حَسَنَاتٍ ...... (فرقان/۷۰)	يُبَدِّلُ: وہ بدلتا ہے حَسَنَات: نیکیاں

﴿۱﴾ درحالیکہ گنہگار ہو۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

بارھواں حصہ

اخلاق

- پینتالیسواں سبق: احسان اور محسنین
- چھیالیسواں سبق: شکر اور شاکرین
- سینتالیسواں سبق: صبر اور صابرین
- اڑتالیسواں سبق: اخلاقی بری صفات

Presented By: https://jafrilibrary.com
Presented By: https://jafrilibrary.com

...وَجْهَهُ لِلَّهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ فَلَهُ أَجْرُهُ عِندَ رَبِّهِ وَلَا خَوْفٌ
عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ

....(بقره/۱۱۲)

....

...ثَوَابَ الدُّنْيَا وَحُسْنَ ثَوَابِ الْآخِرَةِ ۗ وَاللَّهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِينَ

(آل عمران/۱۴۸)..

....

....

....

...مِنَ الْمُهَاجِرِينَ وَالْأَنصَارِ وَالَّذِينَ اتَّبَعُوهُم
بِإِحْسَانٍ رَّضِيَ اللَّهُ عَنْهُمْ وَرَضُوا عَنْهُ وَأَعَدَّ لَهُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي
تَحْتَهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا أَبَدًا ۚ ذَٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ

....(توبه/۱۰۰)

....

....

...الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّئَاتِ ۚ ذَٰلِكَ ذِكْرَىٰ لِلذَّاكِرِينَ ... وَاصْبِرْ فَإِنَّ
...اللَّهَ لَا يُضِيعُ أَجْرَ الْمُحْسِنِينَ

....(هود/۱۱۴ـ۱۱۵)

....

Presented By: https://jafrilibrary.com

پینتالیسواں سبق

احسان اور محسنین

محترم متعلّمین قرآن!

نیچے لکھی ہوئی قرآن کی آیتوں کو ایک بار غور سے پڑھئے۔

۱. بَلٰی ۚ مَنْ اَسْلَمَ وَجْهَهٗ لِلّٰهِ وَ﴿۱﴾ هُوَ مُحْسِنٌ فَلَهٗۤ اَجْرُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ۪ وَلَا خَوْفٌ
عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ

....(بقره/۱۱۲)

....

۲. فَاٰتٰىهُمُ اللّٰهُ ثَوَابَ الدُّنْيَا وَحُسْنَ ثَوَابِ الْاٰخِرَةِ ؕ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ

....(آل عمران/۱۴۸)

....

۳. وَالسّٰبِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ مِنَ الْمُهٰجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ وَالَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُمْ
بِاِحْسَانٍ ۙ رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ وَاَعَدَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ
تَحْتَهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَاۤ اَبَدًا ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ

....(توبه/۱۰۰)

....

....

۴. اِنَّ الْحَسَنٰتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّاٰتِ ؕ ذٰلِكَ ذِكْرٰى لِلذّٰكِرِيْنَ ... وَاصْبِرْ فَاِنَّ
اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ

....(هود/۱۱۴-۱۱۵)

....

﴿۱﴾ "واؤ" حالیہ ہے۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

۵. قَالُوْا يٰٓاَيُّهَا الْعَزِيْزُ﴿۱﴾ اِنَّ لَهٗٓ اَبًا شَيْخًا كَبِيْرًا فَخُذْ اَحَدَنَا مَكَانَهٗ ۚ اِنَّا نَرٰىكَ مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ

....(یوسف/۷۸)

....

۶. اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ وَاِيْتَآئِ ذِي الْقُرْبٰى

....(نحل/۹۰)

۷. اِنْ اَحْسَنْتُمْ اَحْسَنْتُمْ لِاَنْفُسِكُمْ ۟ وَاِنْ اَسَاْتُمْ فَلَهَا ؕ

....(بنی اسرائیل/۷)

۸. وَقَضٰى رَبُّكَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا... وَقُلْ لَّهُمَا قَوْلًا كَرِيْمًا

....(بنی اسرائیل/۲۳)

۹. سَلٰمٌ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ۞ كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ

....(صافات/۱۰۹-۱۱۰)

۱۰. هَلْ جَزَآءُ الْاِحْسَانِ اِلَّا الْاِحْسَانُ ۞ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ

....(رحمٰن/۶۰-۶۱)

﴿۱﴾ لفظ "العزیز" سورہ یوسف میں چار بار آیا ہے اور چاروں جگہ 'حاکم' کے معنی میں ہے۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

مانوس الفاظ اور نئے الفاظ

مانوس اور نئے الفاظ کو پڑھیے اور انھیں ذہن نشین کر لیجئے۔

مانوس الفاظ	معنی	مانوس الفاظ	معنی
أَحْسَنْتُمْ [أَحْسَنُوا ۲۲/۶۱]	تم سب نے اچھا کیا، تم سب نے نیکی کی	تَحْسَبُ [يَحْسَبُ ۲۵/۷]	تم سمجھتے ہو، تم خیال کرتے ہو
ذَاكِرِينَ	ذکر کرنے والے، یاد کرنے والے	تَكُونُ [يَكُونُ ۲۲/۶]	تم ہو، تم ہوتے ہو
مُحْسِن	نیکی کرنے والا، احسان کرنے والا	خُذْ [خُذُوا، ۲۹/۸]	تم لو
مُهَاجِرِينَ	ہجرت کرنے والے (مہاجر کی جمع)		

نئے الفاظ	معنی	نئے الفاظ	معنی
سَابِقُونَ	آگے بڑھ جانے والے، سبقت کرنے والے	كُمَا (مُثَنّٰى)	تم دونوں
حَسَنَات	نیکیاں، اچھائیاں	آلَاء	نعمتیں
رَضِيَ	وہ راضی ہوا	أَسَأْتُمْ	تم سب نے بدی کی، تم سب نے برائی کی
رِيح	ہوا، بُو	أَسْلَمَ	وہ فرمانبردار ہوا، (وہ تسلیم ہوا) مسلمان ہوا
لَا تَعْبُدُوا	تم سب عبادت نہ کرو	إِيْتَاء	دینا
يُذْهِبْنَ	وہ سب دور کردیتی ہیں، وہ لے جاتی ہیں	أَيُّ	کون سا، جو
يَسْمَعُونَ	وہ سب سنتے ہیں	تَأْتِي (مؤنث)	وہ آتی ہے
يُضِيعُ	وہ ضائع کرتا ہے	تُكَذِّبَانِ	تم دونوں جھٹلاؤ گے
يُنْصَرُونَ	ان سب کی مدد کی جاتی ہے	جُنُود	فوجیں (جُند کی جمع)
يَنْظُرُونَ	وہ سب دیکھتے ہیں، وہ سب انتظار کرتے ہیں	رَضُوا	وہ سب راضی ہوئے
يَهْتَدُونَ	وہ سب ہدایت پائیں، وہ سب ہدایت پائیں گے	يَحْزَنُونَ	وہ سب غمگین ہوتے ہیں
		شَيْخ	بوڑھا، بزرگ، ضعیف

Presented By: https://jafrilibrary.com

مشق و سوالات

مشق نمبر(۱) صحیح جواب پر نشان لگائیے:

الف: کونسا جزء صحیح هے؟

۱. أَتَیٰ ـ أَسْلَمَ ـ رَضِیَ:

الف: وہ لایا	وہ سلامت رہے	وہ راضی ہوا	☐
ب: وہ آیا	وہ فرمانبردار ہوا	وہ راضی ہوا	☐

۲. تَأْتِي ـ يُضِيعُ ـ يَسْمَعُونَ:

الف: وہ آتی ہے	وہ ضائع کرتا ہے	وہ سب سنتے ہیں	☐
ب: وہ لاتی ہے	وہ ضائع ہوا	ان سب نے سنا	☐

۳. إِيْتَاء ـ جُنُود ـ آلَاء:

الف: دینا	فوجیں	نعمتیں	☐
ب: آنا	فوج	درد	☐

۴. رَضُوا ـ أَسَأْتُمْ ـ أَحْسَنْتُمْ:

الف: تم سب راضی ہو جاؤ	تم سب بدی کرو	تم سب اچھائی کرو	☐
ب: وہ سب راضی ہوئے	تم سب نے بدی کی	تم سب نے اچھا کیا	☐

۵. يَهْتَدُونَ ـ يَنظُرُونَ ـ يُنْصَرُونَ:

الف: وہ سب ہدایت کرتے ہیں	وہ سب دیکھتے ہیں	ان سب نے مدد کی	☐
ب: وہ سب ہدایت پائیں (گے)	وہ سب دیکھتے ہیں	ان سب کی مدد کی جاتی ہے	☐

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

ب: کونسا جزء صحیح ہے؟

۱۔کون سا - ہوا - تم لو

الف: أَیُّ - رِیح - خُذْ ❑ ب: أَیُّ - رِیاح - خُذُوا ❑

۲۔تم سب عبادت نہ کرو - تم دونوں جھٹلاتے ہو - تم ہو

الف: لَا تَعْبُدُوا - تُکَذِّبَانِ - تَکُونُ ❑ ب: لَا یَعْبُدُونَ - تُکَذِّبُونَ - یَکُونُ ❑

۳۔تم سمجھتے ہو - وہ ضائع نہیں کرتا ہے - ان سب کی مدد کی جاتی ہے

الف: یَحْسَبُ - یُضِیعُ - تُنْصَرُونَ ❑ ب: تَحْسَبُ - لَا یُضِیعُ - یُنْصَرُونَ ❑

۴۔وہ سب غمگین نہیں ہوتے ہیں - وہ سب سمجھتے ہیں - نیکی کرنے والے

الف: یَحْزَنُونَ - یَشْکُرُونَ - مُحْسِنِینَ ❑ ب: لَا یَحْزَنُونَ - یَشْعُرُونَ - مُحْسِنِینَ ❑

۵۔وہ سب دور کر دیتی ہیں - وہ سب انتظار کرتے ہیں - وہ سب سنتے ہیں

الف: یُذْهِبُ - یَنْظُرُونَ - یَسْمَعُونَ ❑ ب: یُذْهِبْنَ - یَنْظُرُونَ - یَسْمَعُونَ ❑

Presented By: https://jafrilibrary.com

مشق نمبر(۲)

عبارت کے صحیح ترجمہ پر نشان لگائیے:

۱. بَلَىٰ مَنْ أَسْلَمَ وَجْهَهُ لِلَّهِ

الف: ہاں جس نے سپرد کیا اپنے چہرے (پیشانی) کو اللہ کے لئے ❑

ب: ہاں کون سپرد کرتا ہے اپنے آپ کو اللہ کے لئے ❑

۲. وَ لَا خَوْفٌ عَلَیْهِمْ وَلَا هُمْ یَحْزَنُونَ

الف: اور نہ ڈر ان سب کے اوپر ہے اور نہ وہ سب غمگین ہوتے ہیں ❑

ب: اور نہ ڈرو تم سب ان سے اور نہ غمگین ہو ❑

Presented By: https://jafrilibrary.com

مشق نمبر(۳) آیات قرآنی کو پڑھ کر ان کا ترجمہ مکمل کیجئے:

۱. إِنَّ اللَّهَ يَأْمُرُ بِالْعَدْلِ وَ الْإِحْسَانِ وَ إِيتَآئِ ذِي الْقُرْبَىٰ

یقیناً اللہ..............دیتا ہے..............اور نیکی کرنے اور..............کو..............کا۔

۲. إِنْ أَحْسَنْتُمْ أَحْسَنْتُمْ لِأَنْفُسِكُمْ وَ إِنْ أَسَاتُمْ فَلَهَا

اگر تم سب نے ....کی (تو) نیکی کی ....کے لئے اور ....برائی کی تو

..............۔

۳. سَلٰمٌ عَلَىٰ إِبْرٰهِيمَ ۞ كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِينَ

سلام ابراہیمؑ..............اس طرح ہم..............ہیں..............کو۔

۴. هَلْ جَزَاءُ الْإِحْسَانِ إِلَّا الْإِحْسَانُ ۞ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ

کیا..............کی..............ہے..............کے علاوہ تو اپنے..............کی..............میں

سے کس کو تم..............جھٹلاؤ گے۔

۵. وَكَذَّبَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ فَأَتٰهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُونَ

اور..............ان سے پہلے..............نے تو..............کے (پاس) آیا..............اس

طرح سے کہ وہ سب..............۔

مشق نمبر(٤) اب سبق کے شروع میں دی گئی قرآنی عبارتوں کے ترجمہ کی باری ھے۔ ھر عبارت کو ایک بار غور سے پڑھئے اور پھر لفظ بلفظ ترجمہ کیجئے۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

تقویتی مشق

درج ذیل قرآنی عبارات اور آیات کا ترجمہ کیجیے:

۱. وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوسَى الْكِتٰبَ لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُونَ

.... (مومنون/۴۹)

۲. اَرَءَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ ؕ اَفَاَنْتَ تَكُونُ عَلَيْهِ وَكِيلًا

.... (فرقان/۴۳)

۳. اَمْ تَحْسَبُ اَنَّ اَكْثَرَهُمْ يَسْمَعُونَ اَوْ يَعْقِلُونَ ؕ اِنْ(۱) هُمْ اِلَّا كَالْاَنْعَامِ

.... (فرقان/۴۴)

۴. وَجَعَلْنٰهُمْ اَئِمَّةً يَّدْعُونَ اِلَى النَّارِ ۚ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ لَا يُنْصَرُونَ

.... (قصص/۴۱)

۵. يٰۤاَيُّهَا الَّذِينَ اٰمَنُوا اذْكُرُوا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ جَآءَتْكُمْ جُنُودٌ فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ
رِيحًا ... وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرًا

.... (احزاب/۹)

....

۶. وَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا لَا تَاْتِينَا السَّاعَةُ

.... (سبأ/۳)

۷. كَذَّبَ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَاَتٰىهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُونَ

.... (زمر/۲۵)

۸. رَاَيْتَ الَّذِينَ فِي قُلُوبِهِمْ مَرَضٌ يَنْظُرُونَ اِلَيْكَ ...

.... (محمد/۲۰)

Presented By: https://jafrilibrary.com

(۱) "اِنْ" حرف نفی ہے اور "نہیں" کے معنی میں ہے۔

قرآن کی زبان

اسم فاعل

ذیل کے الفاظ اور ان کے معانی پر توجہ کریں:

صَابِر: صبر کرنے والا　　عَالِم: جاننے والا

خَاضِع: جھکنے والا　　جَاھِل: نہ جاننے والا

نَاصِر: مدد کرنے والا　　صَالِح: نیکی کرنے والا

جیسا کہ آپ نے ملاحظہ کیا کہ یہ الفاظ کسی کام کے کرنے والے پر یا کسی صفت یا حالت کے رکھنے والے پر دلالت کر رہے ہیں۔ ایسے الفاظ کو "اسم فاعل" کہا جاتا ہے۔

جن ماضی کے واحد مذکر غائب کے صیغہ میں صرف تین حرف ان کا اسم فاعل "فَاعِل" کے وزن پر آتا ہے۔ یعنی اس کے حروف اصلی میں ایک "ا" کا اضافہ کر دیا جاتا ہے۔ مثلاً فعل "نَصَرَ" کا فاعل "نَاصِر" ہے۔

نکات

۱۔ اسم فاعِل "مذکر" کے آخر میں "ۃ" کو بڑھانے سے اسم فاعل "مؤنث" بنایا جاسکتا ہے۔ جیسے: "صَابِر" سے "صَابِرَۃ"

۲۔ اسم فاعِل "مذکر" کو "ونَ - ینَ" کے ذریعہ اور اسم فاعِل "مؤنث" کو "ات" کے ذریعہ جمع بنایا جاسکتا ہے۔ جیسے:

عَالِم + ونَ = عَالِمُونَ

عَالِم + ینَ = عَالِمِینَ

عَالِمۃ + ات = عَالِمَات

صَابِرۃ + ات = صَابِرات

Presented By: https://jafrilibrary.com

مشق(۱) : ذیل کے نقشہ کو مکمل کریں:

ماضی،واحد مذکر غائب	اسم فاعل، واحد مذکر	اسم فاعل، جمع مذکر
نَصَرَ: اس نے مدد کی	نَاصِر: مدد کرنے والا	نَاصِرُونَ ۔ ناصِرِین: مدد کرنے والے
ظَلَمَ: اس نے ظلم کیا		
غَلَبَ: وہ غالب ہوا		
عَمِلَ: اس نے کام کیا		
جَمَعَ: اس نے جمع کیا		
فَسَقَ: اس نے نافرمانی کی		
غَفَرَ: اس نے معاف کیا		
عَبَدَ: اس نے عبادت کی		
خَلَقَ: اس نے خلق کیا		
اَخَذَ: اس نے لیا		
جَعَلَ: اس نے قرار دیا		
خَرَجَ: وہ نکلا		

Presented By: https://jafrilibrary.com

مشق(۲) : پہلے خانے کو مدنظر رکھتے ہوئے باقی نقشے کو مکمل کریں:

ماضی،واحد مذکر غائب	اسم فاعل، واحد مؤنث	اسم فاعل، جمع مؤنث
نَصَرَ: اس نے مدد کی	نَاصِرَة: مدد کرنے والی	نَاصِرَات: مدد کرنے والیاں
ظَلَمَ: اس نے ظلم کیا		
غَلَبَ: وہ غالب ہوا		
عَمِلَ: اس نے کام کیا		
جَمَعَ: اس نے جمع کیا		
فَسَقَ: اس نے نافرمانی کی		
غَفَرَ: اس نے معاف کیا		
عَبَدَ: اس نے عبادت کی		
خَلَقَ: اس نے خلق کیا		
اَخَذَ: اس نے لیا		
جَعَلَ: اس نے قرار دیا		
خَرَجَ: وہ نکلا		

Presented By: https://jafrilibrary.com

مفاہیم قرآن سے آشنائی

احسان اور محسنین

قرآن اور اھلبیت علیھم السلام کی تعلیمات میں احسان

قرآن کی نورانی تعلیمات میں "احسان" کی بہت تاکید کی گئی ہے۔ عربی لغت میں احسان "نیکی کرنے" کے معنی میں استعمال ہوتا ہے۔ اردو میں بھی لفظ "احسان" استعمال ہوتا ہے، لیکن اردو میں یہ لفظ دو طرح سے استعمال کیا جاتا ہے:

۱۔ کسی کے اوپر احسان کرنا۔

۲۔ کسی کے ساتھ احسان کرنا۔

پہلے معنی کے لئے عربی میں لفظ "مِنّت" ہے جس سے مشتق ہوکر اردو میں "منت کشی"، یعنی زیر احسان ہونا بولا جاتا ہے۔ دوسرے معنی کے لئے اردو میں لفظ "احسان" ہے

قرآن اور اہلبیت علیہم السلام کی تعلیمات میں "دوسروں کی نیکیوں کا جواب اس سے اچھی نیکیوں کے ذریعہ اور دوسروں کی برائیوں کا جواب اس سے کمتر برائیوں کے ذریعہ دینا" احسان ہے۔

سورہ نحل کی ۹۰ ویں آیت میں اللہ نے عدل کا حکم بھی دیا ہے اور احسان کا بھی: "اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ وَاِيْتَآئِ ذِى الْقُرْبٰى"

ظاہر ہے کہ مذکورہ تعریف کے لحاظ سے احسان کا رتبہ عدل سے زیادہ ہے کیونکہ عدل یعنی ہر انسان کی نیکی یا بدی کا جواب اسی جیسی نیکی یا بدی سے دینا لیکن احسان یعنی نیکی کا جواب اس سے اچھی نیکی اور برائی کا جواب اس سے کمتر برائی کے ذریعہ دینا۔

کسی کے ساتھ نیکی کرنا ہمیشہ ان کی نیکیوں کے جواب میں نہیں ہوتا بلکہ ممکن ہے انسان کسی ایسے شخص کے ساتھ نیکی اور احسان کرے جس نے نہ اس کے ساتھ نیکی کی ہو اور نہ ہی برائی۔

Presented By: https://jafrilibrary.com
Presented By: https://jafrilibrary.com

محسن کون ہے؟

محسن وہ ہے جس کی روح و جان میں ''احسان'' کی فضیلت رچ بس گئی ہو اور یہ صفت اس کی اندرونی اور ہمیشگی صفات کا جز بن چکی ہو۔

حضرت یوسفؑ کی بھائی جب مصر میں ان کے پاس پہنچے تو یوسف صدّیق علیہ السلام کو انھوں نے یوں خطاب کیا: ''قَالُوْا يٰۤاَيُّهَا الْعَزِيْزُ . . . اِنَّا نَرٰىكَ مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ''

اس آیت کے سلسلہ میں امام صادقؑ سے نقل ہوا ہے کہ حضرت یوسفؑ اپنی محفلوں میں دوسروں کو بیٹھنے کی جگہ دیتے تھے، ضرورتمندوں کو قرض دیتے تھے اور کمزوروں کی مدد کرتے تھے۔

احسان کا بدلہ

قرآن کریم نے دوسروں کے ساتھ احسان کرنے کو درحقیقت ''اپنے ساتھ احسان کرنا'' قرار دیا ہے: ''اِنْ اَحْسَنْتُمْ اَحْسَنْتُمْ لِاَنْفُسِكُمْ''

سورہ رحمٰن میں ایک عقلائی اور سماجی قانون کے عنوان سے فرماتا ہے: ''هَلْ جَزَآءُ الْاِحْسَانِ اِلَّا الْاِحْسَانُ احسان کا بدلہ احسان ہے''۔

اللہ بھی احسان کا بدلہ اپنے احسان کے ذریعہ دیتا ہے، قرآن کی دوسری آیتیں بیان کرتی ہیں کہ اللہ بڑا بخشنے والا اور مہربان ہے اور انسان کے اچھے اعمال سے کہیں زیادہ ان کی جزا دیتا ہے۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

حضرت ابراهیمؑ کے احسان کا بدلہ

حضرت ابراہیمؑ کیونکہ ''محسنین'' میں سے تھے لہٰذا انھیں اللہ کی طرف سے بڑی جزا ملی اور وہ تھا خدائے بزرگ و یگانہ کا درود و سلام: '' سَلٰمٌ عَلٰۤى اِبْرٰهِيْمَ ۞ كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ''

محسنین کو اللہ کی جزا

اللہ اس دنیا میں بھی محسنین کو ثواب و جزا دیتا ہے اور انھیں دوست رکھتا ہے اور آخرت میں بھی: '' فَاٰتٰىهُمُ اللّٰهُ ثَوَابَ الدُّنْيَا وَحُسْنَ ثَوَابِ الْاٰخِرَةِ ؕ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ''

اللہ تاکید کے ساتھ فرماتا ہے کہ محسنین کا اجر ضائع و برباد نہیں ہوسکتا: '' وَاصْبِرْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ''

Presented By: https://jafrilibrary.com

اختیاری مشق

دیئے گئے الفاظ اور معانی سے استفادہ کرتے ہوئے قرآنی عبارات کا ترجمہ کریں۔

قرآنی آیتیں اور عبارتیں	نئے الفاظ
۱. وَ اَنۡفِقُوۡا فِیۡ سَبِیۡلِ اللّٰہِ وَ لَا تُلۡقُوۡا بِاَیۡدِیۡکُمۡ اِلَی التَّہۡلُکَۃِ ۚۖۛ وَ اَحۡسِنُوۡا ۚۛ اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ الۡمُحۡسِنِیۡنَ ....(بقرہ/۱۹۵)	لَا تُلْقُوا: تم سب نہ ڈالو تَهْلُكَة: ہلاکت اَحْسِنُوا: تم سب نیکی کرو
۲. وَ مَنۡ اَحۡسَنُ دِیۡنًا﴿۱﴾ مِّمَّنۡ اَسۡلَمَ وَجۡہَہٗ لِلّٰہِ وَ ہُوَ مُحۡسِنٌ وَّ اتَّبَعَ مِلَّۃَ اِبۡرٰہِیۡمَ حَنِیۡفًا ؕ وَ اتَّخَذَ اللّٰہُ اِبۡرٰہِیۡمَ خَلِیۡلًا ....(نساء/۱۲۵)	خَلِیل: دوست
۳. قُلۡ تَعَالَوۡا اَتۡلُ مَا حَرَّمَ رَبُّکُمۡ عَلَیۡکُمۡ اَلَّا تُشۡرِکُوۡا بِہٖ شَیۡئًا وَّ بِالۡوَالِدَیۡنِ اِحۡسَانًا ....(انعام/۱۵۱)	اَتْلُ: میں تلاوت کرتا ہوں، میں پڑھتا ہوں لَاتُشْرِكُوا: تم سب شرک نہ کرو
۴. وَ ابۡتَغِ فِیۡمَاۤ اٰتٰىکَ اللّٰہُ الدَّارَ الۡاٰخِرَۃَ وَ لَا تَنۡسَ نَصِیۡبَکَ مِنَ الدُّنۡیَا وَ اَحۡسِنۡ کَمَاۤ اَحۡسَنَ اللّٰہُ اِلَیۡکَ وَ لَا تَبۡغِ الۡفَسَادَ فِی الۡاَرۡضِ ؕ اِنَّ اللّٰہَ لَا یُحِبُّ الۡمُفۡسِدِیۡنَ ....(قصص/۷۷)	اِبْتَغِ: تم تلاش کرو لَاتَنْسَ: تم نہ بھولو لَا تَبْغِ: تم تلاش نہ کرو اَحْسِنْ: تم نیکی کرو

﴿۱﴾ "دِيناً": دین کے لحاظ سے۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

قرآنی آیتیں اور عبارتیں	نئے الفاظ
۵. وَ مَن يُّسۡلِمۡ وَجۡهَهٗۤ اِلَى اللّٰهِ وَهُوَ مُحۡسِنٌ فَقَدِ اسۡتَمۡسَكَ بِالۡعُرۡوَةِ الۡوُثۡقٰى ؕ وَ اِلَى اللّٰهِ عَاقِبَةُ الۡاُمُوۡرِ .... (لقمان / ۲۲)	يُسۡلِمۡ: وہ سپرد کرے اِسۡتَمۡسَكَ: اُس نے مضبوط پکڑا، وہ وابستہ ہوا اَلۡعُرۡوَةِ الۡوُثۡقٰى: مضبوط رسی (سہارا)
۶. فَاِنَّ اللّٰهَ اَعَدَّ لِلۡمُحۡسِنٰتِ مِنۡكُنَّ اَجۡرًا عَظِيۡمًا .... (احزاب / ۲۹)	كُنَّ: تم سب (جمع مؤنث) مُحۡسِنَات: نیکی کرنے والیاں
۷. وَوَصَّيۡنَا الۡاِنۡسَانَ بِوَالِدَيۡهِ اِحۡسٰنًا ؕ حَمَلَتۡهُ اُمُّهٗ كُرۡهًا وَّوَضَعَتۡهُ كُرۡهًا .... (احقاف / ۱۵)	حَمَلَتۡ: اس نے (شکم میں) اٹھایا وَضَعَتۡ: اس نے وضع حمل کیا كُرۡهًا: سختی کے ساتھ اُمّ: ماں

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

چھیالیسواں سبق

شکر اور شاکرین

محترم متعلمین قرآن!

نیچے لکھی ہوئی قرآن کی آیتوں کو ایک بار غور سے پڑھئے۔

۱۔ فَاذْكُرُونِي أَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوا لِي وَلَا تَكْفُرُونِ

....(بقرہ/۱۵۲)

۲۔ وَمَنْ يُرِدْ ثَوَابَ الدُّنْيَا نُؤْتِهِ مِنْهَا ۚ وَمَنْ يُرِدْ ثَوَابَ الْآخِرَةِ نُؤْتِهِ مِنْهَا ۚ وَ سَنَجْزِي الشَّاكِرِينَ

....(آل عمران/۱۴۵)

....

۳۔ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْأَبْصَارَ وَالْأَفْئِدَةَ ۙ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ

....(نحل/۷۸)

۴۔ فَكُلُوا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللَّهُ حَلَالًا طَيِّبًا وَاشْكُرُوا نِعْمَتَ اللَّهِ إِنْ كُنْتُمْ ﴿۱﴾ إِيَّاهُ تَعْبُدُونَ

....(نحل/۱۱۴)

۵۔ قَالَ هَٰذَا مِنْ فَضْلِ رَبِّي لِيَبْلُوَنِي أَأَشْكُرُ أَمْ أَكْفُرُ ۖ وَمَنْ شَكَرَ فَإِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهِ ۖ وَمَنْ كَفَرَ فَإِنَّ رَبِّي غَنِيٌّ كَرِيمٌ

....(نمل/۴۰)

....

﴿۱﴾ "كُنْتُمْ" کا ترجمہ نہ کیجئے۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

۶. وَمِنۡ رَّحۡمَتِہٖ جَعَلَ لَکُمُ الَّیۡلَ وَ النَّہَارَ لِتَسۡکُنُوۡا فِیۡہِ وَلِتَبۡتَغُوۡا مِنۡ فَضۡلِہٖ وَلَعَلَّکُمۡ تَشۡکُرُوۡنَ

....(قصص/۷۳)

....

۷. فَابۡتَغُوۡا عِنۡدَ اللّٰہِ الرِّزۡقَ وَ اعۡبُدُوۡہُ وَ اشۡکُرُوۡا لَہٗ ؕ اِلَیۡہِ تُرۡجَعُوۡنَ

....(عنکبوت/۱۷)

۸. وَلَقَدۡ اٰتَیۡنَا لُقۡمٰنَ الۡحِکۡمَۃَ اَنِ اشۡکُرۡ لِلّٰہِ ؕ وَمَنۡ یَّشۡکُرۡ فَاِنَّمَا یَشۡکُرُ لِنَفۡسِہٖ ۚ وَمَنۡ کَفَرَ فَاِنَّ اللّٰہَ غَنِیٌّ حَمِیۡدٌ

....(لقمان/۱۲)

....

۹. اِعۡمَلُوۡۤا اٰلَ دَاوٗدَ شُکۡرًا ؕ وَقَلِیۡلٌ مِّنۡ عِبَادِیَ الشَّکُوۡرُ

....(سبا/۱۳)

۱۰. اَللّٰہُ الَّذِیۡ جَعَلَ لَکُمُ الَّیۡلَ لِتَسۡکُنُوۡا فِیۡہِ وَالنَّہَارَ مُبۡصِرًا ؕ اِنَّ اللّٰہَ لَذُوۡ فَضۡلٍ عَلَی النَّاسِ وَلٰکِنَّ اَکۡثَرَ النَّاسِ لَا یَشۡکُرُوۡنَ

....(مؤمن/۶۱)

....

Presented By: https://jafrilibrary.com

مانوس الفاظ اور نئے الفاظ

مانوس الفاظ	معنی
أَشْکُرُ [تَشْکُرُونَ ۱۲/۴۶]	میں شکر کرتا ہوں
اُشْکُرُ [اُشْکُرُوا، ۶/۲۳]	تم شکر کرو
اَکْفُرَ [یَکْفُرُ ۷/۲۸]	میں ناشکری کروں
جَدِید	نیا، جدید، تازہ
شُکْر	شکر، سپاس

مانوس الفاظ	معنی
لَا تَکْفُرُوا [تَکْفُرُونَ ۷/۲۵]	تم سب ناشکری نہ کرو، تم سب انکار نہ کرو تم سب کفر اختیار نہ کرو
لُقْمَانَ	حضرت لقمان علیہ السلام
لَمْ یَکْفُرُوا [یَکْفُرُونَ ۷/۲۸]	ان سب نے کفر اختیار نہیں کیا ان سب نے ناشکری نہیں کی
یَشْکُرُ [تَشْکُرُونَ ۱۲/۴۶]	وہ شکر کرتا ہے

نئے الفاظ	معنی
اُذْکُر	میں یاد کروں گا، میں ذکر کروں گا
اِعْمَلُوا	تم سب کرو، تم سب انجام دو
نَبَأُ	خبر
نُؤْتِ	ہم دیں گے
هُزُوًا	مذاق
یَأْتِ بِـ	وہ لاتا ہے
یَبْلُو	وہ آزمائے، وہ آزماتا ہے
یُذْهِب	وہ لے جاتا ہے
لَوْلَا	کیوں نہیں، اگر نہ
مُسْتَقَرّ	ٹھکانا، مرکز، منزل

نئے الفاظ	معنی
مُبْصِر ۔ مُبْصِرَة	روشنی کا ذریعہ، روشن کرنے والا
اُوتِیَ	اس کو دیا گیا
تَبْتَغُوا	تم سب تلاش کرو، تم سب طلب کرو
تَشْکُرُونَ	تم سب شکر کرو، تم سب شکر کرتے ہو
تَنْزِیل	نازل کرنا، اُتارنا
شَکَرَ	اس نے شکر کیا
شَکُور	بہت شکر کرنے والا، قدرداں
یُرِد	وہ چاہے، وہ ارادہ کرے
یَشَأْ	وہ چاہے

Presented By: https://jafrilibrary.com

مشق و سوالات

مشق نمبر(۱) صحیح جواب پر نشان لگائیے:

الف: کونسا جزء صحیح ہے؟

۱. لِتَسْكُنُوا ـ تَبْتَغُوا ـ تَشْكُرُونَ:

الف: تاکہ تم سب سکون پاؤ ۔ تم سب طلب کرو ۔ تم سب شکر کرو ☐

ب: یہاں تک کہ تم سب نے سکون پایا ۔ تم سب نے حاصل کیا ۔ تم سب شکر کرو گے ☐

۲. تَنْزِيل ـ شَكُور ـ نَبَأ:

الف: نازل ہونا ۔ شکر کرنے والا ۔ اس نے خبر دی ☐

ب: نازل کرنا ۔ بہت شکر کرنے والا ۔ خبر ☐

۳. أَذْكُر ـ أَشْكُرُ ـ اُشْكُرْ:

الف: میں یاد کروں گا ۔ میں شکر کرتا ہوں ۔ تم شکر کرو ☐

ب: میں یاد کرتا ہوں ۔ تم شکر کرو ۔ میں شکر کرتا ہوں ☐

۴. مُبْصِر ـ هُزُوًا ـ مُسْتَقَرّ:

الف: روشنی کا ذریعہ ۔ مذاق (بنانا) ۔ ٹھکانا ☐

ب: دیکھنے والا ۔ ہنسی مذاق ۔ ٹھکانا ☐

۵. يَأْتِ بِـ ـ نُؤْتِ ـ أُوتِيَ:

الف: وہ آتا ہے ۔ ہم نے دیا ۔ اس نے دیا ☐

ب: وہ لاتا ہے ۔ ہم دیں گے ۔ اس کو دیا گیا ☐

Presented By: https://jafrilibrary.com

ب: کونسا جزء صحیح ھے؟

ا۔تم سب کرو - وہ چاہے - تم نے نہیں دیکھا:

الف: إعْمَلُوا۔ يَشَأْ۔ لَمْ تَرَ ☐ ب: إعْمَلُوا۔ يُرِدُ۔ لَا تَرَىٰ ☐

۲۔ وہ آزمائے - وہ لے جاتا ہے - وہ لاتا ہے:

الف: يَبْلُو۔ يُذْهِب۔ يَأْتِ بِـ ☐ ب: يَبْلُو۔ يَأْتِ بِـ۔ يُذْهِب ☐

۳۔ میں ناشکری کروں۔ ان سب نے کفر اختیار نہیں کیا۔ تم سب ناشکری نہ کرو:

الف: أَكْفُرُ۔ لَمْ يَكْفُرُوا۔ لَا تَكْفُرُوا ☐ ب: أَكْفُرُ۔ لَا تَكْفُرُونَ۔ لَمْ تَكْفُرُوا ☐

۴۔خبر - روشنی کا ذریعہ - کیوں نہیں:

الف: نَبَأُ۔ تَنْزِيل۔ لَوْلَا ☐ ب: نَبَأ۔ مُبْصِر۔ لَوْلَا ☐

۵۔اس نے شکر کیا - تم شکر کرتے ہو - تم سب شکر کرتے ہو:

الف: شَكَرَ۔ يَشْكُرُ۔ يَشْكُرُونَ ☐ ب: شَكَرَ۔ يَشْكُرُ۔ تَشْكُرُونَ ☐

مشق نمبر(۲)

عبارت کے صحیح ترجمہ پر نشان لگائیے:

ا. فَاذْكُرُونِي أَذْكُرْكُمْ

الف: پس تم سب یاد کرو مجھے (تا کہ) میں یاد کروں تم سب کو ☐

ب: اگر تم سب یاد کرو مجھے (تو) میں یاد کروں گا تم سب کو ☐

۲. وَ اشْكُرُوا لِي وَلَا تَكْفُرُونِ ﴿۱﴾

الف: اور شکر کرو میرا اور کافر نہ بنو ☐

ب: اور تم سب شکر کرو میرے لئے اور ناشکری نہ کرو میری ☐

﴿۱﴾ "لَا تَكْفُرُونِ" اصل میں "لَا تَكْفُرُونِي" تھا۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

۳. وَ مَن يُرِدْ ثَوَابَ الدُّنيا نُؤْتِهِ مِنهَا

الف: اور جو چاہے دنیا کے اجر کو ہم دیں گے اس کو اس میں سے (کچھ) ☐

ب: اور کون چاہتا ہے دنیا کے اجر کو تا کہ ہم دیں اسے ☐

۴. وَ اشْكُرُوا نِعْمَتَ اللّٰهِ إِن كُنتُمْ﴿۱﴾ إِيَّاهُ تَعْبُدُونَ

الف: اور ان سب نے شکر کیا اللہ کی نعمتوں کا اور صرف اس کی عبادت کی ☐

ب: اور تم سب شکر کرو اللہ کی نعمت کا اگر تم صرف اس کی عبادت کرتے ہو ☐

۵. لِيَبْلُوَنِيْ ءَأَشْكُرُ أَمْ أَكْفُرُ

الف: تا کہ وہ آزمائے مجھے، کیا میں شکر کرتا ہوں یا ناشکری کرتا ہوں ☐

ب: کیونکہ اس نے آزمایا مجھے کہ شکر کرتا ہوں یا ناشکری ☐

۶. فَابْتَغُوا عِندَ اللّٰهِ الرِّزْقَ وَ اعْبُدُوهُ

الف: پس ڈھونڈی ان سب نے اللہ کے نزدیک روزی اور عبادت کی اس کی ☐

ب: پس تم سب تلاش کرو اللہ کے نزدیک روزی کو اور تم سب عبادت کرو اس کی ☐

۷. وَ لَقَدْ آتَيْنَا لُقْمَانَ الْحِكْمَةَ

الف: اور بتحقیق ہم نے دی لقمان کو حکمت ☐

ب: اور یقیناً لائے لقمان ہمارے لئے حکمت کو ☐

۸. اِعْمَلُوا آلَ دَاوُدَ شُكْرًا

الف: تم سب انجام دو (اے) آل داؤد شکر کو ☐

ب: انجام دیا آل داؤد نے شکر کو ☐

۹. وَ قَلِيلٌ مِّنْ عِبَادِيَ الشَّكُورُ

الف: اور کم ہو تم سب اے میرے بندو (مقام) شکر میں ☐

ب: اور کم ہیں میرے بندوں میں سے بہت شکر کرنے والے ☐

﴿۱﴾ "كُنتُمْ" کا ترجمہ نہ کیجئے۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

۱۰. أَللّٰهُ الَّذِیْ جَعَلَ لَكُمُ الَّیْلَ لِتَسْكُنُوا فِیهِ

الف: اللہ جس نے قرار دی تم سب کے لئے رات تا کہ سکون پاؤ اس میں ☐

ب: ایسا اللہ جس نے قرار دیا تم سب کے لئے آرام دہ رات کو ☐

۱۱. وَ لَكُمْ فِی الْأَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَ مَتَاعٌ إِلَیٰ حِیْنٍ

الف: اور تم سب کے لئے زمین ہی ٹھکانا اور ضرورت کا سامان ہے ☐

ب: اور تم سب کے لئے زمین میں ٹھکانا اور سرمایہ ہے (ایک) وقت تک ☐

۱۲. إِن یَشَأْ یُذْهِبْكُمْ وَ یَأْتِ بِخَلْقٍ جَدِیْدٍ

الف: اگر وہ چاہے، لے جائے گا تم سب کو اور لے آئے گا نئی مخلوق ☐

ب: اگر وہ چاہے لے آئے تم سب کو اور دے دے نئی خلقت ☐

۱۳. قَالُوا لَوْلَا أُوتِیَ مِثْلَ مَا أُوتِیَ مُوسَیٰ

الف: ان سب نے کہا اگر دیا نہ دیا جائے ہم سب کو وہ جو دیا گیا موسیٰ کو ☐

ب: ان سب نے کہا کیوں نہیں دیا گیا (ہم کو) وہ جو دیا گیا موسیٰ کو ☐

۱۴. أَوَلَمْ یَكْفُرُوا بِمَا أُوتِیَ مُوسَیٰ مِن قَبْلُ

الف: اور کیا انکار نہیں کیا ان سب نے اس چیز کا جسے موسیٰ کو دیا گیا پہلے سے ☐

ب: اور کیا ناشکری نہیں کی تم سب نے اس چیز کی جسے موسیٰ کو دیا گیا تھا پہلے سے ☐

۱۵. قُلْ هُوَ نَبَأٌ عَظِیْمٌ ۝ أَنْتُمْ عَنْهُ مُعْرِضُوْنَ

الف: اس نے کہا: یہ بڑی خبر ہے کہ تم سے ان سب نے منہ پھیرا ہے ☐

ب: تم کہو: وہ بڑی خبر ہے تم سب اس سے منہ پھیرنے والے ہو ☐

Presented By: https://jafrilibrary.com

مشق نمبر(۳) آیات قرآنی کو پڑھ کر ان کا ترجمہ مکمل کیجئے:

۱. وَ جَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْأَبْصَارَ وَ الْأَفْئِدَةَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ

اور قرار دیا اُس نے .... لئے .... اور ....اور دل شاید تم سب

................۔

۲. فَكُلُوا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلٰلًا طَيِّبًا وَ اشْكُرُوا نِعْمَتَ اللّٰهِ

پس تم سب ....اس میں سے جو................ہے تم سب کو................نے حلال پاک اور شکر

کرو................کی................کا۔

۳. وَ مَن يَشْكُرُ فَإِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهِ وَ مَن كَفَرَ فَإِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ حَمِيدٌ

اور جو ....کرتا ہے تو وہ ....کرتا ہے صرف .... لئے اور جس نے

................کی تو یقیناً اللہ بے نیاز اور................۔

۴. وَ لَقَدْ آتَيْنَا لُقْمٰنَ الْحِكْمَةَ أَنِ اشْكُرْ لِلّٰهِ وَ مَن يَشْكُرْ فَإِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهِ

اور ....دی ہم نے لقمان کو ....کہ تم ....کرو اللہ ....اور جو

................ہے تو................کرتا ہے صرف................لئے۔

۵. إِنَّ اللّٰهَ لَذُو فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُونَ

یقیناً اللہ................والا ہے................پر................اکثر................شکر................ہیں۔

مشق نمبر(٤) اب سبق کے شروع میں دی گئی قرآنی عبارتوں کے ترجمہ کی باری ھے۔ ھر عبارت کو ایک بار غور سے پڑھئے اور پھر لفظ بلفظ ترجمہ کیجئے۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

تقویتی مشق

درج ذیل قرآنی عبارات اور آیات کا ترجمہ کیجئے:

۱. وَلَكُمْ فِي الْأَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَّمَتَاعٌ إِلَىٰ حِينٍ

....(بقرہ/ ۳۶)

۲. وَلَا تَتَّخِذُوٓا اٰيٰتِ اللّٰهِ هُزُوًا ۚ وَاذْكُرُوا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَمَآ أَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنَ الْكِتٰبِ وَالْحِكْمَةِ

....(بقرہ/ ۲۳۱)

....

۳. أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللّٰهَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ بِالْحَقِّ ۚ إِنْ يَّشَأْ يُذْهِبْكُمْ وَيَأْتِ بِخَلْقٍ جَدِيدٍ

....(ابراھیم/ ۱۹)

....

۴. فَلَمَّا جَآءَهُمُ الْحَقُّ مِنْ عِنْدِنَا قَالُوا لَوْلَآ أُوتِيَ مِثْلَ مَآ أُوتِيَ مُوسٰى ۚ أَوَلَمْ يَكْفُرُوا بِمَآ أُوتِيَ مُوسٰى مِنْ قَبْلُ ۚ

....(قصص/ ۴۸)

....

۵. قُلْ هُوَ نَبَؤٌا عَظِيمٌ ۞ أَنْتُمْ عَنْهُ مُعْرِضُونَ

....(ص/ ۶۷-۶۸)

۶. تَنْزِيلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيزِ الْعَلِيمِ

....(مؤمن/ ۲)

Presented By: https://jafrilibrary.com

قرآن کی زبان

اسم مفعول

مندرجہ ذیل الفاظ کو ان کے معانی کے ساتھ ملاحظہ کیجئے:

مَعْلُوم: جس کو جانا جائے　　مَقْطُوع: جس کو کاٹا جائے

مَقْتُول: جس کو قتل کیا جائے　　مَنصُور: جس کی مدد کی جائے

جیسا کہ آپ نے ملاحظہ کیا کہ مذکورہ الفاظ ایسے شخص یا ایسی چیز پر دلالت کرتے ہیں جن کے اوپر کوئی کام انجام دیا گیا ہے۔ ان جیسے الفاظ کو "اسم مفعول" کہا جاتا ہے۔

جن ماضی کے واحد مذکر غائب کے صیغہ میں صرف تین حروف ہوں ان کا اسم مفعول "مَفْعُول" کے وزن پر آتا ہے۔ گویا اس کے اصلی حروف میں دو حرفوں یعنی "م" اور "و" کا اضافہ کیا جاتا ہے۔ جیسے: نَصَرَ سے مَنصُور

Presented By: https://jafrilibrary.com

یاد دھانی

۱۔ عربی زبان کے بہت سے اسماء کی طرح اسم مفعول کی مؤنث، اسم مفعولِ مذکر کے آخر میں "ة" کے اضافہ سے بنائی جا سکتی ہے۔ جیسے: مَعْدُود + ة = مَعْدُودَة

۲۔ اسم مفعول کی جمع مذکر کو "ونَ۔ ینَ" کے ذریعہ اور جمع مؤنث کو "ات" کے ذریعہ بنایا جا سکتا ہے۔ جیسے:

مَنْصور + ونَ = مَنصورُونَ

مَنْصور + ینَ = مَنصورِینَ

مَعْدُودَة ← مَعْدُودَات

مَمْنُوعَة ← مَمْنُوعَات

Presented By: https://jafrilibrary.com

مشق(۱) : ذیل کے نقشہ کو مکمل کریں:

فعل ماضی، واحد مذکر غائب	اسم مفعول. واحد مذکر	اسم مفعول، جمع مذکر
عَرَفَ: اس نے پہچانا	مَعْرُوف: پہچانا ہوا	مَعْرُوفُوْنَ۔مَعْرُوفِينَ: پہچانے ہوئے
نَصَرَ: اس نے مدد کی		
شَهِدَ: اس نے گواہی دی		
يَسَرَ: وہ آسان ہوا		
حَفِظَ: اس نے یاد کیا		
مَنَعَ: اس نے منع کیا		
سَكَبَ: اس نے بکھیرا		
قَطَعَ: اس نے کاٹا		
رَفَعَ: اس نے اونچا کیا		
خَتَمَ: اس نے مہر لگائی، اُس نے ختم کیا		

فعل ماضی، واحد مذکر غائب	اسم مفعول. واحد مؤنث	اسم مفعول، جمع مؤنث
عَرَفَ: اس نے پہچانا	مَعْرُوفَة: پہچانی ہوئی	مَعْرُوفات: پہچانی ہوئیں
نَصَرَ: اس نے مدد کی		
شَهِدَ: اس نے گواہی دی		
يَسَرَ: وہ آسان ہوا		
حَفِظَ: اس نے یاد کیا		
مَنَعَ: اس نے منع کیا		
سَكَبَ: اس نے بکھیرا		
قَطَعَ: اس نے کاٹا		
رَفَعَ: اس نے اونچا کیا		
خَتَمَ: اس نے مہر لگائی، اس نے ختم کیا		

Presented By: https://jafrilibrary.com

شکر اور شاکرین

شکر کی دعوت

شکر کرنے کی اچھی صفت کا عقل بھی حکم کرتی ہے اور عقلاء بھی اسے قبول رکھتے ہیں۔ شکر و سپاس کا بلند ترین درجہ یہ ہے کہ ہم اس اللہ کا شکر ادا کریں جس نے لامحدود نعمتوں سے ہمیں نوازا ہے۔ اللہ نے بعض آیات میں خود چاہا ہے کہ انسان اس کا شکر ادا کرے: "فَاذْكُرُونِي أَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوا لِي وَلَا تَكْفُرُونِ" سورہ نحل کی ۱۱۴ویں آیت میں پہلے حلال و پاکیزہ رزق کی نعمتیں یاد دلائی گئی ہیں پھر انسان سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ شکر گزار بنے: "فَكُلُوا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللَّهُ حَلَالًا طَيِّبًا وَاشْكُرُوا نِعْمَتَ اللَّهِ إِنْ كُنْتُمْ إِيَّاهُ تَعْبُدُونَ" سورہ عنکبوت کی ۱۷ویں آیت میں آیا ہے کہ اللہ سے رزق مانگو اور اللہ کے شکر گزار بن کے رہو: "فَابْتَغُوا عِنْدَ اللَّهِ الرِّزْقَ وَاعْبُدُوهُ وَاشْكُرُوا لَهُ إِلَيْهِ تُرْجَعُونَ"

سورہ لقمان کی بارہویں آیت میں ہم یوں پڑھتے ہیں: "وَلَقَدْ آتَيْنَا لُقْمَانَ الْحِكْمَةَ أَنِ اشْكُرْ لِلَّهِ..."، ہم نے لقمانؑ کو حکمت دی تاکہ وہ اللہ کا شکر ادا کرے۔ حضرت داوٗدؑ کے خاندان کو بھی شکر کی سفارش کی گئی ہے "اِعْمَلُوا آلَ دَاوُودَ شُكْرًا..."

شاکرین کا اجر

شکر کرنے والے بندوں کا اجر یہ ہے کہ اللہ ان کی نعمتوں میں اضافہ کرتا ہے۔ اللہ کے شکر گزار بندے اگر اللہ سے دنیوی اجر چاہیں تو وہی انھیں ملتا ہے اور اگر اخروی اجر طلب کریں تو وہی انھیں عطا کیا جاتا ہے: "وَمَنْ يُرِدْ ثَوَابَ الدُّنْيَا نُؤْتِهِ مِنْهَا وَمَنْ يُرِدْ ثَوَابَ الْآخِرَةِ نُؤْتِهِ مِنْهَا وَسَنَجْزِي الشَّاكِرِينَ" مفسرِ قرآن علامہ طباطبائیؒ لکھتے ہیں کہ اس آیت میں شاکرین سے مراد وہ ہیں جو نہ دنیوی اجر کی تلاش میں ہیں اور نہ اخروی ثواب کی جستجو میں بلکہ وہ صرف اللہ کی رضا چاہتے ہیں اور ان کو خاص جزا ملے گی۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

شکر کا فائدہ براہ راست شکر کرنے والے کو پہنچتا ہے: "قَالَ هٰذَا مِنْ فَضْلِ رَبِّيْ لِيَبْلُوَنِيْٓ ءَاَشْكُرُ اَمْ اَكْفُرُ ۭ وَمَنْ شَكَرَ فَاِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ ..." اور "وَلَقَدْ اٰتَيْنَا لُقْمٰنَ ... وَمَنْ يَّشْكُرْ فَاِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ"

شکر گزار بندوں کی تعداد کم ھے

بعض آیات میں شکر کا حکم دینے کے بعد ایک حقیقت سے پردہ اٹھایا ہے کہ ہر سمجھدار انسان کے لئے سوچنے کا مقام ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ انسانوں میں سے بہت کم لوگ حقیقی شکر گزار ہیں: "اِعْمَلُوْٓا اٰلَ دَاوٗدَ شُكْرًا ۭ وَقَلِيْلٌ مِّنْ عِبَادِيَ الشَّكُوْرُ"

سورہ مؤمن کی ۶۱ ویں آیت میں (آرام کے لئے) رات اور (رزق و روزگار کے لئے) دن کی نعمت کے ذکر کے بعد فرمایا ہے کہ اللہ اپنے بندوں کے اوپر نعمتوں کی بارش کرتا رہتا ہے لیکن اکثر لوگ شکر گزار نہیں ہیں: " اَللّٰهُ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ لِتَسْكُنُوْا فِيْهِ وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَي النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُوْنَ"

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

اختیاری مشق

قرآنی آیتیں اور عبارتیں	نئے الفاظ
۱. وَلَقَدۡ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ بِبَدۡرٍ﴿۱﴾ وَّ﴿۲﴾ اَنۡتُمۡ اَذِلَّةٌ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمۡ تَشۡكُرُوۡنَ ....(آل عمران/ ۱۲۳)	نَصَرَ: اس نے مدد کی بَدۡر: جگہ کا نام أَذِلَّة: کمزور، ذلیل (جمع)
۲. وَ لَقَدۡ اَرۡسَلۡنَا مُوۡسٰى بِاٰيٰتِنَاۤ اَنۡ اَخۡرِجۡ قَوۡمَكَ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوۡرِ ۙ وَذَكِّرۡهُمۡ بِاَيّٰٮِٕمِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوۡرٍ ....(ابراھیم/ ۵)	صَبَّار: بڑا صبر کرنے والا
۳. وَقَالَ رَبِّ اَوۡزِعۡنِىۡۤ اَنۡ اَشۡكُرَ نِعۡمَتَكَ الَّتِىۡۤ اَنۡعَمۡتَ عَلَىَّ وَعَلٰى وَالِدَىَّ ....(نمل/ ۱۹)	أَوۡزِعۡ: تو توفیق دے
۴. وَجَعَلۡنَا فِيۡهَا جَنّٰتٍ مِّنۡ نَّخِيۡلٍ وَّاَعۡنَابٍ وَّ فَجَّرۡنَا فِيۡهَا مِنَ الۡعُيُوۡنِ لِيَاۡكُلُوۡا مِنۡ ثَمَرِهٖ ۙ وَمَا عَمِلَتۡهُ اَيۡدِيۡهِمۡ ؕ اَفَلَا يَشۡكُرُوۡنَ ....(یس/ ۳۵)	فَجَّرۡنَا: ہم نے پھوڑا، ہم نے جاری کیا لِيَاۡكُلُوۡا: تاکہ وہ سب کھائیں ثَمَر: پھل

﴿۱﴾ "بہ" کا "میں" ترجمہ کریں۔

﴿۲﴾ "واؤ" حالیہ ہے۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

نئے الفاظ	قرآنی آیتیں اور عبارتیں
حَاصِب: سنگبار ہوا، سخت آندھی سَحَر: صبح شَکَرَ: اس نے شکر کیا	۵. اِنَّآ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ حَاصِبًا اِلَّآ اٰلَ لُوْطٍ نَجَّيْنٰهُمْ بِسَحَرٍ ﴿۱﴾ نِّعْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا كَذٰلِكَ نَجْزِىْ مَنْ شَكَرَ .... (قمر/ ۳۴۔۳۵)
مَشْكُور: قابل قدر، جس کا شکر کیا جائے سَعْی: سعی و کوشش	۶. اِنَّ هٰذَا كَانَ لَكُمْ جَزَآءً وَّكَانَ سَعْيُكُمْ مَّشْكُوْرًا .... (انسان/ ۲۲)

﴿۱﴾ "بـ" کا "میں" ترجمہ کریں۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

سینتالیسواں سبق

صبر اور صابرین

محترم متعلّمین قرآن!

نیچے لکھی ہوئی قرآن کی آیتوں کو ایک بار غور سے پڑھیے۔

۱. وَلَنَبۡلُوَنَّكُمۡ بِشَیۡءٍ مِّنَ الۡخَوۡفِ وَالۡجُوۡعِ وَنَقۡصٍ مِّنَ الۡاَمۡوَالِ وَالۡاَنۡفُسِ وَالثَّمَرٰتِ ؕ وَبَشِّرِ الصّٰبِرِیۡنَ

(بقرہ/۱۵۵) ....

....

۲. وَاِنۡ تَصۡبِرُوۡا وَتَتَّقُوۡا لَا یَضُرُّكُمۡ كَیۡدُهُمۡ شَیۡـًٔا ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِمَا یَعۡمَلُوۡنَ مُحِیۡطٌ

(آل عمران/۱۲۰)...

....

۳. اِنۡ تَصۡبِرُوۡا وَ تَتَّقُوۡا فَاِنَّ ذٰلِكَ مِنۡ عَزۡمِ الۡاُمُوۡرِ

(آل عمران/۱۸۶)...

۴. قَالَ مُوۡسٰی لِقَوۡمِهِ اسۡتَعِیۡنُوۡا بِاللّٰهِ وَ اصۡبِرُوۡا ۚ اِنَّ الۡاَرۡضَ لِلّٰهِ ۙ۟ یُوۡرِثُهَا مَنۡ یَّشَآءُ مِنۡ عِبَادِهٖ ؕ وَالۡعَاقِبَةُ لِلۡمُتَّقِیۡنَ

(اعراف/۱۲۸)...

....

۵. وَاَطِیۡعُوا اللّٰهَ وَرَسُوۡلَهٗ ... وَاصۡبِرُوۡا ؕ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِیۡنَ

(انفال/۴۶)...

Presented By: https://jafrilibrary.com

۶. اِلَّا الَّذِیۡنَ صَبَرُوۡا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ؕ اُولٰٓئِکَ لَهُمۡ مَّغۡفِرَةٌ وَّ اَجۡرٌ کَبِیۡرٌ

....(ہود/۱۱)

۷. اِنَّ الۡمُسۡلِمِیۡنَ وَ الۡمُسۡلِمٰتِ وَ الۡمُؤۡمِنِیۡنَ وَ الۡمُؤۡمِنٰتِ وَ الۡقٰنِتِیۡنَ وَ الۡقٰنِتٰتِ وَ الصّٰدِقِیۡنَ وَ الصّٰدِقٰتِ وَ الصّٰبِرِیۡنَ وَ الصّٰبِرٰتِ . . . اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمۡ مَّغۡفِرَةً وَّ اَجۡرًا عَظِیۡمًا

....(احزاب/۳۵)

....

....

۸. وَ لَنَبۡلُوَنَّکُمۡ﴿۱﴾ حَتّٰی نَعۡلَمَ الۡمُجٰهِدِیۡنَ مِنۡکُمۡ وَ الصّٰبِرِیۡنَ ۙ وَ نَبۡلُوَا۠ اَخۡبَارَکُمۡ

....(محمد/۳۱)

۹. فَاصۡبِرۡ عَلٰی مَا یَقُوۡلُوۡنَ وَ سَبِّحۡ بِحَمۡدِ رَبِّکَ قَبۡلَ طُلُوۡعِ الشَّمۡسِ وَ قَبۡلَ الۡغُرُوۡبِ

....(ق/۳۹)

۱۰. فَاصۡبِرۡ صَبۡرًا جَمِیۡلًا ۞ اِنَّهُمۡ یَرَوۡنَهٗ بَعِیۡدًا ۞ وَّ نَرٰىهُ قَرِیۡبًا

....(معارج/۵-۷)

﴿۱﴾ لَنَبۡلُوَنَّ: لَ + نَبۡلُوَ + نَّ

Presented By: https://jafrilibrary.com

مانوس الفاظ اور نئے الفاظ

مانوس الفاظ	معنی	مانوس الفاظ	معنی
أَخْبَار	خبریں (خبر کی جمع)	صَادِقَات	سچی عورتیں (صادقة کی جمع)
اِصْبِرُوا [اِصْبِرْ ۳۲/۸]	تم سب صبر کرو	بَاب	دروازہ
اُمُور	امور، کام (امر کی جمع)	مُجَاهِدِينَ۔مُجَاهِدُونَ	جہاد کرنے والے، مجاہدین
تَأْكُلُونَ [يَأْكُلُونَ ۴۴/۱۱]	تم سب کھاتے ہو	نَبْلُو [يَبْلُو ۴۶/۱۲]	ہم آزمائیں، ہم آزماتے ہیں
جُزْء	حصہ، جز	نَقْص	کمی، نقص
صَابِرَات	صبر کرنے والیاں (صابرة کی جمع)	عَزْم ﴿۱﴾	ارادے کی پختگی، قصد

نئے الفاظ	معنی	نئے الفاظ	معنی
آذَان	کان (أُذُن کی جمع)	أَبْنَاء	بیٹے، اولاد (جمع)
فَاكِهَة	پھل	أَبْوَاب	دروازے (باب کی جمع)
قَانِتِينَ۔قَانِتُونَ	فرمانبردار، تابع (قانت کی جمع)	بَأْس	عذاب، طاقت، جنگ، سختی
مُحِيط	احاطہ کرنے والا، گھیرنے والا	مَقْسُوم	تقسیم شدہ، بانٹا ہوا
تَصْبِرُوا	تم سب صبر کرو	يَبْسُطُ	وہ وسیع کرتا ہے، وہ پھیلاتا ہے، وہ بڑھاتا ہے
ثَمَرَات	پھل، میوے (ثَمَرَة کی جمع)	يَعْرِفُونَ	وہ سب پہچانتے ہیں
جُوع	بھوک	يَقْدِرُ	وہ تنگی (محدود) کرتا ہے، وہ قدرت رکھتا ہے، وہ قادر ہوگا
ذَاقُوا	ان سب نے چکھا		
قَانِتَات	فرمانبردار عورتیں (قانتة کی جمع)		

﴿۱﴾ ''عزم'' لغت میں ''پکے ارادے'' کو کہتے ہیں اور کبھی ہر مضبوط چیز کو کہتے ہیں۔ لہٰذا ''عزم الامور'' یعنی: ہر وہ جس کے بارے میں انسان کو پکا ارادہ کرنا چاہیے۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

مشق و سوالات

مشق نمبر(۱) صحیح جواب پر نشان لگائیے:

الف: کونسا جزء صحیح ہے؟

۱. أَبْنَاء - أَبْوَاب - آذَان:

الف: بیٹے	دروازے	کان (أُذن کی جمع)	☐
ب: بنیادیں	دروازے	اذانیں	☐

۲. تَصْبِرُوا - ذَاقُوا - يُبْصِرُونَ:

الف: تم سب نے صبر کیا	ذائقہ دار	تم سب بصیرت والے ہو	☐
ب: تم سب صبر کرو	ان سب نے چکھا	وہ سب دیکھتے ہیں	☐

۳. ثَمَرَات - فَاكِهَة - جُوع:

الف: سبزیاں	پھل	عجلت	☐
ب: پھل، میوے (ثَمَرَة کی جمع)	پھل	بھوک	☐

۴. اَعْلَمُ - يَبْسُطُ - يَقْدِرُ:

الف: میں جانتا ہوں	وہ وسیع کرتا ہے	وہ تنگی (محدود) کرتا ہے	☐
ب: زیادہ جاننے والا	وہ تنگی (محدود) کرتا ہے	وہ وسیع کرتا ہے	☐

۵. بَأْس - قَانِتُونَ - عَزْم:

الف: بدبو	قنوت پڑھنے والے	عظمت	☐
ب: عذاب	فرمانبردار، تابع (جمع)	ارادے کی پختگی، قصد	☐

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

ب: کونسا جزء صحیح ہے؟

